قَدَمِی هٰذِهٖ عَلٰی رَقَبَةِ کُلِّ وَلِیِّ اللّٰهِ

تفریح الخاطر

فی مناقب

شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

یعنی مناقب غوثیہ

مترجم معہ اصلی عربی متن

مصنفہ

الشیخ عبد القادر القادری ابن محی الدین الاربلی بغدادی

رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب ترجمہ:- علامہ ابو المنصور محمد صادق صاحب قادری رضوی

الناشر:- سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائل پور

DATA ENTERED
۲۹۷۶۹۹۱۴

مختصر حالات حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالٰے عنہ

از قلم

پروفیسر عبد الرشید صاحب - ایم۔ اے۔

آپکی کنیت ابو محمد - اسم گرامی عبد القادر تھا۔ آپ حسبًا نسبًا حسَنی حُسینی ہیں۔ آپ کا سلسلہ نسب اپنے والد محترم کی طرف سے گیارھویں پشت میں امام حسن رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ اور والدہ بزرگوار کی طرف سے بارھویں پشت میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے۔

نسب نامہ پدری آپ کے والد بزرگوار کا اسم گرامی ابی صالح الملقب جنگی دوست بن ابی عبد اللہ الملقب یحیٰی زاہد بن محمد بن داؤد بن موسیٰ بن عبد اللہ بن موسیٰ الجون بن عبد اللہ بن حسن المثنیٰ بن حضرت امام حسن رضی اللہ تعالٰے عنہ

نسب نامہ مادری آپکی والدہ محترمہ کا اسم شریف فاطمہ کنیت ام الخیر۔ یہ حضرت سید عبد اللہ الصومعی زاہد کی صاحبزادی تھیں

عبد اللہ الصومعی بن ابی جمال بن محمد بن محمود بن طاہر بن ابی العطا عبد اللہ بن ابی الکمال بن عیسیٰ بن ابی علاؤ الدین بن محمد بن سید امام رضا بن سید موسیٰ کاظم بن سیدنا امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن امام زین العابدین بن سید الشہدا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالٰے عنہم ہے - آپکی پیدائش ملک ایران کے شہر گیلان میں ۴۷۱ھ ہجری مطابق ۱۰۷۸ء عیسوی میں ہوئی - آپ کا یوم ولادت بعض روایات کے مطابق یکم رمضان اور بعض روایات میں

Marfat.com

اکتیس رمضان المبارک ہے۔ آپ کی والدہ ماجدہ فرماتی ہیں۔ کہ میرا بیٹا عبدالقادر رمضان میں پیدا ہوا۔ لیکن رمضان میں دن کے وقت اس نے کبھی دودھ نہیں پیا۔ بلکہ شام کو روزہ افطار کے وقت دودھ پیا کرتا تھا۔ اور اس واقعہ کی تمام شہر میں شہرت ہوگئی۔ کہ سادات میں ایک ایسا بچہ پیدا ہوا ہے۔ جو احترام رمضان کے باعث دن کو ماں کا دودھ نہیں پیتا۔

آپ کی والدہ ماجدہ فرماتی ہیں۔ دوسرے سال انتیسویں شعبان کو جب ماہ رمضان المبارک کا چاند نظر نہ آیا۔ اور صبح کو پہلے روزے کی بابت لوگوں کو شک ہوا۔ شہر کے چند معزز حضرات نے میرے گھر کے دروازے پر تشریف لا کر دریافت کیا۔ کیا آپ کو رویت ہلال کا علم ہے۔ کیا آپکے برخوردار نے آج دن کو دودھ پیا ہے۔ میں نے جواب دیا کہ مجھے چاند کے متعلق تو کوئی علم نہیں۔ البتہ میرے بیٹے عبدالقادر نے آج دودھ نہیں پیا۔ مجھ سے دریافت کرنے کے بعد لوگوں نے اس دن کا روزہ رکھا۔ اور بعد ازاں اس کی تصدیق بھی ہوگئی۔ کہ واقعی رمضان المبارک کی اس دن پہلی تاریخ تھی

عہد طفولیت و شوق علم

ہمیں آپکے عہد طفولیت کی بعض روایات آپ ہی کی زبان مبارک سے ملتی ہیں۔ فرماتے ہیں۔ کہ جب میں پانچ برس کا ہوا۔ تو جب کبھی میں اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ کھیلنے کا ارادہ کرتا۔ تو غیب سے یہ ندا میرے کانوں میں آتی۔ اِلَیَّ یَا مُبَارَکُ اے برکت والے ادھر آ فرماتے ہیں۔ کہ میں یہ ندائے غیب سن کر فوراً اپنی والدہ صاحبہ کے پاس آکر چھپ جاتا۔ آپ اپنی ذہانت طبعی اور شوق علمی کے باعث سب سے پہلے قرآن پاک حفظ کیا۔ ابھی آپ دس بارہ سال ہی کے تھے۔ کہ والد محترم کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ گھر کے کاروبار کی ذمہ داری بھی آپکے کندھوں پر آن پڑی۔ لیکن آپ نے اسی عمر میں گھریلو ذمہ داریوں کے باوجود قرآن مجید حفظ کرنے کے بعد۔ اپنے وطن ہی میں چند درسی کتابیں پڑھ لیں۔

ایک دن جب آپ اپنی گائے کو کہیں لے جا رہے تھے۔ تو آپ کو یہ القاء ہوا۔ مَا لِهٰذَا خُلِقْتَ وَلَا بِهٰذَا اُمِرْتَ یعنی نہ آپ ان کاموں کیلئے پیدا کئے گئے ہیں۔ اور نہ ہی ان کاموں کا آپ کو حکم دیا گیا ہے۔ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں اس القائے الٰہی پر غور و فکر کرتا ہوا اپنے مکان کی چھت پر چڑھا۔ تو مجھے حاجی مقام عرفات میں نظر آئے۔ اور میں نے تھوڑی ہی دیر میں ایک قافلہ بغداد جاتے دیکھا۔ اس القائے الٰہی اور منظر مسافرت نے میرے دل پر خاص اثر کیا۔ میں نیچے اُتر کر اپنی والدہ صاحبہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے میرے غمگین اور متفکر ہونے کی وجہ دریافت کی۔ میں نے حصول علم کی خاطر سفر بغداد کی اجازت طلب کی۔ فرماتے ہیں۔ اگرچہ میری

Marfat.com

والدہ ماجدہ بہت نحیف و ضعیف تھیں اور بظاہر اُن کا سوائے میرے کوئی پُرسان حال نہیں تھا۔ لیکن اپنی خدا ترسی اور میری تکمیل علوم دینی کی خاطر انہوں نے مجھے اجازت دے دی۔ اور ساتھ ہی میرے والد صاحب کے ترکہ سے چالیس دینار میری صدری میں سی کر میرے حوالے کر دیئے۔ بقایا چالیس دینار میرے بھائی عبداللہ کا حصہ تھا۔ فرط محبت اور چشم پُرنم سے مجھے خالق حقیقی کے سپرد کر دیا اور فرمایا شاید بیٹا اب قیامت تک ہماری ملاقات نہ ہو۔ لہٰذا میری نصیحت ہے۔ بیٹا۔ زندگی بھر کسی حالت میں جھوٹ نہیں بولنا۔

دوران سفر ساتھ رہزنوں کا آپکے سچ بولنے کی بدولت تائب ہونا اور قافلہ والوں کا لوٹا ہوا سامان واپس ملنا حضرت غوث الاعظم کی مشہور کرامت ہے۔ آپ ۴۸۸ھ ہجری بمطابق ۱۰۹۳ء عیسوی بغداد پہنچے۔ ان دنوں بغداد میں ایک بہت بڑی دینی درسگاہ تھی۔ جس میں بڑے بڑے علماء و فضلائے دہر جمع تھے اور دنیا بھر میں اسی درسگاہ کی فضیلت و علمیت کا چرچا تھا۔

تکمیل علوم دینی کے بعد آپکے مشفق استاد ابوسعید مبارک بن علی المخرمی نے آپ کو اپنے ہی مدرسہ میں بحثیت استاد کے رکھ لیا۔ آپ بوقت صبح اپنے تلامذہ کو تفسیر و حدیث۔ اخلاقیات۔ ادب۔ اصول۔ صرف اور نحو کا درس دیتے تھے۔ اور بعد نماز ظہر قرآن مجید کا ترجمہ۔ توحید اور قرآن و حدیث سے مسائل استنباط کرنا سکھلاتے اور فتاوی کا بھی جواب لکھتے۔ ۵۲۰ھ ہجری میں یہ مدرسہ عظیم الشان عمارت میں تبدیل ہو کر مدرسہ قادریہ کے نام سے مشہور ہو گیا۔ اس زمانہ میں تمام علماء و فضلا آپکی قابلیت و ذہانت اور جودت طبع کے معترف تھے۔ اور تنتیس سال تک آپ لوگوں کو اپنے علوم و فیوض سے نوازتے رہے۔

سلوک اور مجاہدہ

آپ نے علم طریقت حضرت ابوالخیر حماد بن مسلم دباس سے حاصل کیا۔ اس زمانے میں شیخ حماد بن مسلم علوم و حقائق میں علمائے راسخین میں سے تھے۔ مریدوں کی تعلیم و تربیت میں اُن سے بڑھ کر بغداد میں کوئی شیخ نہ تھا۔ اور بغداد کے مشائخ و صوفیہ انہی کے فیض یافتہ تھے۔ آپ بغداد کے محلہ مظفریہ رہا کرتے تھے۔ اور آپ کا ۵۲۵ھ ہجری میں انتقال ہوا۔

حضرت غوث الاعظم فرماتے ہیں۔ کہ جب میں طلب علم کیلئے اُن کی خدمت سے غائب ہو جاتا۔ تو واپسی پر آپ فرماتے۔ کہ تو ہمارے پاس کیوں آیا ہے۔ تو فقیہ ہے۔ فقہاء کے پاس جا۔ مگر میں خاموش رہتا۔ اور کبھی

Marfat.com

میرے واپس حاضر ہونے پر فرماتے - آج ہمارے پاس بہت سی روٹیاں اور فالودہ آیا تھا - مگر ہم نے سب کھا لیا ہے اور تیرے لئے کچھ نہیں رکھا - اور مجھے بڑی اذیت دیتے - آپکے اصحاب بھی جو اکثر اپنے شیخ کو مجھے اذیت دیتے دیکھا کرتے تھے - مجھ سے تعرض کرنے لگے - اور کہنے لگے - تو فقیہہ ہے - یہاں کیا کریگا - یہاں کیوں آیا ہے میرے شیخ نے جب یہ معاملہ دیکھا - تو فرمایا - اے لوگو - تم اسے کیوں اذیت دیتے ہو - اللہ کی قسم - تم میں اس جیسا ایک بھی نہیں - میں تو اسے آزمائش کے لئے اذیت دیتا ہوں - مگر دیکھتا ہوں - کہ یہ ایک پہاڑ ہے - جو اپنی جگہ سے نہیں ٹلتا -

سلوک میں حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کا طریقہ بہ لحاظ شدت و لزوم بے نظیر تھا - مشائخ زمانہ میں سے کوئی بھی ریاضت میں انکی برابری نہیں کر سکتا تھا - آپ ہمیشہ تفویض و تسلیم - قلب و روح کی موافقت - ظاہر و باطن کا اتحاد - ہر حال میں تعلق مع اللہ - کتاب و سنت کو ملحوظ رکھتے - احکام شریعت کی پابندی کرنے اور اسرار حقیقت کا مشاہدہ کرنے میں مصروف رہتے

حضرت غوث الاعظم فرماتے ہیں - بفضل ایزدی میں اپنے نفس پر غالب تھا - مجھے دنیا کی ہر چیز سے نفرت تھی - نہ اچھا کھانا نہ اچھے لباس کی خواہش تھی - نہ اچھے مکان اور راحت و آرام کی تمنا تھی - صرف یاد الٰہی کی تڑپ دل میں موجزن تھی - اور سارا وقت اسی کی یاد میں گزارتا

حضرت غوث الاعظم نے بغداد سے پہلا حج ۵۰۹ھ ہجری میں کیا - اس وقت بالکل جوان اور تجرد کی حالت میں تھے - انہی کا قول ہے - کہ طواف کی حالت میں مجھ پر انوار خداوندی اور تجلیات الٰہی کا نزول ہوا -

شیخ ابو عبداللہ بن ابو الفتح ہروی فرماتے ہیں - کہ میں نے چالیس سال حضرت شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی کی خدمت کی - اتنے عرصے میں آپ ہمیشہ باوضو رہے - جب کبھی وضو ٹوٹتا - اسی وقت دوبارہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھتے - حتیٰ کہ چالیس سال تک آپ نے عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھی - آپ نماز عشاء ادا کرنے کے بعد رات کے پہلے حصے میں نمازیں پڑھتے - درمیانی حصہ میں ذکر الٰہی کرتے - اور تیسرے حصہ میں کھڑے ہو کر قرآن مجید کی تلاوت کرتے اور فجر کی نماز تک قرآن پاک ختم کر لیتے -

حضرت غوث الاعظم خود فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میرے سامنے نور عظیم ظاہر ہوا - جو سارے آفاق پر

Marfat.com

چھا گیا۔ اور پھر یہ نور آہستہ آہستہ میرے قریب ہوگیا۔ اور اس میں سے مجھے ندا آئی۔ اے عبدالقادر میں تیرا رب ہوں۔ تیری ریاضت و عبادت کے بدلے میں تجھ پر میں تمام محرمات حلال کرتا ہوں۔ میں سمجھ گیا۔ کہ شیطان لعین ہے۔ چنانچہ میں نے لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھا۔ وہ روشنی تاریکی میں بدل گئی اور مجھے ندا آئی اے عبدالقادر۔ تو اپنے علم کی بدولت میرے فریب سے بچ گیا ہے۔ ورنہ میں اسی طرح کئی نامور شخصوں کو گمراہ کر چکا ہوں۔ میں نے جواب دیا میرے علم نے نہیں بلکہ اللہ کریم کے احسان نے تیرے پھندے سے بچا لیا۔ دریافت کیا گیا۔ کہ حضرت آپ نے کیسے پہچان لیا۔ کہ یہ شیطان ہے۔ فرمایا اللہ تعالےٰ حرام اور فحش باتوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور نہ ان کا حکم دیتا ہے۔

حضرت شیخ حماد دباس رضی اللہ عنہ کے علاوہ سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی عراق و عجم کے بڑے بڑے زاہدوں اور عارفوں سے ملے اور علوم و معارف حاصل کرتے رہے۔ یہاں تک کہ سب سے سبقت لے گئے آخر کار اکیانوے سال کی عمر میں وفات پائی۔ آپکے انتقال کی تاریخ میں اختلاف ہے۔ بعض نے ربیع الاول ۵۶۲ ہجری بتلایا ہے۔ اور آپکی تاریخ پیدائش اور وفات کے ثبوت میں یہ اشعار پیش کرتے ہیں۔ ؎

محی الدین کہ انوار جمالش | زعرش و کرسی از ماہ تا بماہے

تولد عاشق و کامل سنینش | وصالش دان ز معشوق الٰہی

لفظ عاشق کے اعداد سے آپکی تاریخ پیدائش ۴۷۱ ہجری نکلتی ہے۔ اور معشوق الٰہی کے اعداد سے آپ کی وفات ۵۶۲ ہجری میں ثابت ہوتی ہے۔

بعض کے نزدیک آپکی پیدائش ۴۷۰ ہجری میں ہوئی۔ آپ نے اکیانوے سال عمر پائی اور ۵۶۱ ہجری میں اس دنیا سے فانی سے تشریف لے گئے۔ اور اس کی توثیق میں بھی ایک عربی کا شعر ہے۔ ؏

انّ باز اللہ سلطان الرّجال

جاء فی عشق و مات فی کمال

لفظ عشق کے اعداد سے آپکی پیدائش ۴۷۰ ہجری میں ہوئی۔ اور لفظ کمال کے اعداد سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے اکیانوے سال کی عمر میں وفات پائی۔ لہٰذا آپ کا ۵۶۱ ہجری میں انتقال ہوا۔ اور یہی سن وفات

Marfat.com

زیادہ صحیح بھی ہے۔ حضرت شاہ ابوالمعانی نے تحفہ قادریہ میں آپکی تاریخ ولادت ۴۷۰ ہجری بیان کرکے یہ اشعار بھی لکھے ہیں۔ سہ

آنکہ ہژدہ ہزار بندہ اوست

غوث اعظم شہ خجستہ نہاد

چون ز باغ حسن چو گل بشگفت　　چار صد بود بعد از ہفتاد

تکملہ فتوح الغیب میں بھی آپکے سن ولادت چار سو ستر ہجری لکھی ہے۔ بھجۃ الاسرار۔ قلائد الجواہر اور نزہۃ الخاطر کے مصنفین نے بھی آپ کے سن وفات کی تحقیق کی ہے اور فرمایا ہے۔ کہ آپ کا سن وفات ۵۶۱ ہجری تھا۔ آپکے سن پیدائش کو شیخ قطب یونیسی اور علامہ شیخ شمس الدین دمشقی محدث نے بھی آپ کا سن وفات ۵۶۱ لکھا ہے۔

حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالٰے عنہ اپنے ریاضت عبادت کے ساتھ ساتھ نہایت قیمتی تصنیفات بھی رکھتے ہیں جو آج خلق خدا کے لئے مشعل راہ کی سی حیثیت رکھتی ہیں۔ آپکی مشہور تصانیف یہ ہیں۔

غنیۃ الطالبین۔ فتوح الغیب۔ فتح الربانی۔ جلاء الخاطر۔ یواقیت الحکم۔ سر الاسرار۔ بشائر الخیرات رد الرافضہ۔ قصیدہ غوثیہ اور کلام پاک کی تفسیر جس کی دو جلدیں ہیں اور اس کا قلمی نسخہ اسپین کی لائبریری میں ہے

الراقم۔ قاضی اقبال حسین خوشنویس بمقام مردیکے تحصیل وزیر آباد

ٹائٹل صفحہ نمبر ۲ اور چند آخری کاپیوں کی کتابت غلام سرور صدیقی اسفندی

Marfat.com

غوثِ اعظم درمیانِ اولیاء
چوں محمد درمیانِ انبیاء

تفریح الخاطر

فی

مناقب سیدنا الشیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ

مصنفہ

الشیخ عبد القادر القادری ابن محی الدین الاربلی رضی اللہ عنہ

المترجم

حضرت مولانا علامہ ابو المنصور محمد صادق قادری رضوی

الناشر

سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور (مغربی پاکستان)

قیمت:- قسم اول ۵۰-۲/ ، قسم دوم ۳ روپے۔

Marfat.com

تفریح الخاطر فی مناقب سیّد عبد القادر رضی اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَفَعَ اَھْلَ الْقُرْبَۃِ مِنْ حَضِیْضِ الْبَشَرِیَّۃِ اِلٰی اَعْلٰی ذُرْوَۃِ الْاِصْطِفَائِیَّۃِ، وَخَصَّھُمْ مِنْ بَیْنِ عِبَادِہٖ بِالْفُیُوْضَاتِ الْمُقَدَّسَۃِ، وَجَعَلَ ذِکْرَھُمْ سَبَبًا لِنُزُوْلِ الرَّحْمَۃِ وَدَافِعًا لِلْبَلِیَّۃِ وَالنِّقْمَۃِ بِالْعِنَایَۃِ الْاَزَلِیَّۃِ، وَاشْتَھَرَتْ مَنَاقِبُھُمْ فِی الْاٰفَاقِ وَخَوَارِقُھُمْ بَیْنَ الطِّبَاقِ کَاشْتِھَارِ الشَّمْسِ بِالضِّیَائِیَّۃِ، وَمَنْ تَمَسَّکَ بِھِمْ اَمِنَ الْاَھْوَاءِ النَّفْسَانِیَّۃِ، فَاِنَّھُمْ قَوْمٌ لَا یَشْقٰی جَلِیْسُھُمْ بِالْاَغْوَاءَاتِ الشَّیْطَانِیَّۃِ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ ھُوَ لِلْوُجُوْدِ عِلَّۃٌ غَائِیَّۃٌ[1] وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الْمُتَاَدِّبِیْنَ بِاٰدَابِہِ الْمَرْضِیَّۃِ،

اَمَّا بَعْدُ

فَیَقُوْلُ الْفَقِیْرُ اِلٰی رَحْمَۃِ رَبِّہِ الْاَزَلِیِّ عَبْدُ الْقَادِرِ بْنُ مُحْیِ الدِّیْنِ الْاَرْبَلِیُّ: لَمَّا رَاَیْتُ مَنَاقِبَ

ہر قسم کی تعریف اللہ تعالےٰ ہی کے لائق ہے جس نے اپنے مقرب بندوں کو بشریت کی پستی سے نکال کر مقبولیت کی اعلیٰ بلندی پر پہنچایا۔ اور اپنے بندوں کو فیوضات قدسیہ سے ممتاز کیا۔ اور ان کے ذکر کو اپنی عنایت ازلی سے نزول رحمت اور آفتوں و مصیبتوں کے دور کرنے کا سبب بنایا۔ ان کے مناقب اور کرامتیں چار دانگ عالم میں سورج کی روشنی کی طرح پھیل گئیں۔ جو ان حضرات کا ہو رہا۔ وہ خواہشات نفسانی سے محفوظ رہا۔ کیونکہ وہ ایسے لوگ ہیں۔ جن کی صحبت میں رہنے والا شیطانی گمراہیوں سے بدبخت نہیں ہوتا۔ اور درود و سلام ہو ہمارے سیدنا و مولینا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ جو کائنات عالم کا باعث ہیں۔ اور آپ کی آل اور اصحاب پر جو آپ کے پسندیدہ اداب سے اراستہ تھے۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد اپنے معبود ازلی کی رحمت کا طلبگار بندہ عبد القادر بن محی الدین الاربلی عرض کرتا ہے کہ جب میں نے

[1] ہمارے حضور صلے اللہ علیہ وسلم دونوں جہانوں کے وجود کیلئے علت غائیہ ہیں۔ یعنی اگر آپ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا جیسے احادیث قدسیہ میں وارد ہے لولاک لما خلقت الارض ولا الافلاک لا الجنۃ ولا النار او کما قال۔ یعنی اے محبوب اگر تم نہ ہوتے تو میں زمین و آسمان جنت دوزخ نہ بناتا بلکہ ارشاد فرمایا لولاک لما اظہرت الربوبیہ، اگر پیارے تو نہ ہوتا تو میں اپنا رب ہونا ظاہر نہ کرتا جب اللہ تعالےٰ نے سب اشیاء حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے پیدا فرمائیں تو پھر آپ زمین و آسمان کے مالک ہوئے۔ مالک اپنی ملکیت میں تصرف کر سکتا ہے اور مالک کو اپنی شے کی خبر ہوتی ہے۔ فتامل۔

Marfat.com

الأولياء مجلية للقلوب، ومضيئة للعيون وظلمة الكروب، ومزيلة للأحزان، ودافعة للبلية في البلدان، سيما مناقب تاج الأولياء وبرهان الأصفياء، قطب الوجود، ومنبع الفيض والجود، سلطان السلاطين، وإمام الواصلين،

القائل بأمر الله، قدمي[1] هذه على رقبة كل ولي وولية الله، الغوث الصمداني، والفرد الرحماني، من هو على قدم جده المصطفى صلى الله تعالى عليه وسلم

"السيد الشيخ عبد القادر الحسني الحسيني الگيلاني" قدس الله سره النوراني، ورأيت رسالة مشتملة على مناقبه بالفارسية للشيخ محمد صادق القادري الشهابي السعدي، عليه رحمة المميت المعيد المبدي، جمعها بأمر شيخه ومرشده وقدوته إلى الله، المظهر لآثار الغوث الأعظم والفرد الأفخم، السيد عبد القادر غريب الله ابن السيد عبد الجليل الحسني الحسيني في بلدة أحمد آباد رضي الله عنه وعنهم إلى يوم التناد آمين ؛

أردت أن أترجمها باللغة العربية، مع قلة بضاعتي،

اولیاء اللہ کے مناقب کو دیکھا کہ یہ دلی زنگوں کو صاف کرنیوالے اور آنکھوں کو روشن کرنیوالے اور غموں کے اندھیروں کو دور کرنیوالے اور حزن کو زائل کرنیوالے شہروں کی آفات و بلیات کو دفع کرنیوالے ہیں خصوصًا مناقب تاج الاولیا برگزیدوں کے پیشوا وجود کے قطب فیض وجود کے سرچشمہ بادشاہوں کے بادشاہ واصلین باللہ کے امام اللہ کے حکم سے یہ ارشاد فرمانے والے قدمی الخ یعنی میرا یہ قدم ہر ولی مرد اور ولی عورت کی گردن پر ہے۔ غوث صمدانی فرد رحمانی اپنے نانا حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ کے قدم بقدم چلنے والے

حضرت شیخ سید عبدالقادر حسنی حسینی گیلانی قدس اللہ النورانی نیز میں نے غوث پاک کے مناقب کا فارسی زبان میں ایک رسالہ دیکھا جو حضرت شیخ محمد صادق قادری شہابی سعدی (علیہ رحمۃ الممات المعید المبدی) کی تصنیف ہے انہوں نے اپنے شیخ و مرشد کے حکم سے تصنیف کیا جو اللہ کے برگزیدہ غوث اعظم فرد افخم کے آثار کے مظہر ہیں (جنکا اسم گرامی) حضرت سید عبد القادر غریب اللہ (ہے اور) سید عبدالجلیل کے بیٹے (ہیں اور نسبًا) حسنی حسینی ہیں جو اس وقت احمد آباد میں مقیم ہیں رضی اللہ عنہ وعنہم الی یوم التناد آمین ؛ تو میں نے فارسی سے عربی میں ترجمہ کرنیکا قصد کرلیا باوجودیکہ

[1] المملک المعید المبدی جل اللہ تعالٰی کے نام میں ملک بمعنی ملک المعید لوٹانے والا المبدی پیدا کرنیوالا یعنی اللہ تعالیٰ پیدا کرنیوالا اور اپنی طرف لوٹانے والا ہے وہ اس پر رحمت کرے۔

Marfat.com

وتمام استطاعتي، شرعت في ترجمتها لعل الله ان يجعلني بها من جملة المقبولين لدى سدته السنية، وسميتها:

تفريح الخاطر في مناقب الشيخ عبد القادر

وارجو من الناظرين والقارئين ان يستروا زللها وخطئها بذيل العفو والكرم، لان افراس اقلام فرسان المؤلفين في ميادين تاليفاتهم عن زلة الاقدام،

اقول وبالله التوفيق وهو حسبي ونعم الرفيق بانه يلزم معرفة مهمات تكون كالمقدمة للكتاب تقوية لمحبتهم وتزيدا لمودتهم بلا [illegible] اعلم يا اخي ان كل كلمة سمعتها من ثناء على الله وحمده عز وجل، وعلمت انه ليس فيها نقص للالوهية يجب عليك تصديقها وان لم يكن قائلها معلوما، وكذا في حق الانبياء اذا لم يكن فيها نقص لمرتبة النبوة، وكذا في حق الاولياء اذا لم يكن فيها شيء من خصائص الالوهية والنبوة، فيلزم قبولها، ولا تتأت بالانكار لان

مجھ میں اتنی طاقت نہ تھی (کہ میں اسکے ترجمہ کا حق ادا کر سکوں) — (لیکن پھر بھی) میں نے ترجمہ کو اس لیے شروع کر دیا کہ شاید اللہ تعالیٰ اسکے صدقہ سے اپنی درگاہ عالیہ میں مجھے اپنے مقبولوں سے شمار کرے اور اسکا نام تفریح الخاطر فی مناقب الشیخ عبد القادر رکھا[۱]۔

اور پڑھنے والوں سے امید رکھتا ہوں کہ میری لغزشوں اور خطاؤں کو دامن عفو و کرم سے ڈھانپیں گے کیونکہ شہسوار مصنفوں کی قلموں کے گھوڑے بھی تصنیف کے میدان میں قدم کے پھسلنے سے خالی کم ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں (اور اللہ سے توفیق ہے اور وہ کافی ہے اور کیا ہی اچھا رفیق ہے) کہ یہاں چند امور اہم کا جاننا ضروری ہے جو اس رسالہ کیلئے بمنزلہ مقدمہ کے ہیں۔ اور جن سے بلاشبہ ناظرین کی محبت و شوق زیادہ ہوگا۔ جان تو اے برادر جب تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کا ایسا کلمہ سنے جسمیں شان الوہیت میں نقص لازم نہیں آتا۔ تو تجھ پر اسکی تصدیق واجب ہے اگرچہ قائل نامعلوم ہے اور اسیطرح انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان میں ایسا کلمہ جس سے مرتبہ نبوت میں نقص لازم نہیں آتا۔ اور اسیطرح اولیاء کرام کی شان میں ایسا کلمہ جو نبوت والوہیت کے خصائص میں سے نہ ہو تو اسکا قبول کرنا بھی لازم ہے

[۱] یعنی جب بڑوں بڑوں سے سہو ہو جاتا ہے تو میں کون مصیبت ہوں اس لئے خطاء سہو کو درگذر کرنا [illegible] میں کا ترجمہ (انسان نا خطا کا پتلہ سے تعبیر کرتے ہیں۔

إنكار كرامات الأولياء مؤدٍّ إلى إنكار معجزات
الأنبياء فإن كل ولي على قدم نبي. فمن آمن
بمعجزات الأنبياء عليهم الصلوة والسلام
فقد آمن بكرامات الأولياء رضي الله عنهم
والإنكار موجب للمقت والخذلان لأنه جاء
في الحديث القدسي من آذى لي وليًّا فقد
(١) بالحرب. نعوذ بالله من شر النفس والشيطان
وكذا إذا سمعت كلمات من أهل التصوف
والكمال ظاهرها ليس موافقًا للشريعة
الهادي من الضلال توقّف فيها. واسأل
من الله العليم أن يعلّمك ما لم تعلم. ولا
تمل إلى الإنكار الموجب للنكال. لأن
بعض كلماتهم رموز لا تفهم. وهي
في الحقيقة مطابقة لبطن من بطون القرآن
الكريم وحديث النبي الرحيم. فهذا الطريق
هو الأسلم القويم والصراط المستقيم. واعلم
أن أرواح الإنسانية بحسب ظهورها في
النشآت المختلفة على أنواع ثلثة الأولى أرواح
مجردة، وهي قبل تعلقها بالأجساد الإنسانية
والثانية، أرواح متصرفة وهي متعلقة بها
ومتصرفة فيها بسبب الكمالات الدنيوية
والأخروية، وتعلقها بالأجساد كتعلق
العاشق والمعشوق، وال[illegible]

اور اسکے انکار پر کمر نہ باندھ اسلئے کہ اولیاء کرام کی کرامات
کا انکار انبیاء کے معجزات کا انکار ہے کیونکہ ہر ولی کسی
نہ کسی نبی کے قدم پر ضرور ہوتا ہے۔ تو جو انبیاء علیہم الصلوٰۃ
والسلام کے معجزات پہ ایمان رکھتا ہے اسنے اولیاء کرام
کی کرامات کو بھی تسلیم کر لیا ہے۔ اور یہ انکار خدا کے غضب
اور رسوائی کا موجب ہے۔ کیونکہ حدیث قدسی میں ہے
جسنے میرے ولی کو ایذا دی میں اس کے لئے اعلان جنگ
کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نفس و شیطان کی شر سے محفوظ
رکھے۔ نیز اسی طرح اگر تو بزرگوں کے ایسے کلمات سنے
جنکا ظاہر شریعت ہادی من الضلال (شریعت مصطفوی)
کے خلاف ہو تو اسمیں توقف کر۔ اور اللہ علیم سے دعا
کر کہ وہ تجھے یہ کلمات سمجھا دے اور انکی طرف مائل
نہ ہونا جو موجب تخریب سزا ہے اسلئے کہ بعض کلمات
میں خاص رموز ہوتی ہیں جنکو لوگ سمجھنے سے قاصر ہیں
اور حقیقت میں وہ کلمات قرآن کریم اور حدیث نبی کریم کے
بطون میں سے کسی باطن کے مطابق ہیں۔ پس یہی راستہ
سلامتی والا پختہ اور صراط مستقیم ہے۔ اور یہ بھی جاننا چاہئے
کہ ارواح انسانی مختلف نشئتوں میں ظاہر ہونے کے اعتبار
سے تین قسم پر ہیں (۱) مجردہ یعنی بدن انسان کے ساتھ تعلق
ہونے سے پہلے ارواح مجردہ ہوتی ہیں (۲)
متصرفہ یہ بدن انسان کے ساتھ متعلق ہوتی ہے
اسمیں کمالات دنیوی و اخروی حاصل کرنے کے
لئے تصرف کرتی ہے اور ان کا [illegible]

بالمركوب، وليس لها السريان والحلول في أجساد
الأرواح الحيوانية، (و) الثالثة، أرواحهم مفارقة
لأنها فارقت الأجساد لكن تعلقها باق
لسبب البعث والحشر والميزان والنشر،
إذا علمت هذا فاعلم أن لأرواح الكمل تصرفات
ثلاثة: (الأول) التجسد والتمثيل بالصور، و
هذا التجسد والتمثيل إما قبل تعلقهم بالأجسام
كتجسد روح سيدنا أسد الله الغالب
الإمام علي بن أبي طالب رضي الله تعالى عنه
وكرم الله وجهه لاستخلاص سلمان
الفارسي رضي الله تعالى عنه من السبع المفترس
وأما بعد تعلقهم بالأجسام كتجسد الكاملين
لمحبيهم ومريديهم في حالة اليقظة حين
اشتغالهم بالرابطة المعلومة عندهم أو في
الرؤيا في حالة المنام مع مكالمتهم وإرشادهم
إياهم وكتجسدهم في الصور في أمكنة متعددة
في لحظة واحدة كما وقع لبعض من الأولياء
الكمل كالشيخ قضيب البان الموصلي قدس
الله سره العلي، كما هو مذكور في كتبهم
وهذه الحالة باقية لهم بعد مفارقتهم
الأجساد كما رأى النبي صلى الله تعالى عليه
وسلم ليلة المعراج أرواح الأنبياء في السماء
صلوا معه في بيت المقدس (و) الثاني

سے ایسا تعلق ہوتا ہے جیسا عاشق کا معشوق سے
سوار کا سواری اور ارواح حیوانیہ کی طرح ان کا بدنوں
میں حلول و سریان نہیں ہوتا۔ (۳) مفارقہ یہ نام اس
لئے کہ یہ جسموں سے جدا ہو جاتی ہے لیکن ان کا تعلق
بعث حشر و نشر میزان کے سبب جسموں سے رہتا ہے
جب تجھے یہ باتیں معلوم ہو گئیں تو یہ بھی جان کہ کامل لوگوں
کی ارواح کو تین قسم کے تصرفات حاصل ہوتے ہیں۔
(۱) مجسم اور متشکل ہو جانا یہ تو بدنوں کے ساتھ متعلق ہونے
سے پہلے ہوتا ہے جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روح
نے مجسم ہو کر حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو ایک درندے
سے چھڑا دیا۔ یا متعلق بالاجساد ہونے کے بعد جیسے
کاملین کی روحیں اپنے دوستوں اور مریدوں کے لئے
جب وہ بحالت بیداری اپنے رابطہ میں مشغول ہوتے
ہیں تو مجسم بن کر سامنے آ جاتی ہیں۔ اور کبھی خواب میں
ان کے ساتھ کلام کرتی اور ہدایت دیتی ہے اور جیسے کاملین
کا ایک ہی وقت میں مختلف مقامات پر موجود ہو جانا
جیسے اولیاء کاملین سے یہ کرامتیں وقوع میں آئی ہیں مثلاً
شیخ قضیب البان موصلی کا ایسا کتابوں میں ذکر آتا ہے
اور یہ حالت فوت ہونے کے بعد بھی (روحوں کی تھی)
باقی رہتی ہے جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شب
معراج ارواح انبیاء کو آسمان میں دیکھا۔ اور
انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیت المقدس
میں نماز ادا کی (۲) اجساد انسانیہ میں روحانی اور نورانی بنانے

Marfat.com

التصرّف في الأجساد الإنسانية لتكون روحانية
نورانية كجسد نبينا محمد صلى الله عليه وسلم
لأن أصل خلقته نوراني، وروحانيته سرّ ملكوتي
ولهذا لا يرى له صلى الله عليه وسلم ظلّ بالغدوّ
والآصال، وكجسد بلال وأويس القرني رضي الله
عنهما، وورد في منتخب كنز العمال عن أبي هريرة
رضي الله تعالى عنه أنه قال قال رسول الله صلى
الله عليه وسلم يا بلال حدثني بأرجى عمل عملته
عندك في الإسلام منفعة، فإني سمعت الليلة
دفّ نعليك بين يديّ في الجنة، قال ما عملت عملاً
أرجى من أني لم أتطهر طهوراً في ساعة
من ليل أو نهار إلا صليت بذلك الطهور ما
كتب لي أن أصلي، وفي رواية قال صلى الله
عليه وسلم يا بلال بم سبقتني إلى الجنة؟ ما د
خلت الجنة قط، إلا سمعت خشخشتك أمامي؟
قال بلال ما أذنت قط إلا صليت ركعتين، وما أصا
بني حدث قط إلا توضأت وصليت ركعتين،
فقال بهذا نلت) وعن عبد الله بن بريدة قال قال
النبي صلى الله عليه وسلم رأيت الجنة فرأيت
امرأة أبي طلحة، ثم سمعت خشخشة أمامي،
فإذا هو بلال، وعن جابر قال النبي صلى الله

کیلئے تصرف کرتا جیسے ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بدن
مبارک کیونکہ اسکی خلقت ہی نورانی ہے اور اس کی روحانیت
ایک ملکوتی راز ہے۔

اور اسی لئے آپ کا سایہ صبح و شام کسی وقت دکھائی نہ
دیتا تھا اور جیسے حضرت بلال اور حضرت اویس قرنی رضی
اللہ عنہما کا جسم منتخب کنز العمال میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا۔ اے بلال تم اپنے نزدیک اسلام میں اچھا
عمل بتاؤ کیونکہ میں نے آج رات تمہاری جوتیوں کی
آواز جنت میں سنی ہے۔ عرض کیا میں صرف یہی عمل کرتا
ہوں کہ جب کبھی رات و دن میں وضو کرتا ہوں تو کچھ نفل پڑھ
لیتا ہوں اور ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا اے بلال کس سبب سے تم مجھ سے پہلے
جنت میں جا پہنچے ہو میں جب کبھی جنت میں گیا تیرے
چلنے کی آگے آواز سنی عرض کی آقا میں جب کبھی آذان کہتا
تو دو رکعت نماز پڑھ لیتا ہوں اور جب بے وضو ہوتا
ہوں تو وضو کرکے دو رکعتیں پڑھ لیتا ہوں آپ نے فرمایا
اسی سبب سے تو اس مرتبہ کو پہنچ گیا ہے۔ عبداللہ بن بریدہ
سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا
مجھے جنت دکھلائی گئی تو میں نے اس میں ابی طلحہ کی بیوی
کو دیکھا پھر اپنے آگے آگے کسی آدمی کے چلنے کی آواز سنی

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشْخَشَةً فَقُلْتُ مَا هٰذَا؟ قَالُوا الْغُمَيْصَاءُ" قَوْلُهُ الْغُمَيْصَاءُ، وَيُقَالُ الرُّمَيْصَاءُ وَقَوْلُهُ مِلْحَانُ بِالْكَسْرِ "بِنْتُ مِلْحَانَ" وَفِي كُتُبِ بَعْضِ الْمَشَايِخِ۔ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى وَفِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ رَجُلًا مُغَطًّى بِغِطَاءٍ مِّنَ الرَّأْسِ إِلَى الْقَدَمِ، فَأَخَذَتْهُ الْغَيْرَةُ، فَقَالَ: يَا رَبِّ هٰذَا مَوْضِعُ الْأَدَبِ مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ؟ فَجَاءَ النِّدَاءُ مِنْ قِبَلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ هٰذَا أُوَيْسٌ اِسْتَرَاحَ بَعْدَ سَبْعِيْنَ سَنَةً، وَسَأَلَنِيْ أَنْ أَكْتُمَهُ وَأُخْفِيَهُ فَأَجَبْتُهُ،

وَالثَّالِثُ التَّصَرُّفُ فِي الْأَشْيَاءِ بِأَنْ تَجْعَلَهَا جِسْمًا لَطِيْفًا، وَهٰذَا التَّصَرُّفُ قَدْ يَكُوْنُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ وَالْجِنِّ كَتَصَرُّفِ الْمَلَائِكَةِ بِعَرْشِ بِلْقِيْسَ بِأَنْ جَعَلُوْهُ جِسْمًا لَطِيْفًا حِيْنَ طَلَبَ سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِحْضَارَهَا مَعَ عَرْشِهَا كَمَا أَخْبَرَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ بِقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ "قَالَ أَيُّكُمْ يَأْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَنْ يَأْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ، قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ أَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَإِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِيْنٌ، قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهُ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ أَنْ يَّرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهُ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ" لِأَنَّ هٰذَا الْعَرْشَ لَا يُمْكِنُ إِحْضَارُهُ

اور وہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں جنت میں داخل ہوا تو کسی کے چلنے کی آواز سُنی فرمایا یہ کون ہے۔ عرض کی حضور یہ غمیصاء بنت ملحان ہے۔ بعض مشائخ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے قاب قوسین او ادنیٰ اور مقعد صدق عند ملیک مقتدر کے مقام میں ایک شخص کو سر سے پاؤں تک پردوں میں ڈھکا ہوا دیکھا۔ تو آپکو غیرت آئی عرض کیا اے میرے پروردگار اس مقام میں اس شخص کو خود باادب طور پر حاضر ہونا چاہیئے تھا اور یہ کس حالت میں ہے خدا تعالےٰ کیطرف سے آواز آئی یہ اویس قرنی ہے جن نے ستر سال عبادت کرنے کے بعد آرام کیا ہے اور مجھ سے سوال کیا ہے کہ میں اسے چھپائے رکھوں اور ظاہر نہ ہونے دوں تو میں نے منظور کر لیا (۳) اشیاء میں تصرف کر کے ان کو لطیف اجسام بنا دینا اور یہ تصرف کبھی فرشتوں اور جنوں کیطرف سے ہوتا ہے۔ جیسے فرشتوں نے بلقیس کے تخت کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے بلقیس کو مع تخت طلب کرنے پر جسم لطیف بنا دیا۔ جیسے قرآن پاک میں اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ترجمہ سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے درباریو تم میں کون ہے کہ وہ اس کا تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہو کر حاضر ہوں ایک مضبوط خبیث جن

بِالْكَيْفِيَّةِ الَّتِيْ هُوَ عَلَيْهَا قَبْلَ اِرْتِدَادِ الطَّرْفِ
اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ جِسْمًا لَطِيْفًا بِتَصَرُّفِ الْمُوَكَّلِيْنَ
بِدَعْوَةِ اٰصِفِ بْنِ بَرْخِيَاءَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَوْ
بِتَصَرُّفِهِ، وَاعْلَمْ اَيْضًا اَنَّ اِفَاضَةَ اَرْوَاحِ الْكُمَّلِ
عَلٰى وُجُوْهٍ اَحَدُهَا تَرْبِيَتُهُمْ فِيْ عَالَمِ الظَّاهِرِ
بِالْمُشَافَهَةِ وَالْمُوَاجَهَةِ، وَثَانِيْهَا بِغَيْرِ
رُؤْيَتِهِ، وَقَدْ تَكُوْنُ هٰذِهِ التَّرْبِيَةُ فِيْ زَمَنِ
الْمُرَبِّيْ اَوِ الْمُرَبِّيْ اَوْ بَعْدَ زَمَنِ الْمُرَبِّيْ، فَالْاَوَّلُ
كَتَرْبِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُوَيْسًا الْقَرَنِيَّ
رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ زَمَنِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَكَتَرْبِيَةِ جَعْفَرِ نِ الصَّادِقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
الْخَالِقِ، اَبَا يَزِيْدَ نِ الْبُسْطَامِيَّ، قُدِّسَ اللّٰهُ سِرَّهُ
السَّامِيْ، وَالثَّانِيْ كَتَرْبِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ بَعْدَ زَمَنِهِ، وَثَالِثُهَا تَرْبِيَتُهُمْ بِالرُّؤْيَا
وَيُسَمُّوْنَ هَاتَيْنِ التَّرْبِيَتَيْنِ، اَيِ الثَّانِيَةَ وَ
الثَّالِثَةَ: فَيْضَ الْبَرَكَاتِ، وَرَابِعُهَا تَرْبِيَةُ
اَرْوَاحِهِمُ الْمُجَرَّدَةِ كَتَرْبِيَةِ رُوْحِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ عَلٰى نَبِيِّنَا
وَعَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَيُسَمُّوْنَ هٰذِهِ
التَّرْبِيَةَ تَرْبِيَةَ الرُّوْحِ، وَلَا تَكُوْنُ التَّرْبِيَةُ التَّامَّةُ
اِلَّا بِالْمُنَاسَبَةِ التَّامَّةِ بَيْنَ الْمُرَبِّيْ وَالْمُرَبّٰى، وَ
الْمُنَاسَبَةُ التَّامَّةُ تَكُوْنُ بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءَ: بِالْقَدَمِ وَبِاللِّسَانِ
الصِّدْقِ وَبِالْقَلْبِ الصَّادِقِ، وَالْقَدَمُ عِبَارَةٌ عَنْ طَيِّ
مَرَاحِلِ الْاٰدَابِ

ہوا کہ میں وہ تخت حضور میں حاضر کردوں گا قبل اسکے
کہ حضور اجلاس برخاست کریں۔ اور میں بیشک اس
پر قوت والا امانت دار ہوں۔ اس نے عرض کی جس کے
پاس کتاب کا علم تھا کہ میں اسے حضور میں حاضر کردوں
گا ایک پل مارنے سے پہلے پھر جب سلیمان نے تخت
کو اپنے پاس رکھا دیکھا کہا کہ یہ میرے رب کے فضل
سے ہے۔ کیونکہ آنکھ جھپکنے سے قبل تخت کے اسی
کیفیت سے حاضر ہونے کی صرف یہی صورت ہے
کہ آصف بن برخیا کی دعا سے موکلین نے یا خود آصف بن برخیا
نے تخت کو جسم لطیف بنالیا تھا۔ اور یہ بھی جاننا چاہئیے
کہ کامل لوگوں کی ارواح کا فیض کئی طرح سے ہوتا
ہے۔ (۱) عالم ظاہر میں بالمشافہ تربیت مع
اور تربیت کبھی مربی اپنی زندگی میں کرتا ہے اور کبھی مر
کے بعد اوّل جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی
میں اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی۔ اور حضرت جعفر صادق
رضی اللہ عنہ نے ابویزید بسطامی قدس سرہ کی تربیت
کی۔ اور دوم وہ تربیت جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
انتقال فرمانے کے بعد فرما رہے ہیں۔ سوم۔ عالم
خواب میں تربیت۔ ان میں سے دوم اور سوم کا نام
فیض وبرکت رکھتے ہیں۔ چہارم ارواح مجردہ کا تربیت
کرنا جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک نے
تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تربیت کی اس تربیت
کا نام تربیت روح رکھتے ہیں۔ کامل تربیت تب ہی ہو سکتی

ہے جب مربی تربیت

وَسُلُوكِ السَّالِكِ مَسَالِكَ الْأَخْلَاقِ، وَعُبُورِهِ مَقَامَاتِ النَّفْسِ وَالْقَلْبِ وَالرُّوحِ وَالسِّرِّ وَالْخَفِيِّ وَالْأَخْفَى، وَلِسَانُ الصِّدْقِ عِبَارَةٌ عَنْ إِيصَالِ الْكُمَّلِ إِلَى الطَّالِبِينَ عَلَى قَدْرِ اسْتِعْدَادِهِمْ مَا عَلَّمَهُمُ اللّٰهُ بِطَرِيقِ الْوَحْيِ وَالْإِلْهَامِ وَسِمَاعِ الْخِطَابِ مِنَ اللّٰهِ أَوْ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، وَصَاحِبُ لِسَانِ الصِّدْقِ خَبَرُهُ صَادِقٌ، وَشَفَاعَتُهُ مَقْبُولَةٌ وَدُعَاؤُهُ مُسْتَجَابٌ، وَعِلْمُهُ مُثْبِتٌ لِلْحَقِّ وَمُزْهِقٌ لِلْبَاطِلِ وَكَاشِفٌ لِأَسْرَارِ الْمَعَانِي، وَحُكْمُهُ نَافِذٌ، وَتَلْقِينُهُ مُوصِلٌ إِلَى الْمَطْلُوبِ الْحَقِيقِيِّ، وَهُوَ مُكَرَّمٌ بِهٰذِهِ الْكَرَامَاتِ وَالْقَلْبُ الصَّادِقُ إِمَّا عِبَارَةٌ عَنِ انْكِشَافِ الْآيَاتِ الْغَيْبِيَّةِ وَالشُّهُودِيَّةِ فِي قَلْبِ الْكَامِلِ الْمُكَمِّلِ فِي صُورَةٍ مِثَالِيَّةٍ فِي الْيَقَظَةِ أَوْ فِي النَّوْمِ فِي قُوَّةِ الْخَيَالِيَّةِ لِذٰلِكَ الْكَامِلِ الْمُكَمِّلِ، وَإِمَّا عِبَارَةٌ عَنْ ثُبُوتِ الْمَعَانِي الْمُجَرَّدَةِ عَنِ الصُّوَرِ فِي قُوَّةِ الْعِلْمِيَّةِ لَهُ، وَدَلِيلُ الْمُكَاشَفَاتِ الصُّورِيَّةِ قَوْلُهُ تَعَالَى (مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى) إِلَى قَوْلِهِ (لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى) وَدَلِيلُ ثُبُوتِ

کرنیوالے) اور مربی (جسکی تربیت کی جائے) کے درمیان مناسبت تامہ ہو اور مناسبت کامل تین چیزوں سے ہوتی ہے ۔ قدم سے ۔ لسان صدق سے ۔ قلب صادق سے قدم کے معنے یہ ہیں کہ سالک آداب کے مراحل طے کر کے اور مسالک اخلاق پر چل کر مقامات نفس قلب روح وسر خفی واخفی کو عبور کرے ۔ لسان صدق یہ ہے کہ کامل لوگ طالبوں کو انکی استعداد کے موافق اس مرتبہ پر پہنچائیں جو اللہ تعالیٰ نے انہیں بطریق وحی والہام اور خطاب اللہ اور خطاب ملائکہ سے تعلیم فرمایا اور لسان الصدق کے مرتبہ والا مخبر صادق اور مقبول الشفاعہ اور مستجاب الدعا ہوتا ہے اور اس کا علم حق کو ثابت رکھنے والا باطل کا قلع قمع کرنیوالا اسرار معانی کا کھولنے والا ہے اور اسکا حکم نافذ ہوکر رہتا ہے اور اسکی تلقین مطلوب حقیقی تک پہنچا دیتی ہے اور یہ ان کرامات سے نوازہ جاتا ہے ۔ قلب صادق سے مراد یا تو کامل لوگوں کے قلوب میں آیات غیبیہ اور شہودیہ کا حالت بیداری میں مثالی شکل میں منکشف ہونا ہے یا حالت نوم قوت خیالیہ میں موجود ہونا ہے یا معانی مجرد عن الصور کا قوت علمیہ میں ثبوت مراد ہے مکاشفات صوری کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے : ماکذب الفؤاد مارأی[1] الی قولہ لقد رأی من آیت ربه الکبری اور معانی مجردہ

[1] پوری آیت یہ ہے مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى أَفَتُمَارُونَهُ عَلَى مَا يَرَى وَلَقَدْ رَأٰى نَزْلَةً أُخْرٰى عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى

ترجمہ: دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا تو کیا تم ان سے ان کے دیکھے ہوئے پر جھگڑتے ہو۔ اور انہوں نے تو وہ جلوہ دوبارہ دیکھا سدرۃ المنتہی کے پاس

Marfat.com

عنده هاجنة الماوی اذ یغشی السدرة ما یغشی ما زاغ البصر وما طغی لقد رای من آیات ربه الکبری :

اسکے پاس جنة الماوی ہے جب سدرة پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا آنکھ نہ کسی طرف پھری نہ حد سے بڑھی بیشک اپنے رب کی بہت بڑی نشانیاں دیکھیں

المعانی المحمودة وقوله تعالی فاوحی الی عبده ما اوحی ومعرفة هذا المقدار من بیان احوال الکاملین کاف لازالة شبهات المستمعین من اهل ضعف الیقین حین استماعهم مناقبهم، وهذا اوان الشروع فی المناقب الشریفة فاقول وبالله التوفیق وبیده ازمة التحقیق والتدقیق

کے ثبوت کی یہ آیت مبارکہ دلیل ہے فاوحی الی عبده ما اوحی ترجمہ پس اس نے اپنے بندے کی طرف وحی کی جو وحی کی کاملین کے احوال کا اس قدر پہچاننا ان شبہات کو دفع کرنے کیلئے کافی ہے جو ضعیف الاعتقاد لوگوں کو انکے مناقب سنتے وقت پیدا ہوتے ہیں پس اب ہم غوث پاک کے مناقب کا بیان شروع کرتے ہیں تو میں اللہ سے توفیق مانگتے ہوئے کہتا ہوں جسکے ہاتھ میں ازمہ تحقیق و تدقیق ہے۔

المنقبة الاولی

فی وضع قدم المصطفی صلی الله علیه وسلم علی رقبته رضی الله تعالی عنه ذکر صاحب قلائد الجواهر آخذا من مجمع الفضائل قال سمعت عن المشائخ الصوفیة رضی الله عنهم اجمعین ان سیدنا الشیخ السید عبد القادر الجیلانی هو الغوث الاعظم لانه کلما ذکر الغوث فالمراد به هو رضی الله عنه لانه خوطب من الحق به کذا ذکر فی الغوثیة رأی نبینا صلی الله علیه وسلم لیلة المعراج وتشرف بتشریف الولایة المطلقة المحمدیة وخلعة وراثة المحبوبیة فی تلک

پہلی منقبت آپکی گردن پر حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے قدم رکھنے کے بیان میں

صاحب قلائد الجواہر نے مجمع الفضائل سے نقل کیا ہے (کہا) کہ میں نے بہت مشائخ سے سنا ہے کہ حضرت سیدنا شیخ سید عبد القادر گیلانی ہی غوث اعظم ہیں اس لئے کہ جب بھی مطلقاً غوث کا ذکر کیا جائے تو اس سے مراد آپ ہی کی ذات گرامی ہوتی ہے کیونکہ حق تعالی نے آپ کو اس لفظ سے مخاطب فرمایا ہے (کذا فی الغوثیہ) آپ (یعنی آپکی روح) نے شب معراج میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور ولایت محمدیہ اور وراثت محبوبیہ کی خلعت سے بہرہ اندوز ہوئے جیسے آپ سے منقول ہے فرمایا جب میرے نانا حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ

اللَّيْلَةِ الْمُبَارَكَةِ، كَمَا نُقِلَ عَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ، لَمَّا عَرَجَ بِجَدِّيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمِرْصَادِ وَبَلَغَ سِدْرَةَ بَقِيَ جِبْرِيْلُ الْاَمِيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مُتَخَلِّفًا وَقَالَ، يَا مُحَمَّدُ لَوْ دَنَوْتُ اُنْمُلَةً لَاحْتَرَقْتُ، فَاَرْسَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى رُوْحِيْ اِلَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ الْمَقَامِ لِاسْتِفَادَتِيْ مِنْ سَيِّدِ الْاَنَامِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ تَشَرَّفْتُ بِهٖ وَاسْتَحْصَلْتُ عَلَى النِّعْمَةِ الْعُظْمٰى وَالْوِرَاثَةِ وَالْخِلَافَةِ الْكُبْرٰى وَحَضَرْتُ وَاُوْجِدْتُ بِمَنْزِلَةِ الْبُرَاقِ حَتّٰى رَكِبَ عَلَيَّ جَدِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنَانِيْ بِيَدِهٖ حَتّٰى وَصَلَ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى وَقَالَ لِيْ، يَا وَلَدِيْ وَحَدَقَةَ عَيْنِيْ قَدَمِيْ هٰذِهٖ عَلٰى رَقَبَتِكَ وَقَدَمَاكَ عَلٰى رِقَابِ كُلِّ اَوْلِيَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى، اِنْتَهٰى وَقَالَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ بَعْضِ اَشْعَارِهٖ وَصَلْتُ اِلَى الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ بِحَضْرَتِيْ فَلَاحَتْ لِيَ الْاَنْوَارُ وَالْحَقُّ اَعْطَانِيْ لَنَظَرْتُ بِعَرْشِ اللّٰهِ قَبْلَ تَخَلُّقِيْ، فَلَاحَتْ لِيَ الْاَمْلَاكُ وَاللّٰهُ سَمَّانِيْ وَتَوَّجَنِيْ تَاجَ الْوِصَالِ بِنَظْرَةٍ، وَمِنْ خِلْعَةِ التَّشْرِيْفِ وَالْقُرْبِ اَكْسَانِيْ وَقَالَ الشَّيْخُ الْاَجَلُّ الْعَارِفُ بِاللّٰهِ السَّيِّدُ نِعْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ فِيْ سَفِيْنَتِهٖ، قَدْ سَمِعْتُ عَنْ بَعْضِ سَادَاتِ الصُّوْفِيَّةِ لَمَّا بَلَغَ نَبِيُّنَا

وسلم کو معراج ہوئی اور سدرۃ المنتہی پر پہنچے تو جبرئیل آمین علیہ السلام پیچھے رہ گئے اور عرض کی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر میں ذرا بھی آگے بڑھوں تو جل جاؤں گا تو اللہ تعالیٰ نے اس جگہ میری روح کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے فائدہ حاصل کرنیکے لئے بھیجا تو میں نے زیارت کی اور نعمۃ عظمیٰ اور وراثت و خلافت کبریٰ سے بہرہ اندوز ہوا میں حاضر ہوا تو مجھے براق کی جگہ کھڑا کیا گیا اور میرے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری لگام اپنے ہاتھ میں پکڑ کر سوار ہوئے حتیٰ کہ مقام قاب قوسین او ادنیٰ پر جا پہنچے اور مجھے ارشاد فرمایا کہ میرے یہ قدم تیری گردن پر ہیں اور تیرے قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر انتہیٰ، اور آپ اپنے بعض اشعار میں بھی فرماتے ہیں میں عرش مجید تک پہنچا تو انوار الٰہی مجھ پر روشن ہوئے اور مجھے یہ مرتبہ ملا میں نے اپنی پیدائش سے پہلے عرش اللہ کو دیکھا تو مجھ پر اللہ کے تمام ملک ظاہر ہوئے اور میرا نام غوث اعظم رکھا اور اپنی نظر عنایت سے مجھے تاج وصال اور بزرگی و قرب کی خلعت پہنائی۔ شیخ سید نعمت اللہ عارف باللہ سفینۃ الاولیاء میں تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے بعض سادات صوفیہ سے سنا جب ہمارے نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مقام اعلیٰ پر پہنچے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ارشاد سنا اے محمد ٹھہرو تمہارا پروردگار تم پر خصوصی رحمت بھیجتا ہے۔ (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا

Marfat.com

(قوله لما بلغ نبينا الخ، كذا في الأصل وليحرر ۱۲)
مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَقَامٍ سَمِعَ عَنْ جَنَابِ اللهِ تَعَالَى، قِفْ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ رَبَّكَ يُصَلِّيْ تَشَرُّفًا لِجَلَالِهٖ خَاصَّةً، فَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ بِإِذْنِ اللهِ تَعَالَى لِيْ مَعَ اللهِ وَقْتٌ لَا يَسَعُنِيْ فِيْهِ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ، فَظَهَرَ الْعِشْقُ الذَّاتِيُّ عَلَى الْهَيْئَةِ الطَّاؤُسِيَّةِ مِنْ وَرَاءِ الْكِبْرِيَاءِ بِحُضُوْرِ الْجَنَابِيَّةِ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَسَأَلَ عَنْهُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فَأُلْهِمَ، هٰذَا مِنْ وُلْدِكَ وَوَارِثُ وِلَايَتِكَ وَمُحْيِي الدِّيْنِ مِنْ بَعْدِكَ وَاسْمُهٗ عَبْدُ الْقَادِرِ وَخَاطَبَهٗ بِخِطَابِ الْغَوْثِ الْأَعْظَمِ فَحَصَلَ لَهٗ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّرُوْرُ، وَشَكَرَ اللهَ الشَّكُوْرَ، وَكَذَا نَقَلَ الشَّيْخُ قَاسِمُ السُّلَيْمَانِيُّ عَنْ بَعْضِ الْمَشَائِخِ قَدَّسَ اللهُ أَسْرَارَهُمْ وَأَيْضًا نَقَلَ الشَّيْخُ الْمَذْكُوْرُ عَنِ الْغَوْثِ الْأَعْظَمِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ أَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ، لَمَّا عَرَجَ بِحَبِيْبِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ اسْتَقْبَلَ اللهُ أَرْوَاحَ الْأَنْبِيَاءِ وَالْأَوْلِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ مِنْ مَقَامَاتِهِمْ لِأَجْلِ زِيَارَتِهٖ فَلَمَّا قَرُبَ نَبِيُّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ رَاٰهُ عَظِيْمًا رَفِيْعًا لَا بُدَّ لِلصُّعُوْدِ إِلَيْهِ مِنْ سُلَّمٍ وَمِرْقَاةٍ، فَأَرْسَلَ اللهُ إِلَيْهِ رُوْحِيْ فَوَضَعْتُ كَتِفِيْ

باذن اللہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک ایسا وقت بھی آتا ہے جس میں میرے ساتھ کسی مقرب فرشتے اور نبی مرسل کو رہنے کی طاقت نہیں) تو آپ کی خاتمیت کے حضور میں کبریائی کے در پردہ سے عشق ذاتی طاؤسی شکل میں جلوہ گر ہوا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے بارے میں سوال کرنے پر الہام ہوا کہ یہ تیری اولاد میں سے ہے اور تیری ولایت کا وارث ہے اور تیرے بعد یہ دین کو زندہ کرے گا اس کا نام عبد القادر اور خطاب غوث اعظم ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا اور اسی طرح شیخ قاسم سلیمانی نے بعض مشائخ سے بھی نقل کیا ہے اور غوث پاک رضی اللہ عنہ سے بھی کہتے ہیں فرمایا غوث اعظم نے جب اللہ کے حبیب کو معراج ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور اولیاء کی ارواح کو آپ کے استقبال کے لئے بھیجا۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عرش مجید کے پاس پہنچے تو اس کو بہت اونچا پایا جس پر چڑھنے کیلئے سیڑھی کا ہونا ضروری تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے میری روح کو بھیجا میں نے سیڑھی کی جگہ اپنے کندھے رکھ دیے جب آپ نے میرے کندھوں پر اپنے قدم مبارک رکھنے کا ارادہ کیا تو میرے بارے پوچھا تو الہام ہوا کہ یہ تیرا بیٹا ہے اس کا نام عبد القادر

Marfat.com

موضع المرقاة ، فاذا اراد ان يضع قدميه على رقبتي
سأل الله عني ما هذه ، هذا ولدك اسمه عبد
القادر ، ولو لا اني ختمت النبوة بك لكان هو اهلا
بعدي ، فشكر الله تعالى عليه وقال لي جدي صلى
الله عليه وسلم ۔ يا بني طوبى لك رأيتني و
وجدت نعمتي ، ثم طوبى لمن رآك او رأى من
رآك او رأى من رأى من رآك الى سبعة
وعشرين ، وجعلتك وزيري في الدنيا و
الآخرة ، ووضعت قدمي هذه على رقبتك
وقدماك على رقاب جميع الاولياء بلا تفاخر و
لا مباهاة ، ولو كانت النبوة بعدي لنلتها
ولا نبي بعدي ، وايضا ذكر في بعض كتب
الكمل من المشائخ الكرام ان نبينا عليه
الصلوة والسلام لما وصل الى العرش وقف
لحظة يسيرة ، وفي تلك اللحظة حضرت
روح سيدنا الغوث الاعظم رضي الله تعالى عنه ،
ووضع كتفه تحت قدمه صلى الله عليه وسلم قال
له من انت ؟ فقال انا من ولدك عبد القادر ،
فوضع قدمه المباركة على كتفه شفقة وشاية ،
وقال قدمي هذه على رقبتك وقدماك
على رقبة كل ولي الله ، وايضا نقل عن بعض

ہے اگر آپ خاتم النبیین نہ ہوتے تو تیرے بعد عہدہ
نبوت انکو عطا ہوتا اس پر آپ نے اللہ کا شکر ادا کیا
اور میرے نانا جان صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میرے
بیٹے تجھے مبارک ہو تو نے مجھے دیکھا اور میری نعمت
سے بہرہ اندوز ہوا پھر اسکو بھی مبارک ہو جو تجھے
دیکھے یا تیرے دیکھنے والے کو دیکھے یا دیکھنے والے
کے دیکھنے والے کو دیکھے اسی طرح آپنے ستائیس
تک فرمایا اور میں نے تجھے دنیا اور آخرت میں اپنا وزیر
بنایا اور میں نے اپنا یہ قدم تیری گردن پر رکھا اور تیرا
قدم تمام اولیاء کی گردنوں پر بلا فخر کے ہوگا اگر میرے بعد نبوت ہوتی تو میرے
بعد تم نبی ہوتے لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ نیز
بعض مشائخ کرام کی کتب میں مذکور ہے کہ ہمارے نبی
علیہ الصلوٰۃ والسلام جب عرش مجید کے پاس پہنچے تو
تھوڑی دیر ہی ٹھہرے تھے کہ حضور سیدنا غوث اعظم
رضی اللہ عنہ کی روح نے حاضر ہو کر اپنا کندھا آپکے
پاؤں مبارک کے نیچے رکھ دیا تو حضور علیہ الصلوٰۃ
والسلام نے فرمایا تم کون ہو غوث اعظم کی روح نے
عرض کیا میں آپ کا بیٹا عبد القادر ہوں۔ تو آپنے
اپنا قدم مبارک شفقت کے طور پر اس کے کندھے
پر رکھا۔ اور فرمایا میرا یہ قدم تیرے کندھے پر ہے اور
تیرے قدم تمام ولیوں کی گردنوں پر ہونگے اور بعض

سَادَاتِ الصُّوفِیَّۃِ اَنَّہٗ قَالَ، حُکِیَ عَنْ سَیِّدِیْ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ، لَمَّا شَرَّفَنِی اللّٰہُ تَعَالٰی بِرُؤْیَۃِ جَدِّیْ حَبِیْبِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَطْلَعَنِیْ عَلٰی مَا اَلْہَمَہٗ قَالَ یَا مُحَمَّدُ اَعَلِمْتَ مَنْ ھٰذَا الرَّجُلُ؟ فَقَالَ یَا رَبِّ اَنْتَ اَعْلَمُ مِنِّیْ بِذٰلِکَ، فَقَالَ سُبْحَانَہٗ وَ تَعَالٰی، ھٰذَا وَلَدُکَ مِنْ نَسْلِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ، وَ اسْمُہٗ عَبْدُ الْقَادِرِ، جَعَلْتُہٗ مَحْبُوْبِیْ بَعْدَکَ، وَ سَیَکُوْنُ شَانُہٗ بَیْنَ الْاَوْلِیَاءِ کَشَانِکَ بَیْنَ الْاَنْبِیَاءِ فَقَالَ، یَا وَلَدِیْ وَقُرَّۃَ عَیْنِیْ قَدْ طَابَ خَاطِرِیْ بِرُؤْیَتِکَ وَطَابَ خَاطِرُکَ بِرُؤْیَتِیْ، فَاَنْتَ مَحْبُوْبِیْ بَلْ مَحْبُوْبُ اللّٰہِ وَوَارِثِیْ مِنْ بَعْدِیْ فِیْ مَقَامِ وَلَایَتِیْ وَمَحْبُوْبِیَّتِیْ، وَضَعْتُ قَدَمِیْ ھٰذِہٖ عَلٰی رَقَبَتِکَ، وَقَدَمَاکَ عَلٰی رِقَابِ جَمِیْعِ اَوْلِیَاءِ اُمَّتِیْ، انتھٰی، وَنُقِلَ اَیْضًا عَنْ بَعْضِ الْمَشَائِخِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا ارْتَقَی السَّبْعَ الطِّبَاقَ لَیْلَۃَ الْمِعْرَاجِ فَرَاَی الْعَرْشَ عَظِیْمًا رَفِیْعًا وَ سَمِعَ صَوْتًا مِّنْ عَالَمِ الْقُدْسِ، اِرْقَ عَلَی الْعَرْشِ یَا حَبِیْبِیْ، وَخَطَرَ فِیْ قَلْبِہٖ کَیْفَ اَرْقٰی عَلَیْہِ بِھٰذِہِ الْعَظَمَۃِ وَالرِّفْعَۃِ، فَحَضَرَ فِیْ تِلْکَ الْحَالَۃِ شَابٌّ حَسَنٌ وَجْھُہٗ نُوْرَانِیٌّ وَ اَدّٰی التَّحِیَّۃَ الْاَنِیْقَۃَ

سادات صوفیہ سے بھی غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حکایت منقول ہے کہ فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے حبیب کی زیارت کا شرف بخشا۔ اور انکے الہام پر مجھے اطلاع دی تو حضور کو فرمایا اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم اسے جانتے ہو عرض کی اے میرے پروردگار تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا یہ حسن بن علی (رضی اللہ عنہما) کی نسل سے تیرا بیٹا ہے اس کا نام عبد القادر ہے میں نے تیرے بعد اس کو اپنا محبوب بنایا ہے۔ اور عنقریب اسکی شان وشوکت اولیاء میں ایسی ہوگی جیسی آپکی انبیاء میں ہے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اے میرے بیٹے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہم ایک دوسرے کو دیکھ کر خوش ہوئے ہیں پس تم میرے اور بلکہ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہو اور میرے بعد میری ولائت اور محبوبیت کے وارث ہو۔ میں نے اپنا قدم تیری گردن پر رکھا اور تیرے قدم تمام اولیاء کرام کی گردنوں پر ہونگے۔ انتھیٰ اور نیز بعض مشائخ سے منقول ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں سات آسمان طے کرکے عرش عظیم کے پاس پہنچے تو بہت بلند پایا اور عالم قدس سے آواز سنی کہ پیارے حبیب اوپر آؤ تو آپنے خیال فرمایا کہ اتنے بلند عرش پر کیسے چڑھوں۔ فوراً ایک خوبصورت

Marfat.com

لِحَضْرَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسَ فَبِلِسَانِ
الْبَاطِنِ اِلْتَمَسَ اَنْ يَّضَعَ قَدَمَهُ الْمُبَارَكَةَ عَلٰى رَقَبَتِهٖ
فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَمَهٗ عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَقَامَ
وَمَشٰى حَتّٰى اسْتَوٰى اِلَى الْعَرْشِ فَتَوَجَّهَ اِلَى
الشَّابِّ وَسَأَلَ عَنِ اسْمِهٖ فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى صَدْرِهٖ
وَوَقَفَ بِالْاَدَبِ فِيْ حُضُوْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،
فَخَطَرَ فِيْ قَلْبِهٖ اَنَّ لِهٰذَا الشَّابِّ رُتْبَةً بِلَا نِهَايَةٍ،
وَمَقَامًا لَيْسَ لِمَقَامَاتِ الْوِلَايَةِ، فَسَمِعَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَاتِفًا مِّنَ اللّٰهِ، يَا حَبِيْبِيْ
هٰذَا ابْنُ وَلَدِكَ وَقُرَّةُ عَيْنَيْكَ، وَاسْمُهٗ عَبْدُ الْقَادِرِ
وَمُحْيِيْ لِدِيْنِكَ الْمُبِيْنِ، حِيْنَ كَثُرَ اَهْلُ الْبِدَعِ
الْمُلْحِدُوْنَ فَيَكُوْنُ، مُخَاطَبًا بِمُحْيِ الدِّيْنِ فَفَرِحَ
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَمَاعِ هٰذَا الْخِطَابِ، وَ
دَعَا لَهٗ دُعَاءً كَثِيْرًا وَقَالَ لَهٗ، يَا نُوْرَ عَيْنِيْ وَيَا ضِيَاءَ
اَهْلِ بَيْتِيْ كَمَا كَانَتْ قَدَمِيْ عَلٰى رَقَبَتِكَ تَكُوْنُ
قَدَمَاكَ عَلٰى رِقَابِ جَمِيْعِ الْاَوْلِيَاءِ، فَمَنْ قَبِلَ
قَدَمَاكَ فَلَهُ الدَّرَجَةُ الْعُظْمٰى، وَمَنْ لَّمْ يَقْبَلْهَا
حُطَّ عَنْ رُتْبَةِ الْاَوْلِيَاءِ انْتَهٰى، وَذَكَرَ اَيْضًا
الشَّيْخُ كَمَالُ الدِّيْنِ ابْنُ شَيْخِ الْمَشَائِخِ الشَّيْخُ عَبْدُ
اللَّطِيْفِ الْبَغْدَادِيُّ الشَّامِيُّ الْغِيَاثِيُّ فِيْ كِتَابِهٖ
اللَّطَائِفِ اللَّطِيْفَةِ اَنَّ رُوْحَ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ رَضِيَ
اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لِغَلَبَةِ شَوْقِهٖ اِلٰى مُشَاهَدَةِ جَمَالِ

نوجوان حاضر ہوا اور آپکی ذات اقدس کے مناسب آداب بجا لاکر بیٹھ گیا اور زبان باطن سے اپنے کندھے پر قدم مبارک رکھنے کی آرزو کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا قدم اسکی گردن پر رکھا پھر وہ کھڑا ہوکر بڑھنے لگا حتی کہ عرش عظیم تک پہنچ گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے اور اسکی بابت دریافت فرمایا وہ ہاتھ باندھ کر آپکے سامنے باادب کھڑا ہوگیا۔ تو آپ کے دل میں خیال آیا کہ اس نوجوان کا رتبہ مراتب ولائت سے کہیں اعلی وارفع ہوگا (اسی وقت) نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی کی طرف سے آواز سنی اے میرے حبیب پیارے یہ تیرا بیٹا ہے۔ تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ اس کا نام عبدالقادر ہے جو اہل بدعت اور ملحدوں کی کثرت کے وقت تیرے دین مبین کو زندہ کرے گا (اسوجہ سے) اسکا خطاب محی الدین ہوگا۔ یہ خطاب سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم نے خوش ہوکر انکیلئے بہت زیادہ دعاء کی اور فرمایا اے میری آنکھوں کے نور اور اے میرے اہل بیت کی ضیاء جیسے میرا قدم تیری گردن پر ہے ویسے ہی تمہارا قدم تمام اولیاء کی گردنوں پر ہوگا اور جو تیرے قدم کو قبول کریگا اسکو درجہ عظمی ملے گا۔ اور جو انکار کرے گا اس سے ولائت چھین لی جائیگی۔ انتہی

اور شیخ کمال الدین ابن شیخ المشائخ الشیخ عبداللطیف بغدادی شامی غیاثی نے بھی اللطائف اللطیفہ میں لکھا ہے کہ

١١٧٨١

حضرةِ صاحب الرسالةِ صلى الله عليه وسلم
انتقل من مقامه وهو منتهى مقام الاولياء و
تجسد بجسمٍ لطيفٍ وتشرف برؤيته صلى الله
عليه وسلم، واستفاد فيضاً مخصوصاً بمعراج
النبي صلى الله عليه وسلم وطلب وضع قدمه
المباركة على رقبته وقال يا قادر، فوضع
النبي صلى الله عليه وسلم قدمه على رقبته و
جاء النداء من قبل الله عز وجل مخاطباً للنبي
صلى الله عليه وسلم، هل تعرف هذا الجسد
صاحب روح اي رجلٍ، فقال يا رب اراه
مختلطاً بي بكمال العشق والمحبة وانت اعلم
باسمه، فجاء النداء هذا من ولدك من نسل
الحسن بن علي رضي الله عنهما، سميته عبد
القادر وليس مثله في مقام الولاية ورتبة
المعشوقية وان هذا محبوب ازلي ومعشوق
سرمدي وطفيلك قوله وطفيلك، تصغير طفل
ولا يخفاك التعظيم فيه، الا فشكر الله تعالى و
خصصه بفيضه المخصوص، وقال صلى الله
عليه وسلم يا ولدي قد طاب خاطري برؤ
يتك وطاب خاطرك برؤيتي، وانت محبوب
الله ومحبوبي ومريدي وخليفتي، وقدمي

غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی روح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام
کے جمال کے مشاہدہ کی بیحد مشتاق ہونے کے باعث
اولیاء اللہ کے آخری مقام سے کہیں اوپر پہنچ کر ایک
جسم لطیف بن گئی۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت
سے مشرف ہوکر بوقت معراج فیض مخصوص حاصل کیا
اور اپنی گردن پر قدم مبارک رکھوانا چاہا اور کہا اے قادر
تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنا قدم مبارک انکی گردن
پر رکھا ادھر اللہ تعالیٰ کیطرف سے نبی کریم صلے اللہ علیہ
وسلم کو ندا آئی کیا آپ اس شخص کو جانتے ہو۔ عرض کی
اے میرے پروردگار میں اسکو اپنے عشق و محبت میں
سرمست دیکھ رہا ہوں اور اسکا نام تو بہتر جانتا ہے
آواز آئی یہ حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نسل میں
سے تیرا بیٹا ہے میں نے اس کا نام عبدالقادر رکھا ہے
اور اسکی مثل مقام ولائت اور مرتبہ معشوقیت میں
کوئی ولی نہیں ہے یہ تیرا پیارا بیٹا محبوب ازلی اور
معشوق سرمدی بھی ہے آپنے اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا
کیا اور غوث اعظم کو اپنے فیض مخصوص سے بہرہ ور کیا
اور فرمایا بیٹے ہمیں ایک دوسرے کو دیکھ کر خوشی ہوئی
ہے اور تو اللہ کا محبوب ہے اور میرا تو محبوب اور
مرید اور خلیفہ ہے اور میرے قدم تیری گردن پر اور
تیرے قدم تمام اولیاء کی گردن پر ہیں اور حضور غوث پاک

Marfat.com

عَلٰى رَقَبَتِكَ وَقَدَمُكَ عَلٰى رِقَابِ اَوْلِيَاءِ اُمَّتِي وَ
يُرٰى اَثَرُ قَدَمِهِ الْمُبَارَكَةِ عَلٰى رَقَبَتِهِ كَخَاتَمِ
النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ، ذَكَرُوْا اَيْضًا فِيْ حِرْزِ الْعَاشِقِيْنَ لِجَامِعِ
الشَّرِيْعَةِ وَالْحَقِيْقَةِ، فَرِيْدِ عَصْرِهٖ وَوَحِيْدِ دَهْرِهٖ
الشَّيْخِ رَشِيْدِ بْنِ مُحَمَّدِنِ الْجُنَيْدِيْ رَحِمَهُ
اللّٰهُ اَنَّ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ جَاءَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
بِبُرَاقٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اَسْرَعَ مِنَ الْبَرْقِ الْخَاطِفِ الظَّاهِرِ،
وَنَعْلُ رِجْلِهٖ كَالْهِلَالِ الْبَاهِرِ، وَمِسْمَارُهٗ كَا
لْاَنْجُمِ الزَّوَاهِرِ، وَلَمْ يَاْخُذْهُ السُّكُوْنُ وَ
التَّمْكِيْنُ لِيَرْكَبَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ الْاَمِيْنُ، فَقَالَ لَهُ
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ لَمْ تَسْكُنْ يَا
بُرَاقُ حَتّٰى اَرْكَبَ عَلٰى ظَهْرِكَ؟ فَقَالَ رُوْحِيْ
فِدَاءٌ لِتُرَابِ نَعْلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَمَنّٰى
اَنْ تُعَاهِدَنِيْ اَنْ لَا تَرْكَبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى غَيْرِيْ
حِيْنَ دُخُوْلِكَ الْجَنَّةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَكُوْنُ لَكَ مَا تَمَنَّيْتَ، فَقَالَ الْبُرَاقُ اَلْتَمِسُ
اَنْ تَضْرِبَ يَدَكَ الْمُبَارَكَةَ عَلٰى رَقَبَتِيْ لِيَكُوْنَ
عَلَامَةً لِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَلٰى رَقَبَةِ الْبُرَاقِ،

کی گردن پر قدم مبارک کا نشان دیکھا گیا تھا جیسے رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کی پشت انور پر نبوت کی مہر تھی۔ اور نہ
جامع شریعت و حقیقت فرید عصر وحید دھر حضرت
شیخ رشید بن محمد جنیدی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب حرز
عاشقین میں لکھتے ہیں کہ جبرئیل امین شب معراج
میں بجلی سے تیز رفتار ایک براق لیکر رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جس کے
پاؤں کے جوڑے مبارک چاند کیطرح روشن اور
اسمیں لگی ہوئی میخیں ستاروں کی طرح چمک رہی تھیں
اور وہ ناچ کود رہا تھا تھمتا نہ تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ
وسلم اسپر سوار ہو جائیں تو آپ نے فرمایا اے براق تو تھمتا
کیوں نہیں تاکہ میں تجھ پر سوار ہو جاؤں عرض کیا یا رسول
اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ کے جوتوں کی خاک مبارک
پر میری جان قربان میں آپ سے ایک وعدہ لینا چاہتا
ہوں کہ قیامت کے دن جنت میں جاتے وقت آپ
مجھ پر سواری فرمانا حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام
نے فرمایا ایسا ہی ہوگا تو براق نے کہا میری ایک عرض
ہے کہ اپنا ہاتھ مبارک میری گردن پر مار دیں تاکہ میرے
پاس یوم قیامت کیلئے نشانی بن جائے حضور نبی کریم
علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اپنا ہاتھ مبارک اس کی گردن
پر مارا تو براق اتنا خوش ہوا کہ اسکی روح جسم میں نہ

ففرح البراق فرحا حتی لم یسع جسده روحه
ثم ان یعین زماعا من فراحه وتوقف فی رکوبه
لحظة لحکمة خفیة ازلیة فظهرت روح
الغوث الاعظم رضی الله تعالیٰ عنه وقال
یا سیدی ضع قدمک علی رقبتی وارکب،
فوضع النبی صلی الله علیه وسلم قدمه علی
رقبته ورکب فقال، قدمی علی رقبتک، و
قدمک علی رقبة کل اولیاء الله۔ انتهی، فا
یاک یا اخی ان تکون من المنکرین
المتعجبین من حضور روحه لیلة المعراج
لانه وقع من غیره فی تلک اللیلة کما هو
ثابت بالاحادیث الصحیحة کرؤیته صلی
الله علیه وسلم ارواح الانبیاء فی السموات
وبلالا فی الجنة، واویس القرنی فی مقعد
الصدق، وامرأة ابی طلحة فی الجنة، و
سماعه صلی الله علیه وسلم خشخشة الغمیصاء
بنت ملحان فی الجنة کما ذکرنا قبل هذا، و
ذکر فی حرز العاشقین وغیره من الکتب
ان نبینا صلی الله علیه وسلم لقی لیلة المعراج
سیدنا موسی علیه السلام فقال موسی "مرحبا
بالنبی الصالح والاخ الصالح" انت قلت

سمائی نہ تھی اور خوشی سے اس کا جسم چالیس ہاتھ بڑھ
گیا آپ نے حکمت ازلیہ خفیہ کی بنا پر سوار ہونے میں
کچھ توقف کیا اُدھر حضور غوث اعظم کی روح نے حاضر
ہو کر عرض کیا آقا اپنا قدم مبارک میری گردن پر رکھ کر
سوار ہو جائیے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اپنا قدم
مبارک گردن پر رکھ کر سوار ہو گئے اور فرمایا میرا قدم
تیری گردن پر اور تیرا قدم ہر ولی کی گردن پر ہوگا۔
انتہیٰ۔ اے برادر تو شب معراج میں غوث پاک رضی اللہ
عنہ کی روح کے حاضر ہونے کے انکار و تعجب سے بچ
کیونکہ اسی رات دوسری روحوں کا حضور بھی وقوع
پذیر ہوا ہے۔ جو احادیث صحیحہ سے ثابت ہے جیسے
حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا ارواح انبیاء کو آسمانوں
پر اور بلال رضی اللہ عنہ کو جنت میں اور اویس قرنی
رضی اللہ عنہ کو مقعد صدق اور زوجہ ابی طلحہ کو جنت
میں دیکھنا اور غمیصاء بنت ملحان کے جنت میں چلنے
کی آواز کا سننا ہم اس سے قبل ذکر کر چکے ہیں۔
اور حرز العاشقین اور دوسری کتابوں میں لکھا ہے کہ
ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے شب معراج
میں موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات کی تو انہوں
نے نبی صالح و اخی صالح کو مرحبا کہنے کے بعد عرض کیا
کہ آپ کا ارشاد ہے۔ (میری امت کے علماء بنی
اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں) اور میری یہ خواہش

Marfat.com

عُلماءُ أمتي كأنبياءِ بني إسرائيل، أُهايبُّ أن
يحضرَ أحدٌ من علماءِ أمتك ليتكلم معي
فأحضرَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم روح الغزالي
رحمه الله إلى موسى عليه السلام وسلّما
على بعضهما، فسأله موسى عليه السلام
عن اسمه، فقال محمدُ بنُ محمدِ بنِ محمدٍ
الغزالي فقال موسى عليه السلام سألتك
عن اسمك وما سألتك عن اسم والدك
وجدك؟ فقال الغزالي في جوابه حين
سأل الله منك عما بيدك بقوله عزوجل
(وما تلك بيمينك يا موسى) لم قلت في
جوابه (هي عصاي أتوكأ عليها وأهش
بها على غنمي ولي فيها مآرب أخرى)
فإذا قلت هي عصاي أما كان كافيا؟ فقال موسى
عليه السلام في جوابه لما سأل الله تعالى
بقوله (وما تلك بيمينك يا موسى) علمت أنه
عالم الغيب والشهادة وما هذا السؤال إلا
لاستئناسي بالمكالمة مع الله، فبحسب
الحال والمقام زدت الكلمات أيضا لتلذذي
واستئناسي، فقال الغزالي، لما طلبتني
للمكالمة زدت الكلمات أيضا لتلذذي و

ہے کہ آپ کی اُمت میں سے کسی ایک عالم کی روح
حاضر کی جائے تاکہ وہ مجھ سے کچھ گفتگو کرے نبی کریم صلی
اللہ علیہ وسلم نے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی روح
کو حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے حاضر
کیا دونوں نے ایک دوسرے کو سلام کیا موسیٰ علیہ
السلام نے نام پوچھا اس نے عرض کیا محمد بن محمد بن
محمد الغزالی موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں نے تو صرف
تیرا ہی نام پوچھا ہے تیرے باپ دادے کا نہیں
امام غزالی نے جواب میں عرض کیا۔ جس وقت اللہ تعالیٰ
نے آپ کے ہاتھ کی شئی کے بارے فرمایا تھا اے
موسیٰ تمہارے ہاتھ میں کیا ہے) تو آپنے جواب میں
اس طرح کیوں عرض کیا تھا کہ (یہ میرا عصا ہے میں
(تھک کر) اس پر تکیہ لگاتا ہوں اور اس سے اپنی
بکریوں پر پتے جھاڑتا ہوں اور میرے اس میں
اور بھی کام ہیں) کیا آپ کا یہ میرا عصا ہے۔ کہنا کافی
نہ تھا۔ موسیٰ علیہ السلام جواب میں فرمانے لگے جب اللہ
تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے
تو میں نے جان لیا کہ وہ ظاہر و پوشیدہ تمام کا جاننے
والا ہے یہ سوال صرف مجھے ہمکلامی سے مانوس کرنے
کیلئے ہے۔ تو میں نے مقتضی حال و مقام کے مطابق
اور لذت اور اُنس حاصل کرنے کیلئے کلام کو لمبا کر دیا

وَسُتِنَاسِيْ بِمُكَالَمَتِيْ اِيَّاكَ، فَسَكَتَ مُوْسٰى عَلَيْهِ
السَّلَامُ، فَأَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بِعَصًا فِيْ يَدِهٖ اِلَى الْغَزَالِيْ وَقَالَ، مَا رَعَيْتَ
الْاَدَبَ مَعَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَكَانَ اَثَرُ
الْعَصَا فِيْ جَسَدِ الْغَزَالِيْ ظَاهِرًا وَفِيْ كِتَابِ
رَفِيْقِ الطُّلَّابِ لِاَجَلِ الْعَارِفِيْنَ الشَّيْخُ
مُحَمَّدُ الْجِشْتِيْ نَقْلًا عَنْ شَيْخِ الشُّيُوْخِ قَالَ،
قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنِّيْ رَأَيْتُ رِجَالًا
مِنْ اُمَّتِيْ فِيْ لَيْلَةِ الْمِعْرَاجِ اَرَانِيْهِمُ اللّٰهُ تَعَالٰى
فِيْ مَقَامِيْ، وَالْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ هُوَ الَّذِيْ لَا
يُشَارِكُهٗ فِيْهِ غَيْرُهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ وَاَوْلِيَاءِ اُمَّتِهٖ. انتهى۔
وَقَالَ الشَّيْخُ نِظَامُ الدِّيْنِ الْكَنْجَوِيْ، كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاكِبًا عَلَى الْبُرَاقِ وَغَاشِيَتُهٗ عَلٰى عَاتِقِيْ انتهى وَقَالَ
عُمْدَةُ الْمُحَدِّثِيْنَ الْاِمَامُ نَجْمُ الدِّيْنِ الْغَيْطِيْ فِيْ
كِتَابِ الْمِعْرَاجِ " ثُمَّ سَارَ اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى
فَغَشِيَتْهُ سَحَابَةٌ فِيْهَا مِنْ كُلِّ لَوْنٍ فَتَاَخَّرَ جِبْرِيْلُ
عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ عُرِجَ بِهٖ لِمُسْتَوٰى سَمِعَ فِيْهِ صَرِيْفَ
الْاَقْلَامِ، وَرَاٰى رَجُلًا مُغَيَّبًا فِيْ نُوْرِ الْعَرْشِ
فَقَالَ، مَنْ هٰذَا اَمَلَكٌ؟ قِيْلَ لَا وَقَالَ اَنَبِيٌّ؟
قِيْلَ هٰذَا رَجُلٌ كَانَ فِي الدُّنْيَا لِسَانُهٗ رَطْبٌ

امام غزالی نے عرض کیا جب آپ نے گفتگو کیلئے ہی
طلب فرمایا ہے تو میں نے اسو جہ سے اور لذت اور
انس حاصل کرنے کیلئے کلام کو طویل کر دیا ہے۔ تو موسیٰ
علیہ السلام خاموش ہو گئے۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ
وسلم نے اپنے ہاتھ کے عصا مبارک سے امام غزالی کیطرف
اشارہ کر کے فرمایا تو نے موسیٰ علیہ السلام کے ادب کا لحاظ
نہیں کیا اور جب آپ بیدار ہوئے تو آپکے جسم پر اس عصا
مبارک کا نشان موجود تھا۔ اور شیخ محمد چشتی نے اپنی کتاب
رفیق الطلاب اجل العارفین میں شیخ الشیوخ سے
نقل کیا ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا میں نے شب معراج اپنی امت کے آدمیوں کو
دیکھا اللہ تعالیٰ نے انکو مقام محمود میں مجھے دکھایا
اور مقام محمود صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیساتھ
ہی خاص اس میں دوسرے انبیاء یا رسل یا اولیاء میں سے
کوئی بھی آپ کے ساتھ شریک نہیں اور شیخ نظام الدین
گنجوی فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم براق
پر سوار تھے۔ اور براق کا زین پوش میرے کندھے
پر تھا۔ انتہی۔ اور عمدۃ المحدثین امام نجم الدین غیطی
کتاب المعراج میں لکھتے ہیں پھر آپ سدرۃ المنتہیٰ
کی طرف چڑھے تو مختلف رنگوں کے ایک بادل
نے آپکو ڈھانک لیا اور جبرائیل امین وہیں ٹھہر

Marfat.com

مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَقَلْبُہٗ مُعَلَّقٌ بِالْمَسَاجِدِ وَلَمْ یَبْتَسِمْ بِوَالِدَیْہِ قَطُّ فَرَأٰی رَبَّہٗ، فَخَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا وَکَلَّمَہٗ رَبُّہٗ عِنْدَ ذٰلِکَ، فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ قَالَ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ، قَالَ سَلْ تُعْطَ" الخ وَاعْلَمْ اَنَّ اُوَیْسًا نِ الْقَرْنِیَّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کَانَ نَائِمًا فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ وَ لَمْ یَکُنْ لَہٗ نَصِیْبٌ فِیْ رُؤْیَتِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَتَأَخَّرَ عَنْ مَقَامِ اَوْ اَدْنٰی فَحَصَلَتِ النِّعْمَۃُ الْعُظْمٰی وَالرُّتْبَۃُ الْعُلْیَا لِلْغَوْثِ الْاَعْظَمِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ فَلِھٰذَا قَالَ السَّیِّدُ مُحَمَّدُ نِ الْمَکِّیُّ فِیْ بَحْرِ الْمَعَانِیْ اِنَّ سُلْطَانَ الْاَوْلِیَآءِ السَّیِّدَ عَبْدَ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیَّ فِیْ مَقَامِ الْمَحْبُوْبِیَّۃِ لَہٗ شُھْرَۃٌ عَظِیْمَۃٌ وَغَیْرُہٗ مِنَ الْمَحْبُوْبِیْنَ لَیْسُوْا کَذٰلِکَ، فَاُوَیْسُ نِ الْقَرْنِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ مِنَ الْمَحْبُوْبِیْنَ تَحْتَ قِبَابِ الْعِزَّۃِ وَاشْتِھَارُ مَحْبُوْبِیَّۃِ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ کَاشْتِھَارِ مَحْبُوْبِیَّۃِ حَبِیْبِ اللّٰہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِکَوْنِہٖ عَلٰی قَدَمِہِ الْمُبَارَکَۃِ،

گئے پھر آپ سیدھے چڑھ رہے تھے کہ قلم کے لکھنے کی آواز سنی اور ایک شخص نور کے پردوں میں چھپا ہوا دیکھا آپ نے پوچھا کیا یہ فرشتہ ہے آواز آئی نہیں پھر پوچھا کیا یہ نبی ہے آواز آئی نہیں بلکہ یہ شخص دنیا میں ذکر اللہ سے رطب اللسانی اور دل مساجد کے ساتھ معلق تھا اور اس نے اپنے والدین کو کبھی شست نہیں کہا اسی سبب سے اسے پروردگار کا دیدار نصیب ہوا پس نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سجدے میں گر گئے اور پروردگار سے ہمکلامی ہوئی اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) عرض کی لبیک فرمایا مانگ جو مانگے گا دیا جائیگا۔ الخ اور جاننا چاہیئے کہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ مقام مقعد صدق سوئے ہوئے تھے اور انہیں حضور علیہ السلام کی زیارت نصیب نہ ہوئی اسلئے مقام اَوْ اَدْنٰی سے بھی پیچھے رہ گئے اور یہ نعمت عظمیٰ اور مرتبہ علیا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو حاصل ہوا یہ اللہ کا فضل ہے جسکو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے فضل والا ہے اسی لئے سید محمد مکی نے بحر المعانی میں فرمایا ہے کہ سلطان الاولیاء سید عبد القادر گیلانی کو جتنی مقام محبوبیت میں شہرت عظیم حاصل ہے آتنی اوروں کو نہیں۔ پس اویس قرنی ان محبوبوں میں سے ہیں جو عزت واحترام کی قبا میں چھپے ہوئے ہیں اور حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی محبوبیت ایسی ہی مشہور ہے جیسی حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی کیونکہ غوث اعظم حضور کے قدموں پر ہیں

؞؞ قولہ توفی فی کمال ای بعضہم کمال الی عشق یکون ۱۵۶ والصحیح لعلہ کان فی عشق عمر بہ نما ؞ ولقیاہ للمولی تمام سیادۃ

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّانِيَةُ

فِي وِلَادَتِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

وُلِدَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِي اللَّيْلَةِ الْاُوْلٰى مِنْ رَمَضَانَ سَنَةَ اَرْبَعِمِائَةٍ وَسَبْعِيْنَ مِنْ هِجْرَةِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلِلّٰهِ دَرُّ مَنْ قَالَ مُشِيْرًا اِلٰى وِلَادَتِهٖ وَعُمُرِهٖ وَوَفَاتِهٖ حَيْثُ قَالَ

اِنَّ بَازَ اللّٰهِ سُلْطَانَ الرِّجَالِ ۞ جَاءَ فِيْ عِشْقٍ تُوُفِّيَ فِيْ كَمَالٍ

قوله توفي كمال - اي بختم كمال العشق يكون ٥٦١

ولصحبه: لقد كان في عشق (٤٧٠) عمره نما (٩١) ؛ ولقياه للحي (٥٦١) تمام سيادة

وَظَهَرَتْ لَيْلَةَ وِلَادَتِهٖ خَمْسَةُ اَشْيَاءَ، اَحَدُهَا اَنَّ وَالِدَهُ الْمَاجِدَ نُوْرَ الْحَقِّ وَالدِّيْنِ السَّيِّدَ اَبُوْصَالِحٍ مُوْسٰى جَنْكِيْ دُوْسْت رَاٰى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ جَمِيْعِ الصَّحَابَةِ الْكِرَامِ وَاَئِمَّةِ الْهُدٰى وَالْاَوْلِيَاءِ الْعِظَامِ وَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا وَلَدِيْ يَا اَبَا صَالِحٍ اَعْطَاكَ اللّٰهُ ابْنًا وَهُوَ وَلَدِيْ وَمَحْبُوْبِيْ وَمَحْبُوْبُ اللّٰهِ تَعَالٰى، وَسَيَكُوْنُ لَهٗ شَاْنٌ فِي الْاَوْلِيَاءِ وَالْاَقْطَابِ كَشَاْنِيْ بَيْنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ، وَ

وَثَانِيْهِمَا اَنَّ جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ بِتَبَعِيَّتِهٖ

(۲) دوسری منقبت آپکی ولادت کے بیان میں

آپ یکم رمضان المبارک ۴۷۰ھ میں پیدا ہوئے۔ خدا اسکا بھلا کرے جسنے آپکی ولادت اور وفات کو اس شعر میں اشارۃً بیان فرمایا ہے۔ بیشک اللہ تعالٰی کے بازمردان خدا کے بادشاہ (جناب غوث اعظم) عشق میں پیدا ہوئے اور کمال میں فوت ہوئے آپکی ولادت کی رات پانچ اشیاء کا ظہور ہوا (۱) آپ کے والد ماجد دین وحق کے نور حضرت سید ابوصالح موسیٰ جنگی دوست کو نبی کریم اور صحابہ کرام اولیاء عظام ائمہ دین کی زیارت ہوئی اور حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میرے بیٹے ابوصالح تجھے اللہ تعالے نے ایک فرزند دیا ہے جو میرا بیٹا اور محبوب اور خدا کا بھی محبوب ہے اور اسکا مرتبہ اولیاء میں وہ ہوگا جو میرا انبیاء و رسل میں ہے (۲) حضور علیہ السلام کے بعد تمام انبیاء و رسل نے آپکے والد ماجد کو خواب میں بشارت دی کہ سوائے ائمہ کرام کے تمام اولیاء رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین۔ آپکے فرزند کے مطیع ہونگے اور اس کا قدم اپنی گردنوں پر رکھیں گے اور اسکی اطاعت اُن کے درجات کی ترقی کا باعث ہوگی جو اسکی اطاعت سے منحرف ہوگا وہ قرب الٰہی کی بلندی سے گرکر اور محرومی کے گڑھے میں گر پڑے گا۔ (۳) اس رات گیلان

Marfat.com

المصطفى صلى الله عليه وسلم بشروا إياه في
المنام أن جميع الأولياء سوى الأئمة المعصومين
رضوان الله تعالى عليهم أجمعين يكونون
تحت طاعته ولذلك هذا، ويضعون قدمه
على أعناقهم، وتكون طاعتهم له سببا لترقي
في درجاتهم، ومن ينحرف عن طاعته
يقع من ذروة القرب إلى أسفل البعد
والحرمان وثانيهما ما ولد في تلك الليلة في
جيلان إلا ذكور وهم ألف ومائة ولد،
وكلهم صاروا من الأولياء ورجال الله
المتصرفين لما نقل عن ملفوظ الشيخ محمد
عيسى برهان پوري، أن ذرة النطفة
الغوثية لما انتقلت من صلب والده الناسك
بالشريعة النبوية، واستقرت في رحم
صدف والدته الزكية، وتنورت الأكوان
بولادته البهية، أخرج الله رعاية لحضرته
العلية، الكثير أولياءه من أصلاب آبائهم
إلى أرحام أمهاتهم وأظهرهم
في الوجود ليستفيضوا من فيوضه الخصوصية،
رضي الله تعالى خالق البرية وثالثها
أنه لم يمص في رمضان من الفجر إلى الغروب

ہیں سب لڑکے ہی پیدا ہوئے جن کی تعداد گیارہ سو
تھی اور وہ سب کے سب اولیاء اور مردان خدا ہوئے
جیسے شیخ محمد عیسی برھان پوری کے ملفوظات سے
منقول ہے کہ جب غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا نطفہ
آپکے باپ کی پشت سے نکل کر والدہ کے رحم
میں متمکن ہوا اور آپکی ولادت سے تو اکوان منور ہو
گئے اللہ تعالی نے آپکی خاطر اولیاء کرام کے نطفے اپنے
باپوں کی پشتوں سے نکال کر ماؤں کے رحموں میں
متمکن کئے اور انکو پیدا کیا تاکہ وہ آپ کے فیض
خصوصی سے مستفیض ہوں (۴) آپ نے تمام رمضان
فجر سے لیکر شام تک اپنی والدہ ماجدہ کا دودھ نہیں
پیا۔ آپ روزہ افطار کرنے کے وقت دودھ پیا
کرتے تھے۔ اس بات کی طرف آپ اشارہ کرتے
ہوئے فرماتے ہیں۔ ترجمہ۔ میرے ابتدائی حالات
کے ذکر سے دنیا پر ہے۔ اور بچپن ہی میں میرا روزہ
دار ہونا میری شہرت کا باعث ہے۔ ۵۔ حضور
علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو معراج کی رات آپ کے
کندھے پر پاؤں مبارک رکھا تھا۔ اس کا نشان آپ
کے کندھے پر موجود تھا۔ جیسے ہم منقبت اول میں
ذکر کر چکے ہیں۔ آپ شہر جیلان میں پیدا ہوئے۔
(اور عجمی زبان میں) جیم کی بجائے گاف (یعنی گیلان

ثَدْیَ وَالِدَتِهٖ، وَلَمْ یَرْضَعِ الْاَوْقَاتَ اِلَّا فُطُوْرًا، وَقَالَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ مُشِیْرًا اِلٰی هٰذَا بِدَایَةُ اَمْرِیْ ذِكْرُهٗ مِلْءَ الْفَضَا، وَرُوِیَ فِیْ مَهْدِیْ بِهٖ كَانَ شَعْرٌ تَفْصَحُ نَعَامُ مِنْهَا يُرِیْ عَلٰی كَتِفِهِ الْمُبَارَكِ اَثَرُ قَدَمِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وَضَعَ قَدَمَهٗ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ عَلٰی رَقَبَتِهٖ كَمَا ذَكَرْنَا فِی الْمَنْقَبَةِ الْاُوْلٰی، وَوُلِدَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ فِیْ جِيْلَانَ، وَيُقَالُ بِقَلْبِ الْجِيْمِ كَافًا گِيْلَانَ وَبِيَاءِ النِّسْبَةِ الْجِيْلِیْ، وَبَلَغَتْ وَالِدَتُهُ الشَّرِيْفَةُ اِلٰی سِنِّ الْاِيَاسِ عَنِ الْوِلَادَةِ، لِاَنَّ عُمُرَهَا سِتُّوْنَ سَنَةً فَهٰذِهٖ خَارِقَةٌ لِلْعَادَةِ، وَلَدَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ نُوْرًا اٰيَتًا مَهِيْبًا لَا يُطِيْقُ اَحَدٌ اَنْ يَّرٰی وَجْهَهٗ وَيَنْظُرَ اِلَيْهِ لِبَهْجَتِهٖ وَهَيْبَتِهٖ، وَاُعْطِيَتْ لَهُ الْاَخْلَاقُ الْمُحَمَّدِيَّةُ، وَالْحُسْنُ الْيُوْسُفِیُّ وَالصِّدْقُ الصِّدِّيْقِیُّ، وَالْعَدْلُ الْعُمَرِیُّ، وَالْحِلْمُ الْعُثْمَانِیُّ، وَالْعِلْمُ وَالشَّجَاعَةُ وَالْقُوَّةُ الْحَيْدَرِيَّةُ، رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ۔

پڑھتے ہیں اور یائے نسبت سے جیلی پڑھتے ہیں) نیز آپکی والدہ ماجدہ ولادت سے مایوس ہو چکی تھیں کیوں کہ اس وقت ان کی عمر ساٹھ سال کو پہنچ چکی تھی (اسوقت آپ کی پیدائش) بھی کرامت ہے۔ اور پیدائش کے وقت آپ کی شکل اتنی ہیبت ناک اور نورانی تھی کہ کوئی شخص آپ کو دیکھ نہ سکتا تھا۔ اور آپ کو اخلاق محمدیہ اور حسن یوسفی اور صدق صدیقی اور عدل عمری اور حلم عثمانی وقوت وشجاعت حیدری عطا کی گئی تھی

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّالِثَةُ

فِیْ شَهَادَةِ الْمَشَائِخِ عَلٰی عُلُوِّ مَرْتَبَتِهٖ عَلٰی سَائِرِ الْاَوْلِيَاءِ

ذَكَرَ الْاِمَامُ الْاَوْرَعُ الْاَزْهَدُ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ زُرَيْعِ الزَّنْجَانِیُّ فِیْ كِتَابِهِ الْمُسَمّٰی (بِرَوْضَةِ النَّوَاظِرِ وَنُزْهَةِ الْخَوَاطِرِ) فِیْ مَنَاقِبِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ فِی الْبَابِ السَّادِسِ

(۳) تیسری منقبت مشائخ کی شہادت کے بیان میں کہ آپکا مرتبہ تمام اولیاء سے بلند ہے

امام محمد بن سعید بن احمد سعید بن زریع زنجانی روضۃ النواظر ونزھۃ الخواطر کے چھٹے باب غوث اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کے مناقب میں (ان بزرگوں کا ذکر کرتے ہوئے جنہوں نے آپکے قطبیت میں مرتبہ سنیہ کی بشارت دی ہے) فرماتے ہیں

ترجمہ:۔ تمام مشائخ نے اپنے اپنے زمانہ میں آپکے

فِی ذِکرِ المشایخ الذین بَشَّرُوا فرداً فرداً بِرُتبتِهِ
العَلِیَّةِ فِی قُطبِیَّتِهِ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهم اجمعین
شَهِدَ بِرُتبتِهِ جَمِیعُ المَشَایِخ فِی عَصرِهِ وکانُوا لِغَیرِ
تَنَاکُرٍ اَمَّا الَّذِینَ تَقَدَّمُوا قَد بَشَّرُوا ، بِقُدُومِهِ
المَیمُونِ الکَرمِ لما تری کالعالم البصری هُوَ الحَسَنُ
الَّذِی عَمَّرَ طَرِیقَ السَّالِکِینَ لِسَائِرِ مَن عَصرِهِ
السَّامِی اِلٰی عَصرِ الشَّرِیفِ ، القُطبُ مُحِی الدِّینِ
عَبدِ القَادِرِ مَا مِن رَبِیبٍ کَانَ صَدرُ
زَمَانِهِ اِلَّا وَبَشَّرَهُم بِعَبدِ القَادِرِ هُوَ صَاحِبُ
القَدَمِ الَّذِی خَضَعَت رِقَابُ الاَولِیَاءِ لَهُ
بِغَیرِ تَشَاجُرٍ اِذ قَالَ مَامُورًا عَلٰی کُرسِیِّهِ
قَدَمِی عَلٰی رَقَبَةِ جَمِیعِ اَکَابِرٍ خَضَعَت جَمِیعُ الاَولِیَاءِ
رُؤُسَهُم لِجَلَالِهِ بَادِیهِم وَحَاضِرِهِم لَم یَمتَنِع
اَحَدٌ سِوٰی رَجُلٍ سَهَا ، عَن حَالِهِ مِن
اِصفَهَانَ مُکَابِرٍ اِذ کَانَ بَینَ الاَولِیَاءِ
مُعَظَّمًا ، بِالعِلمِ وَالحَالِ الشَّرِیفِ الفَاخِرِ لٰکِنَّهُ
غَلَبَت عَلَیهِ شَقَاوَتُهُ ، سَبَقَت کَابلِیسِ اللَّعِینِ
الکَافِرِ وَذَکَرَ اَیضًا فِی رَوضَةِ النَّوَاظِرِ فِی
البَابِ الخَامِسِ مِن اَبِی عَلِیِّ الحَسَنِ
البَصرِیِّ بنِ یَسَارٍ اِلٰی ظُهُورِ الشَّیخِ مُحِی الدِّینِ
عَبدِ القَادِرِ ، مَا تَقَیَّدَ شَیخٌ فِی مَجلِسٍ وَلَا جَلَسَ

مرتبہ کی شہادت دی اور ان میں کوئی منکر نہ تھا۔ جو
آپ سے پہلے تھے انہوں نے آپکی تشریف آوری کی
بشارت دی حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ نے
اپنے زمانہ سے لے کر حضرت شیخ قطب سید عبدالقادر
محی الدین کے زمانہ تک واضح کر دیا۔ جو بھی رئیس
اولیاء گذرے ہیں سب نے شیخ عبدالقادر رضی
اللہ عنہ کی خبر دی آپ وہ ہیں جن کے قدم
کے آگے ولیوں نے بلا کسی انکار کے گردنیں
جھکا دیں۔ جب آپ نے مامور من اللہ ہو کر کرسی پر
بیٹھے ہوئے فرمایا میرا قدم اکابر اولیاء کی گردنوں پر
ہے تو آپکے جلال کے آگے حاضر و غائب تمام اولیا نے
سر جھکا دیے اصفہان کے ایک متکبر شخص نے
انکار کیا جو آپ کے حال سے واقف نہ تھا وہ
اولیاء میں علم اور حال فاخر کی وجہ معظم بھی تھا"
لیکن ابلیس لعین کافر کی طرح اس پر شقاوت
غالب آگئی اور روضۃ النواظر کے پانچویں باب میں
مذکور ہے حضرت حسن بصری سے لیکر حضرت
غوث اعظم رضی اللہ عنہم کے زمانہ تک
جتنے اکابر اولیاء کرام گذرے ہیں سب نے
آپ کی پیدائش اور قطب زماں ہونے کی
خبر دی۔

Marfat.com

علی سجادۃ الأولیاء وبشر بظهور الشیخ محی الدین عبد القادر الگیلانی و أخبر بأنه قطب زمانه رضوان الله تعالی علیهم اجمعین ۞

المنقبة الرابعة

في حلولها من ذکر اسمه بغیر طهارة ثم عفی عنه ذکر في کتاب گلزار (قوله گلزار ای بستان) المعاني أن صفة الجلالية کانت غالبة علیه في بدایة حاله، فبسبب غلبتها من ذکر اسمه بغیر وضوء یفارق رأسه جسده ویموت فرأی جده صلی الله علیه وسلم فقال له اترك هذه الحالة وسیجیئ زمان یذکرون اسم الله واسمي بغیر ادب وحرمة، فترکها رحمة للامة، وقال بعضهم لما اشتهرت هذه الحالة ولم یطق احد ذکر اسمه الشریف بغیر وضوء مخافة علی نفسه اجتمع اولیاء بغداد والتجئوا لحضرته ان یعفو (قوله یعفو یقال عفوت الشعر اعفوه او عفیته اعفیه عفیا، ترکته حتی یطول والمراد المسامحة) ال الناس من هذه الشدة رحمة لعباده فقال إني لو احب هذه الحالة لکن نمطبع الحق

چوتھی منقبت اُس بیان میں کہ پہلے جو بھی آپ کا نام بغیر طہارت کے لیتا تھا ہلاک ہو جاتا تھا۔ پھر آپنے معاف فرما دیا۔

کتاب گلزار معانی میں لکھا ہے کہ شروع میں آپ پر جلالیت کا بہت غلبہ تھا اس غلبہ کی یہ حالت تھی کہ جو آپ کا نام بغیر وضو کے لیتا اس کا سر بدن سے جدا ہو جاتا اور وہ مرجاتا تو آپ نے اپنے نانا جان صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ فرماتے ہیں کہ اس حالت کو چھوڑ دو کیونکہ ایک زمانہ ایسا آنے والا ہے جس میں لوگ میرا اور اللہ تعالیٰ کا نام بھی بغیر ادب و حرمت کے ذکر کریں گے تو آپ نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی امت پر رحم کھا کر اس حالت کو ترک کر دیا۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ جب یہ حالت مشہور ہوئی تھی تو اس وقت آپ کا نام بغیر وضو موت کے خوف سے کوئی نہ لیتا تھا۔ بغداد کے اولیاء کرام نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ لوگوں پر رحم کیجئے اور اس سختی کو معاف فرما دیں۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا میں تو اس حالت کو پسند نہیں کرتا لیکن حق تعالیٰ نے

Marfat.com

جلّ جلالہ، انت عظمت اسمی فعظمناک
ومن عزّ عزّنا بلا محالۃ، وذکر المشائخ
ان من ذکر اسمہ الشریف بغیر وضوءٍ
یفیض علیہ الرزق ولذا ہدیۃ الی حضرتہ
فلا بدّ من الوفاء لئلا یقع فی الجفاء، و
من اہدی لیلۃ الجمعۃ حلوا الی حضرتہ
ودخلہ وقرأ الفاتحۃ وقسمہ علی الفقراء
واستمدّ من حضرتہ یمدّ بامدادات کثیرۃ،
ومن قرأ الفاتحۃ وقسمہ علی الفقراء واستمدّ
من حضرتہ یمدّ بامدادات کثیرۃ ۔ ومن
قرأ الفاتحۃ لحضرتہ فی بعض الاحیان
علی طعامہ من مالہ فتح لہ عقد الدارین
ومن ذکر اسمہ الشریف علی وضوءٍ بالاخلاص من التمام فانہ یکون مسرورا فی ذلک
الیوم ویمحو اللہ سیئاتہ وقال بعضہم
سمعت عن مشائخ ان سیدنا الغوث
الاعظم رضی اللہ تعالی عنہ کان مشتغلا
بقراءۃ حزب الیمانی المسمی بحزب المرتضوی
وبسیف اللہ، ومن کثرۃ اشتغالہ بقراءتہ
غلبت علیہ صفۃ الجلالیۃ فی بدء حالہ و
صارت صفۃ الجلالیۃ لہ کالسیف الیمانی

مجھے مخاطب کر کے فرمایا تو نے میرے نام کی عزت کی
ہے - ہم تیرے نام کی عزت کریں گے جو عزت کرتا
وہ معزز بن جاتا ہے - اور مشائخ کرام فرماتے ہیں
جو آپ کا اسم شریف بغیر وضو کے لیتا ہے - وہ
تنگدستی و مفلسی میں مبتلا ہو جاتا ہے - اور جو آپ
کے نام کی نذر مانے اُسے ضرور ادا کر دینا چاہئیے تاکہ
کسی مصیبت میں گرفتار نہ ہو جائے جو جمعرات کو
حلوا پکا کر اور فاتحہ پڑھ کر اس کا ثواب آپ کی
روح مبارک کو پہنچائے اور اس کو فقراء میں تقسیم
کر دے اور آپ سے کسی امر میں مدد طلب کرے
تو آپ اُس کی مدد فرماویں گے اور جو بعض وقت
اپنے مال میں سے کچھ طعام پر ختم شریف پڑھ
کر آپکو ثواب پہنچاتا رہے اسکی دین و دنیوی
مشکلیں حل ہونگی - جو آپ کا نام مبارک اخلاص
تام کے ساتھ باوضو لے وہ تمام دن خوش و خرم
رہیگا - اور اللہ تعالی اس کے گناہ مٹا دے گا -
بعض مشائخ سے منقول ہے - کہ غوث اعظم
حزب الیمانی (یعنی حزب مرتضوی و سیف اللہ) کا ورد
کیا کرتے تھے اور اس کی کثرت ورد کی وجہ سے
آپ پر ابتدائی حالت میں جلالیت کا غلبہ ایسا
تھا جیسی منکروں کی گردن مارنے والی تلوار اور

أَعْنَاقَ الْمُنْكِرِيْنَ، وَالسَّهْمُ الصَّائِبُ أَكْبَادَ الْمُعَانِدِيْنَ. فَمِنْ ذٰلِكَ مَنْ ذَكَرَ اسْمَهُ الشَّرِيْفَ بِغَيْرِ وُضُوْءٍ مِنَ الْمُنْكِرِيْنَ الْجَاحِدِيْنَ، فَإِنَّهُ يُفَارِقُ رَأْسُهُ جَسَدَهُ بِسَيْفِ قُدْرَةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، فَرَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُكَاشَفَةِ فَقَالَ لَهُ: أَنْتَ صِرْتَ سَيْفًا لَا يَحْتَاجُ إِلَى قِرَاءَتِهِ، فَتَرَكَهَا مُدَّةً بِأَمْرِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيُؤَيِّدُ هٰذَا الْكَلَامَ مَا حُكِيَ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْوِلَايَةِ اسْتَشْفَعَ إِلَيْهِ أَنْ يُعْفِيَ النَّاسَ عَنْ هٰذِهِ الْخَطْرَةِ الْعَظِيْمَةِ وَالْوَرْطَةِ الْجَسِيْمَةِ، فَأَمَرَهُ بِالْمُرَاقَبَةِ، فَرَأَى فِي أَثْنَائِهَا سَيْفًا مُعَلَّقًا تَحْتَ الْعَرْشِ، وَالذِّبَّانُ (قوله و الذبان بالكسر كغربان جمع كثرة للذباب المعروف) يَضْرِبْنَ أَنْفُسَهُنَّ بِالسَّيْفِ وَيَقْتُلْنَ أَنْفُسَهُنَّ فَيَمُتْنَ، فَلَمَّا شَاهَدَ تِلْكَ هٰذِهِ الْحَالَةَ أَمَرَهُ الشَّيْخُ بِغَمْضِ عَيْنَيْهِ وَقَالَ لَهُ: إِذَا حَارَبَتِ الذِّبَّانُ السَّيْفَ لَا يَرَوْنَ إِلَّا قَطْعَ رُؤُوْسِهِنَّ، فَالْمُحِبُّوْنَ الْمُخْلِصُوْنَ يَذْكُرُوْنَ اسْمِيْ بِالْأَدَبِ وَالْحُرْمَةِ فِيْ كُلِّ حَالٍ، يَتَشَبَّثُوْنَ بِذَيْلِ الْعَفْوِ وَالْمَغْفِرَةِ فِيْ جَمِيْعِ الْأَحْوَالِ، وَالْمُنْكِرُوْنَ الْمُخَالِفُوْنَ لِعَدَمِ رِعَايَتِهِمُ الْأَدَبَ يَقَعُوْنَ فِي الْمَهَالِكِ وَالْ

دشمنوں کے جگر کو پہنچنے والا تیر اسی لئے منکرین و جاحدین میں سے جس نے کبھی آپ کا نام مبارک بغیر وضوء لیا اُس کی گردن سیف اللہ سے ماری گئی پس مکاشفہ میں حضور نبی کریم علیہ والصلوٰۃ والتسلیم کی زیارت ہوئی تو انہوں نے فرمایا تم تو خود ہی سیف بن چکے ہو اب اسکے پڑھنے کی ضرورت نہیں اور پھر کچھ عرصہ آپنے ورد ترک کر دیا پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اشارہ سے ورد شروع کر دیا اس بات کی تائید اس حکایت سے بھی ہوتی ہے کہ ایک بزرگ نے آپکی خدمت میں عرض کیا آپ لوگوں کو اس مصیبت عظیمہ ورطہ جسیمہ سے نجات دلائیں تو آپنے فرمایا مراقبہ کرو اس نے مراقبہ میں عرش کے نیچے ایک تلوار لٹکی ہوئی دیکھی جس پر مکھیاں اپنے آپ کو گراتی ہیں اور دو ٹکڑے ہو جاتی ہیں۔ تو آپنے اُسے آنکھ کھولنے کا حکم دیا اور فرمایا مکھیاں اس تلوار سے جنگ کرتی ہیں اور اس سے اُنہیں یہی فائدہ حاصل ہوتا ہے (یہی حال میرے دشمنوں کا ہے) اور میرے احباء مخلصین میرا نام ہر حال میں ادب و احترام سے لیتے ہیں اور تمام احوال میں عفو اور مغفرت کا دامن مضبوطی سے پکڑتے ہیں۔ اور مخالفین منکرین بوجہ بے ادبی ہلاکت میں پڑ جاتے ہیں۔ آپ فرماتے

متصلاً وقال رضی اللہ عنہ انا سیفی مشهور
وقوسی موتور، وسهامی صائبة، وفرسی
مسروج، انا نار اللہ الموقدة، وبعد استشفاع
جمیع اهل بغداد رفعت تلک الحالة عن
اهل العناد

ہیں میری تلوار مشہور ہے۔ اور میری کمان چڑھی ہوئی
ہے اور میرا تیر نشانہ پر لگا ہوا ہے اور میرا گھوڑا زین
سے کسا ہوا ہے اور میں اللہ کی بھڑکتی ہوئی آگ ہوں
تمام اہل بغداد کے سفارش کرنے پر آپ نے اس حالت
جلالی کو اہل عناد سے اٹھالیا۔

المنقبة الخامسة

(۵) پانچویں منقبت ایک مسلمان اور عیسائی کے جھگڑے پر مردہ کو زندہ کرنا

فی احیائه صاحب قبر فی مجادلة العیسوی مع
المحمدی، ذکر فی کتاب اسرار الطالبین ان الغوث
الاعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ مر یوماً فی محلة،
فرأی مسلماً ونصرانیاً یتجادلان، فسأل
عن مجادلتهما، فقال المسلم یقول هذا العیسوی
ان نبینا افضل من نبیکم، وانا اقول
بل نبینا افضل فقال الغوث للنصرانی بای
دلیل تثبت فضیلة نبیکم عیسٰی علیه السلام
علی نبینا محمد صلی اللہ علیه وسلم، فقال
العیسوی، ان نبینا کان یحیی الموتٰی،
فقال الغوث انی لست بنبی بل من اتباع
محمد صلی اللہ علیه وسلم ان احییت میتاً اتؤمن

اسرار الطالبین میں لکھا ہے کہ ایک روز غوث اعظم
ایک محلہ سے گزرے تو دیکھا کہ ایک مسلمان اور ایک عیسائی
آپس میں جھگڑ رہے تھے آپ نے جھگڑنے کا سبب
دریافت فرمایا تو مسلمان بولا کہ یہ عیسائی کہتا ہے
عیسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام تمہارے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ
والسلام سے افضل ہیں اور میں کہتا ہوں نہیں بلکہ
ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم افضل ہیں غوث
پاک رضی اللہ عنہ نصرانی سے فرمانے لگے تم اپنے
نبی عیسٰی علیہ السلام کو ہمارے نبی محمد رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم پر کس دلیل سے فضیلت دیتے ہو
نصرانی بولا ہمارے نبی علیہ السلام مردوں کو زندہ
کر دیا کرتے تھے۔ تو آپ نے فرمایا میں نبی نہیں ہوں

Marfat.com

مِنْ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ نَعَمْ،
فَقَالَ اَرِنِيْ قَبْرًا دَارِسًا رَمِيْمًا لِتَرٰى فَضْلَ
نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرَاهُ قَبْرًا
عَتِيْقًا، فَقَالَ لِلْعِيْسَوِيِّ اِنَّ نَبِيَّكُمْ بِاَيِّ كَلَامٍ
كَانَ يُخَاطِبُ الْمَيِّتَ حِيْنَ اِحْيَائِهِ؟ فَقَالَ فِيْ
جَوَابِهِ، كَانَ يُخَاطِبُهُ بِقَوْلِهِ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ،
فَقَالَ لَهُ الْغَوْثُ، اِنَّ صَاحِبَ هٰذَا الْقَبْرِ كَانَ
مُغَنِّيًا فِي الدُّنْيَا اَنَا اُجِيْبُ لَكَ، فَقَالَ نَعَمْ، فَتَوَجَّهَ اِلَى
الْقَبْرِ وَقَالَ قُمْ بِاِذْنِيْ، فَانْشَقَّ الْقَبْرُ وَقَامَ الْمَيِّتُ
حَيًّا مُغَنِّيًا، فَلَمَّا رَاَى النَّصْرَانِيُّ هٰذِهِ الْكَرَامَةَ
وَفَضْلَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْلَمَ
عَلٰى يَدِ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى
عَنْهُ وَعَنَّا بِبَرَكَاتِهِ اَجْمَعِيْنَ،

بلکہ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا غلام
ہوں اگر میں مردہ زندہ کردوں تو تم مسلمان ہوجاؤ گے
اس نے کہا ہاں۔ پھر آپ نے فرمایا مجھے کوئی بہت
پرانی قبر دکھا تاکہ تجھے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کی فضیلت کا یقین ہوجائے اس نے آپکو پرانی قبر دکھائی
تو آپ نے فرمایا تمہارے نبی کس کلام سے مردہ کو
زندہ کرنے وقت خطاب فرماتے تھے۔ اس نے
جواب میں عرض کیا "قم باذن اللہ" (خدا کے حکم
سے کھڑا ہوجا) غوث پاک نے فرمایا یہ قبر والا دنیا
میں گویّہ تھا۔ اگر تو چاہے تو یہ گاتا ہوا اٹھے۔ میں یہ
بھی کرسکتا ہوں۔ اس نے کہا ہاں یہی چاہتا ہوں
تو آپ قبر کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا۔ قم باذنی
(میرے حکم سے اٹھ) پس قبر پھٹ گئی اور مردہ
زندہ ہوکر گاتا ہوا باہر نکل آیا جب نصرانی نے یہ کرامات اور ہمارے نبی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کی فضیلت دیکھی تو غوث پاک کے ہاتھ پر مشرف باسلام ہوا۔ رضی اللہ عنہم

(۵)

اَلْمَنْقَبَةُ السَّادِسَةُ

فِيْ اَخْبَارِ كَوْنِ اِسْمِهِ الشَّرِيْفِ كَالْاِسْمِ
الْاَعْظَمِ ذُكِرَ فِيْ رِسَالَةِ حَقِيْقَةِ الْحَقَائِقِ
اِنَّ امْرَاَةً غَرِقَ وَلَدُهَا فِي الْيَمِّ وَجَاءَتْ

(۶) چھٹی منقبت آپ کا نام اسم اعظم کے برابر ہے

رسالہ حقیقۃ الحقائق میں لکھا ہے کہ ایک عورت
کا لڑکا دریا میں غرق ہوگیا وہ حضرت غوث الاعظم

إلى الغوث الأعظم وقالت إن ولدي غرق
في البحر واعتقادي جازم بأنك تقدر
على رد ولدي إلي حيا، فقال لها رضي
الله عنه ارجعي إلى بيتك تجدي ولدك،
فراحت ولم تجده، فجاءت ثانيا وتضرعت،
فقال لها الغوث أيضا ارجعي إلى بيتك
تجدي ولدك في بيتك، فراحت ولم تجده،
فجاءت ثالثة بالبكاء والتضرع فراقب
الغوث وانحنى برأسه ثم رفع رأسه
فقال لها، ارجعي إلى بيتك تجدي ولدك
في البيت، فراحت ووجدت ولدها في
البيت، فقال الغوث الأعظم بطريق
المحبوبية يا رب لم أخجلتني مرتين
عند تلك المرأة، فجاءه الخطاب من
الملك الوهاب، إن كلامك حين قلت
لها كان صدقا، ففي المرة الأولى جمعت
الملائكة أجزاءه المتفرقة، وفي المرة
الثانية أحييته، وفي الثالثة أخرجته من
اليم وأوصلته إلى دارها، فقال الغوث
يا رب خلقت الأكوان بأمر كن، ولم يسبق
زمان ولو آن وقت البعث تجمع أجزاء

کی خدمت میں آکر عرض کرنے لگی کہ میرا لڑکا دریا میں
غرق ہوگیا ہے اور میرا یہ اعتقاد جازم ہے کہ آپ
میرے لڑکے کو زندہ کرکے میری طرف لوٹا سکتے ہیں۔
آپ نے فرمایا گھر لوٹ جا تو اپنے لڑکے کو پائیگی
وہ گھر گئی مگر بچہ نہ پایا دوسری دفعہ آکر زاری کی تو
آپ نے اسی طرح پھر فرمایا گھر لوٹ جا تو اپنے
لڑکے کو پائے گی۔ وہ گھر گئی لیکن بچہ نہ پایا پھر
تیسری دفعہ روتی زاری کرتی ہوئی آئی تو غوث پاک
نے مراقبہ کیا اور اپنے سر مبارک کو ہلایا پھر سر
اٹھاکر فرمایا گھر جا تو اپنے بیٹے کو گھر پائے گی۔ وہ
گھر آئی تو بیٹا گھر موجود تھا۔ غوث اعظم نے محبوبیت
کی حالت میں آکر عرض کیا اے میرے پروردگار تو
نے مجھے اس عورت کے آگے دو دفعہ کیوں شرمندہ
کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خطاب ہوا کہ تیری
کلام سچی تھی مگر پہلی مرتبہ ملائکہ نے اس کے اجزاء
متفرقہ اکٹھے کئے اور دوسری مرتبہ میں نے اس کو
زندہ کردیا اور تیسری مرتبہ میں نے اُسے دریا سے
نکالکر گھر پہنچادیا۔ عرض کیا اے پروردگار تو نے
دنیا کو کلمہ کن سے پیدا کیا اور اس میں دیر نہیں لگی
قیامت کے دن بیشمار اجسام کی اجزاء کو ایک لمحہ
میں جمع کرکے زندہ کرنیکے بعد اٹھاکر دیگا اور یہ

Marfat.com

هُمُ الْمُتَفَرِّقَةُ الَّتِي لَا نِهَايَةَ لَهَا وَتَحْشُرُهُمْ فِي طَرْفَةِ عَيْنٍ، وَجَمْعُ أَجْزَاءِ جَسَدٍ وَاحِدٍ وَإِحْيَاؤُهُ وَبَعْثُهُ إِلَى الدَّارِ هَا شَيْءٌ جُزْئِيٌّ مَا الْحِكْمَةُ فِي هٰذَا التَّأْخِيرِ؛ فَجَاءَ الْخِطَابُ مِنَ الرَّبِّ الْقَدِيرِ أُطْلُبْ مَا تَطْلُبُ فَقَدْ أَعْطَيْنَاكَ عِوَضًا عَنِ انْكِسَارِ قَلْبِكَ، فَتَضَرَّعَ الْغَوْثُ وَوَضَعَ وَجْهَهُ عَلَى التُّرَابِ وَقَالَ، يَا رَبِّ أَنَا مَخْلُوقٌ فَبِقَدْرِ مَخْلُوقِيَّتِي يَلِيقُ بِيَ الطَّلَبُ، وَأَنْتَ خَالِقٌ فَبِقَدْرِ عَظَمَتِكَ وَخَالِقِيَّتِكَ يَلِيقُ بِكَ الْعَطَاءُ، فَجَاءَهُ الْخِطَابُ، كُلُّ مَنْ يَرَاكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَكُونُ وَلِيًّا مُقَرَّبًا، وَإِذَا نَظَرْتَ إِلَى التُّرَابِ يَكُونُ ذَهَبًا، فَقَالَ يَا رَبِّ لَيْسَ لِي نَفْعٌ مِنْ هٰذَيْنِ، أَعْطِنِي شَيْئًا أَعْظَمَ مِنْهُمَا وَيَبْقَى بَعْدِي يَنْفَعُ فِي الدَّارَيْنِ، فَجَاءَهُ الْخِطَابُ مِنَ اللهِ الْعَزِيزِ الْقَدِيرِ، قَدْ جَعَلْتُ أَسْمَاءَكَ مِثْلَ أَسْمَائِي فِي الثَّوَابِ وَالتَّأْثِيرِ، وَمَنْ قَرَأَ اسْمًا مِنْ أَسْمَائِكَ فَهُوَ كَمَنْ قَرَأَ اسْمًا مِنْ أَسْمَائِي

ایک جسم کے تمام اجزاء اور زندہ کرنا اور گھر پہنچانا تو ایک جزئی ہے اس تاخیر میں کیا حکمت ہے۔ رب قدیر کی طرف سے خطاب ہوا جو مانگنا ہے مانگ ہم تیری دل شکنی کا بدلہ دیتے ہیں (یہ خطاب سن کر) غوث پاک زاری کرتے ہوئے سجدہ میں چلے گئے اور عرض کیا اے پروردگار میں مخلوق ہوں اور میری طلب بھی مخلوقیت کے موافق ہونی چاہیئے اور تو خالق ہے اور تیری عطاء بھی تیری عظمت و خالقیت کے موافق ہونی چاہیئے تو خطاب ہوا جو بھی تجھے جمعہ کے دن دیکھے گا وہ ولی مقرب ہو جائے گا۔ اور اگر تو مٹی پر نظر ڈالے گا سونا ہو جائے گی عرض کیا مجھے ان دونوں باتوں سے کوئی نفع نہیں مجھے ایسی شئی عنایت فرما جو ان سے اعلیٰ ہو اور میرے مرنے کے بعد باقی رہے تاکہ لوگوں کو دنیا و آخرت میں نفع دے پس آواز آئی میں نے تیرے ناموں کو اپنے ناموں کے برابر ثواب و تاثیر میں کر دیا پس جس نے تیرے ناموں سے کوئی نام لیا گویا اس نے میرا نام لیا۔

Marfat.com

اَلْمُنْقَبَةُ السَّابِعَةُ

(فِی تَخْلِیْصِ الْاَرْوَاحِ مِنْ قَبْضَةِ مَلَكِ الْمَوْتِ)

رُوِیَ عَنِ السَّیِّدِ الشَّیْخِ الْکَبِیْرِ اَبِی الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ الرِّفَاعِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِنَّہٗ قَالَ، تُوُفِّیَ اَحَدُ خُدَّامِ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ، وَجَاءَتْ زَوْجَتُہٗ اِلَی الْغَوْثِ، فَتَضَرَّعَتْ وَالْتَجَأَتْ اِلَیْہِ وَطَلَبَتْ حَیَاةَ زَوْجِھَا، فَتَوَجَّہَ الْغَوْثُ اِلَی الْمُرَاقَبَةِ فَرَاٰی فِیْ عِلْمِ الْبَاطِنِ اَنَّ مَلَكَ الْمَوْتِ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَصْعَدُ اِلَی السَّمَآءِ وَمَعَہُ الْاَرْوَاحُ الْمَقْبُوْضَةُ فِیْ ذٰلِكَ الْیَوْمِ، فَقَالَ یَا مَلَكَ الْمَوْتِ قِفْ وَاَعْطِنِیْ رُوْحَ خَادِمِیْ فُلَانٍ وَسَمَّاہُ بِاسْمِہٖ، فَقَالَ مَلَكُ الْمَوْتِ اِنِّیْ اَقْبِضُ الْاَرْوَاحَ بِاَمْرِ اِلٰھِیٍّ، وَاُؤَدِّیْھَا اِلٰی بَابِ عَظَمَتِہٖ کَیْفَ یُمْکِنُنِیْ اَنْ اُعْطِیَكَ رُوْحَ الَّذِیْ قَبَضْتُہٗ بِاَمْرِ رَبِّیْ، فَکَرَّرَ الْغَوْثُ عَلَیْہِ اِعْطَاءَ رُوْحِ خَادِمِہٖ اِلَیْہِ فَامْتَنَعَ مِنْ اِعْطَائِہٖ وَفِیْ یَدِہٖ ظَرْفٌ مَعْنَوِیٌّ کَھَیْئَةِ الزَّنْبِیْلِ فِیْہِ الْاَرْوَاحُ الْمَقْبُوْضَةُ فِیْ ذٰلِكَ الْیَوْمِ، فَبِقُوَّةِ الْمَحْبُوْبِیَّةِ جَرَّ الزَّنْبِیْلَ

(۷) ساتویں منقبت آپ کا ملک الموت سے ارواح چھڑوانا

شیخ سید ابو العباس احمد رفاعی سے روایت ہے کہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا ایک خادم فوت ہو گیا اس کی بیوی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آہ و زاری سے اپنے خاوند کے زندہ ہونے کی التجا کی آپ نے مراقبہ کیا اور علم باطن سے دیکھا کہ ملک الموت علیہ الصلوٰۃ والسلام اس دن کی تمام ارواح مقبوضہ لیکر آسمان کی طرف جا رہا ہے تو آپ نے ملک الموت سے کہا ٹھہر جائیں اور مجھے میرے فلاں خادم کی روح واپس کر دیں تو ملک الموت نے جواب میں فرمایا میں ارواح کو حکم الٰہی سے قبض کر کے اس کی درگاہ عظیمہ میں پیش کرتا ہوں تو یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ میں اس شخص کی روح تجھے دے دوں جسکو میں بحکم پروردگار قبض کر چکا ہوں۔ مگر آپ نے تکرار سے کہا لیکن ملک الموت نہ مانے اور ان کے ایک ہاتھ میں ٹوکری تھی۔ جس میں اس دن کی ارواح مقبوضہ تھیں پس قوت محبوبیت[1] سے ٹوکری ان کے ہاتھ سے لے لی۔ تو ارواح متفرق ہو کر اپنے اپنے بدنوں

[1] اس مسئلہ کی وضاحت اعلیٰحضرت عظیم البرکت مجدد مائۃ حاضرہ کی کتاب عرفان شریعت میں ملاحظہ فرمائیں۔

وَأَخَذَهُ مِنْ يَدِهٖ، فَتَفَرَّقَتِ الْأَرْوَاحُ وَرَجَعَتْ إِلٰى أَبْدَانِهَا، فَنَاجٰى مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ رَبَّهٗ وَقَالَ يَا رَبِّ أَنْتَ أَعْلَمُ بِمَا جَرٰى بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَحْبُوْبِكَ وَوَلِيِّكَ عَبْدِ الْقَادِرِ، فَبِقُوَّةِ السَّلْطَنَةِ وَالصَّوْلَةِ أَخَذَ مِنِّيْ مَا قَبَضْتُهٗ مِنَ الْأَرْوَاحِ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ، فَخَاطَبَهُ الْحَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ، يَا مَلَكَ الْمَوْتِ إِنَّ الْغَوْثَ الْأَعْظَمَ مَحْبُوْبِيْ وَمَطْلُوْبِيْ، لِمَ لَا أَعْطَيْتَهٗ رُوْحَ خَادِمِهٖ، وَقَدْ رَاحَتِ الْأَرْوَاحُ الْكَثِيْرَةُ مِنْ قَبْضَتِكَ بِسَبَبِ وَاحِدٍ، فَتَنَدَّمْ هٰذَا الْوَقْتَ،

میں چلی گئی۔ ملک الموت نے اپنے رب سے مناجات کی اور عرض کیا کہ اے پروردگار تو جانتا ہے جو میرے اور تیرے محبوب عبدالقادر کے درمیان گذری اس نے مجھ سے آج کی تمام مقبوضہ ارواح لے لیں ہیں۔ حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا اے ملک الموت بیشک غوث اعظم میرا محبوب و مطلوب ہے تو نے اسے اس کے خادم کی روح واپس کیوں نہ دے دی۔ اگر ایک روح واپس دے دیتے تو آج اتنی ارواح ایک روح کے سبب کیوں واپس جاتیں اور کیوں پچھتاتے

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّامِنَةُ

(فِيْ جَعْلِهِ الْأُنْثٰى ذَكَرًا)

(۸) آٹھویں منقبت آپ کا لڑکی کو لڑکا بنانا۔

قَالَ الرَّاوِيْ وَهُوَ مُؤَلِّفُ هٰذِهِ الْمَنَاقِبِ بِالْفَارِسِيَّةِ، سَمِعْتُ عَنْ شَيْخِي الشَّيْخِ دَاوُدَ الْقَادِرِيِّ نَشَرَ اللّٰهُ سِرَّهٗ أَنَّهٗ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى الْغَوْثِ الْأَعْظَمِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَقَالَ، هٰذَا الْبَابُ الْعَالِيْ قِبْلَةُ الْحَاجَاتِ وَمَلْجَأُ النَّجَاةِ، فَأَنَا أَلْتَجِئُ إِلَيْهِ وَأَطْلُبُ وَلَدًا ذَكَرًا، فَقَالَ لَهُ الْغَوْثُ،

راوی کہتا ہے یعنی اس رسالہ کا فارسی زبان میں مؤلف میں نے شیخ داؤد قادری سے سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ ایک شخص حضور غوث پاک کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یہ در عالی قبلہ حاجات و ملجاء النجاۃ ہے بیشک میں اسکی طرف التجا کرتا ہوں اور ایک لڑکا طلب کرتا ہوں تو

Marfat.com

طَلَبْتُ مِنَ اللّٰهِ أَنْ يُعْطِيَكَ مَا تُرِيْدُ فَيُعْطِيْكَ فَلَازَمَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ حُضُوْرَهُ كُلَّ يَوْمٍ فِيْ مَجْلِسِهٖ فَبِحُكْمِ الْقَادِرِ الْمُطْلَقِ وَلَدَتْ لَهٗ بِنْتٌ، فَأَخَذَهَا الرَّجُلُ وَأَدَّاهَا إِلَى الْغَوْثِ، وَقَالَ كَلَامُنَا عَلٰى وَلَدٍ ذَكَرٍ وَهٰذِهٖ بِنْتٌ، فَقَالَ لَهُ الْغَوْثُ لُفَّهَا وَأَدِّهَا إِلَى الْبَيْتِ، وَتَرٰى مَا يَظْهَرُ مِنْ وَرَاءِ أَسْتَارِ الْغَيْبِ۔ فَلَفَّهَا وَأَخَذَهَا وَأَدَّاهَا إِلَى الْبَيْتِ، فَإِذَا هِيَ وَلَدٌ ذَكَرٌ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى ؁

غوث پاک نے فرمایا میں نے اللہ تعالیٰ سے تیرے لئے دعا کی ہے وہ تجھے جو تو چاہتا ہے۔ عطا کرے گا یہ سن کر وہ شخص ہر روز آپ کی مجلس میں حاضر ہونے لگا قادر مطلق کے حکم سے اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگئی وہ اس کو آپ کی خدمت میں حاضر کر کے کہنے لگا آپ نے فرمایا تھا لڑکا ہوگا۔ اور یہ لڑکی ہے تو غوث پاک نے فرمایا اسکو لپیٹ کر گھر لے جا اور دیکھ پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ وہ اس کو لپیٹ کر گھر لے آیا دیکھا تو قدرت الٰہی سے لڑکا تھا

اَلْمَنْقَبَةُ التَّاسِعَةُ

فِيْ تَخْلِيْصِ مُرِيْدِيْهِ مِنْ نَارِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

قَالَ مِيَانُ عَظْمَةُ اللّٰهِ ابْنُ الْقَاضِيْ عِمَادِ بْنِ مِيَانُ نِظَامِ مُحَمَّدِ بْنِ شَاهِ بْنِ مُحَمَّدٍ ابْنِ قُدْوَةِ الْعُلَمَاءِ وَالْعَارِفِيْنَ وَجِيْهُ الْحَقِّ وَالدِّيْنِ الْعُلْوِيْ، عَلَيْهِ رَحْمَةُ الْمَلِكِ الْقَوِيِّ كَانَ فِيْ بَلْدَةِ بُرْهَانْپُوْرِ رَجُلٌ ذُوْ مَالٍ مِنَ الْهُنُوْدِ مِنْ عَبَدَةِ النَّارِ، وَدَارُهٗ مُتَّصِلَةٌ بِدَارِنَا، وَلَهٗ اعْتِقَادٌ تَامٌّ فِيْ حَضْرَةِ الْغَوْثِ الْأَعْظَمِ، وَنَسَبَ نَفْسَهٗ إِلٰى نَفْسِهٖ فِيْ حَضْرَتِهٖ،

(۹) نویں منقبت آپ کا مریدوں کو دنیا و آخرت کی آگ سے بچانا۔

میاں عظمۃ اللہ بن قاضی عماد بن میاں نظام محمد بن شاہ بن محمد قدوہ العلماء والعارفین وجیہ الحق والدین ... العلوی فرماتے ہیں کہ شہر برہانپور میں ایک مالدار آتش پرست ہندو رہتا تھا۔ جس کا گھر ہمارے گھر کے متصل تھا۔ مگر حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا بہت معتقد تھا۔ اور اپنے آپ کو آپکا مرید بتاتا تھا۔ اور ہر سال قسم قسم کے کھانے پکا کر علماء فقراء کو کھلاتا اور مشغول

وکان یعمل کل سنة انواعا کثیرة من الطعام ویدعو الافاضل والاکابر والفقراء ویطعمهم، ویوقد الشموع ویزین المجلس بانواع الزینة والطیب، وکل ذلک فی محبة الغوث اللبیب، فلما توفی ذلک الرجل الهندی اخذه اولاده حراق فی مکانهم المعهود وجمعوا حطبا کثیرا وصبوا علیه سمنا وافرا ووضعوه فی وسط الاحطاب واوقدوا النیران فما اثرت النار فیه ولا فی شعرة من جسده بقدرة الله المنان، فلما شاهدوا اهله ذلک طال بینهم المقال، واتفقوا علی ان یلقوه فی الماء الجاری لتخلیص انفسهم من النار، وبعد القائهم ایاه فی الماء رای رجل من الاولیاء فی المنام ان الغوث الاعظم اخبره ان الهندی الفلانی احد اولاد المعنویین انتسب الی المسمی بسعد الله عند اهل الله فخذه وغسله وصل علیه صلاة الجنازة وادفنه، فان الله وعدنی لا احرق مریدیک بالنار فی الدنیا والاخرة، واختم لهم فی الدنیا بحسن الخاتمة، والحمد لله علی هذه النعمة الدائمة -

کو روشن کرتا اور مجلس کو طرح طرح کی زینتوں اور خوشبو سے مزین و معطر کرتا یہ سب کچھ آپ کی محبت کی وجہ سے کرتا تھا۔

جب وہ فوت ہوا تو ہندوؤں نے مرگھٹ میں بہت سی لکڑیاں جمع کر کے ان پر گھی ڈالا اور اس کو لکڑیوں میں رکھ کر آگ لگا دی۔ لیکن دیکھو خدا کی قدرت آگ نے اسکا ایک بال تک بھی نہیں جلایا۔ جب ہندوؤں نے یہ دیکھا تو آپس میں طرح طرح کے مشورے کرنے لگے آخر اس بات پر اتفاق ہوا کہ اسے جاری پانی میں پھینک دیا جائے جب اس کو پانی میں ڈالدیا تو حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے ایک بزرگ کو خواب میں فرمایا کہ فلاں ہندو میرا روحانی فرزند ہے جس کا نام مردان خدا کے نزدیک سعد اللہ ہے اسے پکڑ کر غسل دو۔ اور اس پر نماز جنازہ پڑھکر دفن کر دو بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ تیرے مریدوں کو میں دنیا و آخرت کی آگ میں نہ جلاؤنگا اور انکا دنیا میں خاتمہ بالخیر کرونگا۔ اس نعمت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔

المنقبة العاشرة

في استفاضة شاه النقشبند من الغوث
الاعظم في الرؤيا رضي الله تعالى عنه
ذكر الشيخ العارف بالله عبد الله البلخي
في كتاب خوارق الاحباب في معرفة الا
قطاب في الباب الخامس والعشرين في
ذكر قطب العباد، وغوث البلاد، خواجه
بهاء الحق والحقيقة والدين محمد بن
محمد النقشبندي رضي الله تعالى عنه
قال، سمعت عن لسان خواجكي مرمست
وهو سمع عن المشايخ الكاملين المعمرين
السالكين في بلدة بخارى وهم يحكون
ان الغوث الاعظم رضي الله عنه وقف
يوما مع جماعة على سطح، وتوجه الى طرف
بخارى وشمّ رائحة الكرام، وقال بعد
بعدي فاني بمرور مائة وسبعة وخمسين
عاما يولد رجل قلندري محمدي المشرب
المسمى بهاء الدين محمد النقشبندي، و
يفوز بنعمة خاصتي، فصار كما قال، ويروى
ان شاه النقشبندي لما اخذ الحمد و

(۱۰) دسویں منقبت خواب میں آپ سے شاہ نقشبند علیہ الرحمتہ کا مستفیض ہونا؛

شیخ عارف باللہ عبداللہ بلخی اپنی کتاب خوارق الاحباب فی معرفۃ الاقطاب کے پچیسویں باب میں قطب العباد وغوث البلاد خواجہ بہاؤ الحق والدین محمد بن محمد نقشبندی رضی اللہ عنہ کے حالات میں لکھتے ہیں کہ میں نے خواجکی مرمست سے سُنا اور انہوں نے بخاری کے مشائخ کاملین عمر رسیدہ سالکین سے سُنا ہے کہ وہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی حکایت بیان کرتے تھے کہ ایک دن آپ جماعت کے ساتھ کھڑے تھے۔ کہ بخاری کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور ہوا کو سونگا اور بعدہٗ فرمایا میری وفات کے ایک سو ستاون سال بعد ایک مرد قلندری محمدی مشرب المسمی بہاؤالدین محمد نقشبندی پیدا ہوگا جو میری خاص نعمت سے بہرہ ور ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ روائیت ہے کہ حضرت شاہ نقشبند رحمتہ اللہ علیہ نے جب اپنے مرشد سید امیر کلاں رحمتہ اللہ علیہ سے تلقین لی تو انہوں نے اسم ذات کے ورد کرنے کا امر فرمایا لیکن آپ کے دل میں اسم اعظم کا نقش نہ جما جس سے آپ کو رنج وغم ہوا اور (اسی گھبراہٹ میں

Marfat.com

تَلْقِيْنَ عَنْ شَيْخِهٖ السَّيِّدِ اَمِيْرِ كُلَالٍ، وَاَمَرَهٗ
بِالْاِشْتِغَالِ بِاسْمِ ذٰلِكَ الْمَلِكِ الْمُتَعَالِ، وَمَا
تَمَكَّنَ فِيْ قَلْبِهٖ نَقْشُ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ، وَحَصَلَ
لِلشَّاهِ مِنْهُ اِنْقِبَاضٌ اَتَمُّ، وَخَرَجَ اِلَى الصَّحْرَاءِ
فَرَاَى الْخِضْرَ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَائِيًا اِلَيْهِ،
فَاسْتَقْبَلَهُ الشَّيْخُ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ الْخِضْرُ
يَا بَهَاءَ الدِّيْنِ اِنَّ الْاِسْمَ الْاَعْظَمَ وَصَلَنِيْ
مِنَ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ، وَاَنَا اُنَبِّهُكَ فَتَوَجَّهْ اِلٰى
حَضْرَتِهٖ لِتَفُوْزَ عَاجِلًا بِبَرَكَتِهٖ، فَفِي اللَّيْلَةِ
الْمُسْتَقْبِلَةِ رَاَى الشَّاهُ فِي الْمَنَامِ حَضْرَةَ غَوْثِ
الْاَعْظَمِ وَقَدْ اَشَارَ بِاَصَابِعِ يَدِهِ الْيُمْنٰى اِلٰى
صَدْرِهٖ، وَنَقَشَ الْاِسْمَ الْاَعْظَمَ فِيْ بَاطِنِهٖ
بِسِرِّهٖ، لِاَنَّ الْاَصَابِعَ الْخَمْسَ كَنَقْشِ لَفْظَةِ
اللّٰهِ، وَرَاَى الشَّاهُ شَيْئًا يَرٰى فِيْهِ اللّٰهَ، فَلَمَّا
اشْتَهَرَ هٰذَا الَّذِيْ فِيْ دِيَارِهٖ سَاَلُوْهُ عَنْهُ؟
فَقَالَ هٰذَا فَيْضٌ مِّنَ الْفُيُوْضَاتِ، وَعِنَايَةٌ مِّنَ
الْعِنَايَاتِ فِي اللَّيْلَةِ الْمُبَارَكَةِ الَّتِيْ اَنْعَمَ
عَلَيَّ بِهَا الْغَوْثُ الْاَعْظَمُ، وَمِنْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ
اَرٰى اِزْدِيَادَ حَالِيْ عَنِ الْحَالِ الْمُقَدَّمِ،
وَوَجْهُ شُهْرَةِ اسْمِهٖ بِالشَّاهِ النَّقْشَبَنْدِيْ
نَقْشُ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ فِيْ قَلْبِهٖ وَهُوَ يَنْقُشُ فِيْ

جنگل کی طرف چل نکلے رستہ میں خضر علیہ السلام کو
اپنی طرف آتے دیکھا تو اُن کا استقبال کیا اور سلام
عرض کیا حضرت علیہ السلام فرمانے لگے اے بہاؤالدین
مجھے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے اسم اعظم ملا ہے
اور میں تمہیں بھی تنبیہ کرتا ہوں کہ تو بھی غوث پاک
کی طرف متوجہ ہو تاکہ آپ کی برکت سے تم جلدی
کامیاب ہو جاؤ۔ دوسری رات شاہ نقشبند نے
غوث الانام کو خواب میں دیکھا کہ آپ نے داہنے
ہاتھ کی انگلی سے سینہ کی طرف اشارہ کیا اور
اسم اعظم کے نقش کو دل پر جما دیا کیونکہ ہاتھ کی
پانچوں انگلیاں لفظ اللہ کی شکل پر ہیں اور اس
وقت آپ کو اللہ تعالیٰ کا دیدار ہو گیا۔ جب اس
بات کا لوگوں میں چرچہ ہوا تو انہوں نے آپ سے
پوچھا آپ نے فرمایا یہ اُس مبارک رات کے فیوضات
میں سے ایک فیض اور عنایات میں سے ایک
عنایت ہے جسمیں حضور غوث اعظم نے مجھ پر
عنایت فرمائی اس رات میں نے اپنی سابقہ حالت
میں بہت اضافہ دیکھا۔ آپ کا نام شاہ نقشبند
مشہور ہونیکا باعث غوث پاک کا آپکے دل میں اسم
اعظم کو نقش کرنا ہے۔ خواجہ نقشبند ہمیشہ اپنے
مریدوں کے دلوں میں اسم اعظم کا نقش جمایا کرتے

قُلُوبِ الطَّالِبِيْنَ مِنْ جَذْبِهٖ، وَسَأَلُوْا مِنْهُ مَا نَقُوْلُ فِيْ قَوْلِ الْغَوْثِ، قَدَمِيْ هٰذِهٖ عَلٰى رَقَبَةِ كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ؛ فَقَالَ بَهَاءُ الدِّيْنِ عَلٰى عَيْنِيْ أَوْ عَلٰى بَصِيْرَتِيْ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ

تھے آپ سے غوث پاک کے اس قول قدمی ہٰذہ علی رقبۃ کل ولی اللہ کی نسبت دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا (گرد ن تو در کنار) آپ کا قدم میری آنکھوں پر ہے۔

اَلْمَنْقَبَةُ الْحَادِيَةُ عَشَرَةَ

فِيْ اِسْتِفَاضَةِ خَوَاجَةِ مُعِيْنِ الْحَقِّ وَالدِّيْنِ الْجِشْتِيِّ مِنَ الْغَوْثِ الْأَعْظَمِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

ذَكَرَ قُدْوَةُ الْمَشَايِخِ وَقُطْبُ الْخَلَائِقِ أَمِيْرُ مُحَمَّدِنِ الْحُسَيْنِيُّ فِيْ كِتَابِ لَطَائِفِ الْغَرَائِبِ عَنْ لِسَانِ قُطْبِ الْعَالَمِ نَصِيْرِ الدِّيْنِ مَحْمُوْدٍ نُوَّرَ مَضْجَعُهُ الْوَدُوْدُ، لَمَّا قَالَ الْغَوْثُ الْأَعْظَمُ بِأَمْرِ اللّٰهِ قَدَمِيْ هٰذِهٖ عَلٰى رَقَبَةِ كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ وَضَعَ جَمِيْعُ الْأَوْلِيَاءِ رِقَابَهُمْ، وَكَانَ خَوَاجَةُ مُعِيْنُ الْحَقِّ وَالدِّيْنِ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ مِنَ الشَّبَابِ مُجَاهِدًا مُوْتَاضًا فِيْ غَارِ جَبَلٍ مِنْ بَلْدَةِ خُرَاسَانَ، فَبِمُجَرَّدِ اطِّلَاعِهٖ عَلٰى هٰذَا الْأَمْرِ الْإِلٰهِيِّ بَادَرَ إِلٰى تَقْدِيْمِ انْحِنَاءِ رَاسِهٖ عَنْ سَائِرِ الْأَوْلِيَاءِ وَوَضَعَ رَأْسَهٗ عَلَى الْأَرْضِ قَالَ بَلْ عَلٰى رَاسِيْ، وَكَشَفَ

(۱۱) گیارہویں منقبت آپ سے حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمتہ اللہ علیہ کے مستفیض ہونیکے بیان میں

قدوۃ المشائخ قطب اطلاق حضرت امیر محمد حسینی اپنی کتاب - لطائف الغرائب - میں حضرت نصیر الدین محمود کی زبانی تحریر فرماتے ہیں کہ جب حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے بحکم الٰہی - قدمی ہٰذہ علی رقبۃ کل ولی اللہ فرمایا تو تمام اولیا کرام نے اپنی گردنیں جھکا دیں اور اس وقت حضرت خواجہ معین الدین خراسان کے ایک پہاڑ کی غار میں مجاہدہ کر رہے تھے آپ نے اس امر الٰہی کی صرف اطلاع ہی پاتے جلدی سے تمام اولیاء کرام سے پہلے اپنے سر کو اتنا جھکایا کہ سر زمین پر لگ گیا اور عرض کی بل علی راسی یعنے بلکہ آپ کا قدم میرے سر پر ہے اللہ تعالیٰ نے اس حالت کا غوث پاک پر انکشاف فرمادیا تو آپ نے ان کی تعریف اولیاء کرام کے بھرے مجمع میں فرمایا

اللّٰهُ هٰذَا الْحَالَ لِلْغَوْثِ الْاَعْظَمِ فِي الْحَالِ، فَقَالَ فِي حَقِّهِ فِي جَمْعٍ مِّنَ الْاَوْلِيَاءِ، اِنَّ وَلَدَ غِيَاثِ الدِّيْنِ سَبَقَ فِي وَضْعِ رَقَبَتِهِ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ وَ اَحْبَابَهُ، فَبِتَوَاضُعِهِ وَحُسْنِ اَدَبِهِ صَارَ مَحْبُوْبًا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، وَسَيُعْطٰى زِمَامُ تَصَرُّفِ الْمُلْكِ فِي يَدِهٖ فَصَارَ كَمَا قَالَ قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْمَلِكُ الْمُتَعَالِ، وَقَالَ مَوْلَانَا الشَّيْخُ مُحَمَّدٌ جَمَالُ الدِّيْنِ السُّهْرَوَرْدِيُّ فِي سِيَرِ الْعَارِفِيْنَ، اِجْتَمَعَ مُعِيْنُ الْحَقِّ وَالدِّيْنِ الْجِشْتِيُّ مَعَ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ، وَاصْطَحَبَ مَعَ حَضْرَتِهٖ سَبْعًا وَّخَمْسِيْنَ يَوْمًا مَعَ اللَّيَالِ، وَاسْتَفَاضَ مِنْ حَضْرَتِهٖ اَنْوَاعَ الْفَيْضِ وَ جَمْعِيَّةِ الْبَاطِنِ وَالْكَمَالِ وَذَكَرَ السَّيِّدُ آدَمُ النَّقْشَبَنْدِيُّ فِي نِكَاتِ الْاَسْرَارِ اِنَّهٗ جَرٰى فِي مَجْلِسِ الشَّيْخِ فَرِيْدِ الدِّيْنِ مُحَمَّدٍ گَنْجِ شَكَرٍ، ذِكْرُ وَضْعِ قَدَمِ الشَّيْخِ عَلٰى رِقَابِ الْاَوْلِيَاءِ، فَقَالَ لَئِنْ كُنْتُ فِي ذٰلِكَ الزَّمَانِ لَوَضَعْتُ قَدَمَهٗ عَلٰى رَقَبَتِي، وَبِالْاِفْتِخَارِ اَقُوْلُ عَلٰى حَدَقَةِ عَيْنِي، اِنَّ شَيْخِي مُعِيْنُ الْحَقِّ وَالدِّيْنِ مِنَ الَّذِيْنَ وَضَعَ قَدَمَهٗ

غیاث الدین کا لڑکا اولیاء کرام اور اپنے احباب سے گردن رکھنے میں سبقت لے گیا ہے اور وہ تواضع اور حسن ادب کی وجہ سے اللہ و رسول کا محبوب بن گیا ہے۔ اور عنقریب اُس کو ہندوستان کی حکومت کی باگ ڈور دی جائے گی چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ مولانا محمد جمال الدین سہروردی۔ سیر العارفین میں لکھتے ہیں۔ کہ حضرت معین الدین چشتی رضی اللہ عنہ اور حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی ایک پہاڑ میں ملاقات ہوئی ہے۔ اور آپ غوث پاک کی صحبت میں ستاون دن رہے اور آپ کے فیوضات اور جمعیہ باطن و کمال سے بہرہ ور ہوئے اور حضرت سید آدم نقشبندی نکات الاسرار میں لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت فرید الدین شکر گنج رحمتہ اللہ علیہ کی مجلس میں ولیوں کی گردنوں پر غوث پاک کے قدم رکھنے کا ذکر ہوا۔ آپ نے فرمایا اگر میں اُس زمانے میں ہوتا تو خود آپ کا قدم اپنی گردن پر رکھتا اور فخر سے عرض کرتا کہ آپ کا قدم مبارک میری آنکھ کی پتلی پر بھی ہے اس لئے کہ میرے شیخ معین الحق والدین ان مشائخ میں سے ہیں جنہوں نے آپ کا قدم مبارک اپنے کندھے پر رکھا ہے۔

Marfat.com

عَلٰی رَقَبَتِہٖ، فَمَنْصَبِیْ اَنْ اَقُوْلَ عَلٰی حَدَقَۃِ عَیْنِیْ
وَقَالَ الشَّیْخُ نُوْرُ اللّٰہِ حَفِیْدُ الْفَقِیْہِ الشَّیْخُ
حَسَنُ الْقُطْبِیْ فِی اللَّطَائِفِ الْقَادِرِیَّۃِ، اِنَّ
شَیْخَ الْوَاصِلِیْنَ مُعِیْنُ الْحَقِّ وَالدِّیْنِ الْجِشْتِیْ
طَلَبَ الْعِرَاقَ مِنَ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ فَقَالَ لَہٗ
الْغَوْثُ اَعْطَیْتُ الْعِرَاقَ لِشِہَابِ الدِّیْنِ
عُمَرَ السُّہْرَوَرْدِیِّ وَاَعْطَیْتُکَ الْھِنْدَ،
رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ،

تو میرا منصب یہی ہے کہ کہوں حضرت غوث پاک
کا قدم مبارک میری آنکھ کی پتلی پر ہے۔ شیخ نور اللہ
حفید فقیہ شیخ حسن قطبی اللطائف القادریہ
تحریر فرماتے ہیں کہ شیخ الواصلین معین الحق والدین
چشتی نے غوث اعظم سے عراق مانگا تو آپ
نے فرمایا یہ تو میں شہاب الدین عمر سہروردی
کو دے چکا ہوں اور تجھے میں ہندوستان
عطا کرتا ہوں۔

اَلْمَنْقَبَۃُ الثَّانِیَۃُ عَشْرَۃَ

(فِیْ جَعْلِہِ الْمَرْدُوْدَ مَقْبُوْلًا)

ذُکِرَ فِیْ مَلْفُوْظِ الْغِیَاثِیَّۃِ، اِنَّ فِیْ زَمَنِ الْغَوْثِ
الْاَعْظَمِ سُلِبَ حَالُ رَجُلٍ مِّنَ الْمُقَرَّبِیْنَ، وَوَقَعَ
فِی الْاَلْسِنَۃِ الْاَصَاغِرِ وَالْاَکَابِرِ ھٰذَا مَرْدُوْدُ رَبِّ
الْعَالَمِیْنَ، وَالْتَجَأَ بِثَلٰثِ مِائَۃٍ وَّسِتِّیْنَ وَ
لِیًّا مِّنَ الْاَوْلِیَاءِ الْکَامِلِیْنَ، فَاسْتَشْفَعُوْا لَہٗ
کُلُّھُمْ، فَمَا نَفَعَتْ شَفَاعَتُھُمْ فِیْ حَقِّہٖ، وَ
رَاَوْا اِسْمَہٗ فِی اللَّوْحِ مَکْتُوْبًا مَعَ الْاَشْقِیَاءِ
وَاَخْبَرُوْہُ بِاَنَّہٗ لَیْسَ مِنَ السُّعَدَاءِ، ثُمَّ
اسْوَدَّ وَجْھُہٗ فَتَوَجَّہَ اِلٰی بَابِ سُلْطَانِ

(۱۲) بارہویں منقبت آپ کے ایک مردود کو مقبول
بنانے کے بیان میں۔

ملفوظ الغیاثیہ میں لکھا ہے کہ حضور غوث پاک کے
زمانہ میں ایک ولی مقرب کی ولایت چھین گئی اور
چھوٹے بڑے سب اُسے مردود کہنے لگے اس نے
تین سو ساٹھ اولیاء کاملین سے التجا کی اور سب نے
اس کی اللہ تعالیٰ کے دربار میں سفارش کی لیکن
اُن کی سفارش سے کچھ فائدہ نہ دیا اور انہوں
نے اسکا نام لوح محفوظ میں فہرست اشقیاء میں
لکھا دیکھا تو اُسے خبر دی کہ تم کبھی کامیاب نہ
ہوں گے پھر اُس کا چہرا سیاہ ہوگیا آخر کار سلطان

الأولياء، فلما رآه الغوث قال له تعال يا فلان
فإن كنت مردودا عن الله فأنا أقدر أجعلك
مقبولا عند الله بإذن الله، وسأل الغوث
من الله قبوله فجاءه الخطاب، أما تعلم
أن ثلاثمائة وستين من أوليائي استشفعوا
له فما استجبت شفاعتهم، لأن اسمه في
اللوح المحفوظ مثبوت بالشقاوة، فقال
الغوث، يا رب أنت قادر أن تجعل
المردود مقبولا والمقبول مردودا، لم أجريت
على لساني قبوله، فجاءه الخطاب، فوضت
أمره إليك، افعل ما تريد، فمقبولك مقبولي
ومردودك مردودي، ثم أمره الغوث بغسل
وجهه ومحا الله اسمه من زمرة الأشقياء،
وأثبته في ديوان الأصفياء، وجاءه الخطاب
من الملك الوهاب، يا غوث الأعظم عطيتك
عندي إني أعطيتك تصرف العزل و
النصب، فمقبولك مقبولي ومردودك
مردودي، اللهم اجعلنا من المقبولين
آمين يا رب العالمين،

الاولیاء حضور غوث اعظم کی خدمت میں حاضر ہوا۔
تو آپ نے فرمایا آجاؤ اگر تم مردود ہو گئے ہو تو
میں خدا کے اذن سے مقبول بنا سکتا ہوں پھر
آپنے اسکے لئے دعا کی۔ ندا آئی کیا تم نہیں جانتے
تین سو ساٹھ اولیاء کاملین اس کیلئے شفارش
کر چکے ہیں اور میں انکی شفارش منظور نہ کی کیونکہ
غنیمت جانا اس کے بارے میں خادموں میں سے کسی خاص کی ڈیوٹی نہ تھی اس لئے کچھ عرصہ بعد یہ خدمت مستقل آپ کے حوالہ ہوگئی کچھ دن بعد پہلے خادموں نے حضور غوث پاک کی خدمت میں شکایت کی کہ ہم آپکی خدمت سے محروم ہوگئے ہیں آپنے فرمایا کیا تم میں کوئی غریب درویش نیا آگیا ہے۔ انہوں نے کہا "جی ہاں" اُس نے ہم سے یہ خدمت لے لی ہے فرمایا وہ اس خدمت پر رہے؛ پھر آپ وضوء کیلئے اُٹھے دیکھا کہ ایک نوجوان اپنے سر پر ٹوکرا اٹھائے لے جا رہا ہے۔ اور بارش ہو رہی تھی جسکی وجہ سے پلیدی کے قطرے اُس پر ٹپک رہے تھے آپ نے ارشاد فرمایا تو کون ہے؟ عرض کی میں شیخ صنعان کا مرید ہوں آپ کو نوجوان کی حالت پر رحم آیا۔ فرمایا مانگ جو مانگتا ہے۔ عرض کی آپ میری خواہش جانتے ہی ہیں۔ آپ نے فرمایا مجھ سے کوئی تو اعلیٰ مقام مانگ عرض کی میرے نزدیک اس کے سوا کوئی اعلیٰ مقام نہیں کہ آپ میرے شیخ کا قصور معاف کر دیں فرمایا تمہاری خاطر میں نے تمہارے لئے میں نے تمہارے شیخ کا قصور معاف کر دیا آپکے اس ارشاد کے ساتھ ہی شیخ صنعان کی آنکھ سے پردہ اُٹھ گیا تو شیخ کے دل سے نصرانیہ کی محبت کا جنازہ نکل گیا اور سابقہ حالات حاصل ہوگئے اور معشوقہ نصرانی سے فوراً جدا ہو گیا مگر وہ اس پر فریفتہ ہو گئی تھی اور اپنا دل دے بیٹھی تھی اس لئے اُس نے آپ کی موافقت چاہی مگر شیخ نے کہا تم کافر ہو اور میں مسلمان ہوں اس واسطے میں تمہیں اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتا یہ سنتے ہی وہ اور اس کے متعلقین سب مسلمان ہو گئے اور آپ کی خدمت میں رہنے لگے رضی اللہ عنہم اجمعین۔

Marfat.com

المنقبة الحادية والثلاثون

في نيل رجل من الأبدال العزل عن منصبه وعفى بتلطيخ جبهته بتراب عتبته رضي الله عنه

ذكروا أنه كان رجل من الأبدال مأموراً بخدمة، فصدر منه خطأ فعزلوه عن مأموريته وعن مقامه، فالتجأ بباب الغوث رضي الله عنه ولطخ جبهته بتراب مدرسته الشريفة بغير تلفظه بكلمة التوبة، فسمع به هاتف من الغيب يا فلان لطخت جبهتك بتراب باب محبوبي السيد عبد القادر عفوت عن خطيئتك وأعطيتك مقاماً أعلى من مقامك السابق، روح إلى حضرته واشكر الله على هذه العطية العظمى في حضوره، فأتى ذلك الرجل المذكور إلى المدرسة لما أمر فوافاه بها مع جماعة من الفضلاء والمشايخ، فشكر الله في حضوره على ما حصل له ببركته من المقام الشامخ، رضي الله عنه۔

(۳۱) اکتیسویں منقبت ایک ابدال کا منصب سے معزول ہونے کے بعد آپ کے آستانہ کی چوکھٹ کی خاک مبارک سے ماتھا خاک آلودہ کرنے سے قصور معاف ہو گیا۔

کہتے ہیں ایک ابدال اپنے فرض منصبی کو انجام دے رہا تھا۔ تو اس سے کوئی خطا وسرزد ہو گئی اس کی وجہ وہ اپنے منصب سے معزول ہو گیا اور اس کو اس مقام سے اتار دیا گیا وہ غوث پاک کی طرف ملتجی ہوا اور امداد کے لئے عرض کیا اور اپنی پیشانی مدرسہ کی خاک پر رکھ کر رونے لگا ابھی زبان سے توبہ کا کلمہ نہ نکالنے پایا تھا کہ ہاتف غیبی نے پکارا اے فلاں چونکہ تو نے میرے محبوب سید عبد القادر کے دروازہ کی خاک پر پیشانی رکھ دی ہے اس لئے جا میں نے تجھے معاف کر دیا اور تجھے پہلے سے بھی بلند مقام عطا کیا ہمارے محبوب کی خدمت میں جا کر اس نعمت عظمیٰ کے بدلے میرا شکریہ ادا کرو۔ وہ شخص حکم کے مطابق مدرسہ میں آیا۔ دیکھا کہ آپ فضلاء اور مشائخ کی جماعت میں تشریف فرما ہیں اس نے آپ کے حضور میں آپ کی برکت سے جو اعلیٰ مقام ملا تھا اس پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

Marfat.com

المنقبة الثانية والثلاثون

في عفو سلطان الجن عن [illegible] قاتل ابنه بمجرد سماعه انه من مريدي الشيخ عبد القادر رضي الله عنه

ذكروا ان عالما فاضلا من فضلاء بغداد خرج بعد اداء صلاة الجمعة مع تلامذته الى المقبرة لزيارة الاموات وقرائة الفاتحة لهم، فرأى في الطريق حية سوداء فقتلها بعصا في يده، فغشيه عجاج مستطيلا، فغاب عن النظر، فتحيرت تلامذته وبعد ساعة رأوه آتيا، فاستقبلوه ورأوه لابسا لباسا انيقا فسألوه عن حاله وعن لباسه؟ فقال، لما غشيني العجاج خطفوني واخذوني الى الجزيرة وغمسوني في قعر البحر واخذوني عند سلطان الجن، فرأيته قائما على سريره وبيده سيف مسلول وقدامه شاب ميت مقتول قد شج رأسه والدم يقطر على جسده، فسأل عني، فقال من هذا؟ قالوا هذا قاتل هذا الشاب، فنظر الي مغضبا، فقال يا استاذ البلد لم قتلت هذا الشاب بلا موجب؟ فانكرت فقلت حاش لله انا ما قتلته، وهؤلاء يفترون علي، فقالوا للسلطان،

(۳۲) بتیسویں منقبت آپ کا مرید ہونیکی بناپر جنوں کے بادشاہ نے اپنے بیٹے کے قاتل کو معاف کر دیا۔

کہتے ہیں بغداد کے علماء میں سے ایک عالم فاضل نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد بمعہ تلامذہ قبرستان کی طرف فاتحہ خانی کیلئے نکلے راستہ میں ایک سیاہ سانپ دیکھا تو اُسے اپنے عصاء سے مار ڈالا۔

تھوڑی دیر کے بعد اُسے ایک لمبے گرد و غبار نے ڈھانپ لیا تو اچانک نظروں سے غائب ہوگیا یہ دیکھ کر شاگرد حیران ہوگئے کچھ دیر بعد دیکھا کہ اُستاد صاحب ایک عمدہ لباس پہنے آ رہے ہیں۔ آگے بڑھ کر استقبال کیا۔ اور احوال اور لباس کے متعلق دریافت کیا اُستاد صاحب فرمانے لگے جب مجھ پر غبار چھایا تو جن مجھے پکڑ کر ایک جزیرہ میں لے گئے۔ پھر دریا میں مجھے غوطہ دے کر اپنے بادشاہ کے پاس لے گئے میں نے دیکھا کہ وہ ایک ننگی تلوار ہاتھ میں لئے تخت پر کھڑا ہے اور اُسکے سامنے ایک نوجوان مقتول پڑا ہے جسکا سر زخمی ہے اور جسم پر خون بہہ رہا ہے میرے متعلق سوال کیا کہ یہ کون ہے۔ جنوں نے کہا یہی قاتل ہے۔ اس نے میری طرف غصہ کی حالت میں دیکھا اور کہا اے شہر کے اُستاد تو نے اس نوجوان

Marfat.com

عَلَوْمَنْ قَتَلَهٗ عَصَاهُ الَّتِیْ بِيَدِهٖ مُلَطَّخَةٌ بِدَمِهٖ ،
فَرَأَى الدَّمَ بِالْعَصَا ، فَسَأَلَنِیْ عَنْهُ فَقُلْتُ قَتَلْتُ
حَيَّةً بِهٰذِهِ الْعَصَا فَهٰذَا دَمُهَا ، فَقَالَ يَا أَجْهَلَ
النَّاسِ تِلْكَ الْحَيَّةُ وَلَدِیْ هٰذَا فَسَكَتُّ وَ
تَحَيَّرْتُ ، ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى الْقَاضِیْ وَقَالَ ، قَدْ
أَقَرَّ هٰذَا الرَّجُلُ بِالْقَتْلِ فَاحْكُمْ بِقَتْلِهٖ ، فَحَكَمَ
الْقَاضِیْ بِقَتْلِیْ ، وَأَعْطَى الْمُفْتِیْ الْفَتْوٰى عَلٰى
حُكْمِ الْقَاضِیْ ، وَأَخَذَ السَّيْفَ الْمَسْلُوْلَ بِيَدِهٖ
وَأَرَادَ أَنْ يَّضْرِبَنِیْ ، فَالْتَجَأْتُ فِیْ قَلْبِیْ وَ
اسْتَمْدَدْتُ مِنْ شَيْخِیْ وَأُسْتَاذِیْ حَضْرَةِ الْغَوْثِ
فَظَهَرَ فِی الْفَوْرِ رَجُلٌ نُوْرَانِیٌّ فَقَالَ ، لَا تَقْتُلْ
هٰذَا الرَّجُلَ فَإِنَّهٗ مِنْ مُرِيْدِی الْغَوْثِ سُلْطَانِ
الْأَوْلِيَاءِ الشَّيْخِ السَّيِّدِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْكِيْلَانِیْ
رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ، فَإِنْ عَاتَبَكَ بِسَبَبِهٖ فَمَا جَوَابُكَ
لِحَضْرَتِهٖ ؟ فَبِمُجَرَّدِ سِمَاعِ اسْمِهِ الشَّرِيْفِ رَمَى
السَّيْفَ مِنْ يَّدِهٖ ؟ وَقَالَ ، يَا أُسْتَاذَ الْبَلَدِ
لِتَأَدُّبِیْ بِحَضْرَةِ الْغَوْثِ عَفَوْتُ عَنْكَ مِنْ
قَتْلِ وَلَدِیْ ، فَكُنْ إِمَامًا وَصَلِّ صَلَاةَ الْجَنَازَةِ
عَلَيْهِ ، وَادْعُ لَهٗ بِالْمَغْفِرَةِ ، ثُمَّ خَلَعَ عَلَیَّ خِلْعَةً
الْاِفْتِخَارِ وَأَرْسَلَنِیْ مَعَ الَّذِيْنَ حَطُّوْنِیْ
إِلٰى هٰذَا الْمَكَانِ ثُمَّ غَابُوْا عَنْ نَظَرِیْ رَضِیَ

کو ناحق کیوں قتل کر دیا ہے۔ میں نے انکار کیا اور کہا
خدا کی قسم میں نے اِسے قتل نہیں کیا آپ کے خادموں
نے مجھ پر افترا باندھا ہے۔ انہوں نے بادشاہ سے
عرض کی کہ اس کے ہاتھ کا خون سے لتھڑا ہوا عصا اس
بات کی دلیل ہے کہ اس نے ہی قتل کیا ہے۔ دیکھا تو عصا
کو واقعی خون لگا ہوا تھا۔ مجھ سے اس خون کے متعلق
پوچھا تو میں نے کہا اس سے تو میں نے ایک سانپ
کو مارا ہے اور یہ اسکا خون ہے بادشاہ کہنے لگا ارے
جاہل وہ سانپ یہی میرا بیٹا ہے۔ یہ سُنتے ہی ہکا بکا
رہ گیا پھر قاضی کیطرف متوجہ ہوا اور کہا یہ شخص اپنے
قاتل ہونیکا اقراری ہے تم اسکے قتل کا حکم دے دو
قاضی نے میرے قتل کا حکم دے دیا بادشاہ تلوار کھینچ
کر مجھ پر وار کرنے لگا۔ تو میں اپنے دل سے اپنے شیخ
اُستاد حضرت غوث اعظم کی طرف ملتجی ہوا اور مدد
طلب کی فوراً ایک نورانی مرد نمودار ہوا اور بادشاہ
سے کہنے لگا اس شخص کو قتل نہ کیجیو یہ تو سلطان الاولیاء
شیخ عبدالقادر گیلانی کا مُرید ہے اگر وہ اس کے سبب
تم پر عتاب فرمائیں گے تو تم کیا جواب دو گے آپکا نام
سُنتے ہی اس نے تلوار ہاتھ سے ڈالدی اور مجھے کہا
اے شہری اُستاد میں نے حضرت غوث اعظم کے
ادب و تعظیم کی خاطر تجھے اپنے بیٹے کا قصاص معاف

الله تعالیٰ عن سیدی عبد القادر۔

کیا اب تم ہی اس مقتول کا جنازہ پڑھاؤ اور اس کیلئے مغفرت کی دعا مانگو۔ پھر اس نے مجھے یہ خلعت پہنا کر ان جنوں کے ساتھ رخصت کر دیا جو مجھے وہاں سے لے کر گئے تھے وہ اس مکان میں چھوڑ کر میری نظر سے غائب ہو گئے۔ رضی اللہ عن سیدی الغوث الاعظم

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّالِثَةُ وَالثَّلٰثُوْنَ

فِیْ شِفَاءِ النَّاسِ مِنَ الطَّاعُوْنِ تَنَاوُلِ كَلَاءِ مَدْرَسَتِهِمْ وَشُرْبِ مَائِهَا

ذَكَرُوْا اَنَّهٗ وَقَعَ الطَّاعُوْنُ فِیْ عَهْدِ الْغَوْثِ بِبَغْدَادَ، وَصَارَ يَمُوْتُ كُلَّ يَوْمٍ اَزْيَدُ مِنْ اَلْفٍ اَلْفٍ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، فَشَكَوْا اِلٰی حَضْرَتِهٖ، فَقَالَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ يَسْتَحِقُّ الْكَلَاءُ الَّذِیْ حَوْلَ مَدْرَسَتِنَا وَيُؤْكَلُ يَشْفِی اللّٰهُ بِهِ النَّاسَ الْمَرْضٰی وَيَرْفَعُ الطَّاعُوْنَ، فَعَمِلُوْا بِمَا قَالَهٗ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَلِمَتِ الْمَرْضٰی وَرَفَعَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الطَّاعُوْنَ فَمِنْ كَثْرَةِ ازْدِحَامِ الْمَرْضٰی قَالَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، مَنْ شَرِبَ مِنْ مَاءِ مَدْرَسَتِنَا قَطْرَةً يَشْفِيْهِ اللّٰهُ، فَشَرِبَ النَّاسُ مِنْ مَاءِ مَدْرَسَتِهِ الْمُبَارَكَةِ، فَوَجَدُوا الشِّفَاءَ الْكَامِلَةَ، فَمَا وَقَعَ فِیْ عَهْدِهِ الطَّاعُوْنُ فِیْ بَغْدَادَ ثَانِيًا، رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ،

(۳۳) تینتیسویں منقبت لوگوں کا آپ کے مدرسہ کا گھاس کھانے اور پانی پینے سے طاعون کی بیماری سے نجات حاصل کرنا۔

کہتے ہیں حضور غوث صمدانی کے زمانہ میں ایک مرتبہ بغداد میں طاعون کی بیماری اس کثرت سے واقع ہوئی کہ ہر روز ہزار سے بھی زیادہ مرد وعورت کا جنازہ نکلتا لوگوں نے اس کی آپ کے آگے شکایت کی آپ نے فرمایا ہمارے مدرسہ کی گھاس کوٹ کر مریضوں کو کھلایا جاوے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے شفا دے گا۔ اور طاعون کی بیماری بھی جاتی رہے گی انہوں نے آپ کے حکم کی تعمیل کی تو مریض شفاء پا گئے اور طاعون بھی جاتا رہا مریضوں کی کثرت کی وجہ سے آپ نے فرمایا جو ہمارے مدرسہ کا ایک قطرہ پانی بھی پی لے گا اللہ تعالیٰ اسکو بھی شفا بخشے گا تو لوگوں نے آپ کے مدرسہ کا پانی مبارک پی کر شفاء کاملہ عاجلہ پائی، اور دوبارہ آپ کے زمانہ میں

Marfat.com

اَلْمَنْقَبَةُ الرَّابِعَةُ وَالثَّلَاثُوْنَ

(فِيْ قَوْلِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا الْوُجُوْدُ وُجُوْدُ جَدِّيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وُجُوْدُ عَبْدِ الْقَادِرِ)

ذَكَرُوْا اَنَّ حَضْرَةَ الْغَوْثِ تَوَجَّهَ يَوْمًا اِلَى الْبَيْتِ وَ تَبِعَهٗ وَلَدُهُ الشَّيْخُ عَبْدُ الْجَبَّارِ وَقَبْلَ الدُّخُوْلِ اِلَى الْبَيْتِ لَمْ يَرَ الْغَوْثَ، فَدَخَلَ الْبَيْتَ وَقَالَ لِوَالِدَتِهٖ، كُنْتُ مَعَ الْغَوْثِ اِلَى الْبَابِ وَلَمْ اَرَهٗ دَخَلَ الْبَيْتَ، فَقَالَتْ وَالِدَتُهٗ مُنْذُ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَا دَخَلَ فِي الْبَيْتِ، فَلَمَّا سَمِعَ هٰذَا الْكَلَامَ تَوَجَّهَ اِلَى الْحُجْرَةِ الْمُطَهَّرَةِ الَّتِيْ يَشْتَغِلُ فِيْهَا الْغَوْثُ فِي اللَّيَالِيْ بِالْعِبَادَةِ، فَرَاٰى بَابَ الْحُجْرَةِ مُغْلَقًا مِنَ الدَّاخِلِ، فَعَلِمَ اَنَّ حَضْرَةَ الْغَوْثِ فِيْهَا، فَوَقَفَ قَائِمًا مُتَاَدِّبًا وَاضِعًا اِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى عِنْدَ بَابِ الْحُجْرَةِ اِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ، فَلَمَّا تَجَاوَزَ نِصْفُ اللَّيْلِ فَتَحَ الْغَوْثُ بَابَ الْحُجْرَةِ فَقَالَ لِوَلَدِهِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، اَنْتَ كُلَّ وَقْتٍ تُلَاحِظُ فِيْ نَفْسِكَ اَنَّ عَدَمَ رَوَاحِيْ اِلَى الْبَيْتِ كَانَ حَسَنًا فَاِنْ كَانَ الْاَمْرُ كَذَا خَطَرَتْ تَعَطَّلَتْ

(۳۴) چونتیسویں منقبت آپ کا یہ قول کہ یہ میرا وجود نہیں بلکہ میرے نانا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے

کہتے ہیں کہ ایک دن حضرت غوث پاک گھر تشریف لے گئے آپ کے بیٹے شیخ عبد الجبار بھی آپ کے پیچھے ہو لئے مگر گھر داخل ہونے سے پہلے ہی آپ نظروں سے غائب ہو گئے صاحبزادے گھر جاکر والدہ سے عرض کرنے لگے ہیں والد صاحب کے ساتھ دروازے تک آیا ہوں لیکن مجھے گھر میں نظر نہیں آئے والدہ ماجدہ فرمانے لگی وہ تو پندرہ یوم سے گھر نہیں آئے جب یہ بات سنی تو یہ حضور کے اس حجرہ کی طرف آئے جس میں آپ رات کے وقت عبادت الٰہی میں مشغول ہوا کرتے تھے۔ دیکھا کہ دروازہ اندر سے بند ہے۔ تو جان گئے کہ آپ اس میں ہی ہیں۔ اور دست بستہ مؤدبانہ حجرہ مبارک کے دروازہ کے قریب نصف رات تک کھڑے رہے۔ جب رات نصف سے زیادہ گذر گئی تو حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ نے دروازہ کھولا اور فرمایا بیٹا عبد الجبار تجھے ہر وقت یہی خیال رہتا ہے۔ کہ میرا گھر جانا اچھا

Marfat.com

صورة التوالد والتناسل، لكن في الحقيقة أرجع إلى الحجرة، وفي نظر الخلائق إنهم يرون أني أروح إلى البيت كما رأيت، فسرّ الشيخ عبد الجبار بهذا الكلام، فسأله الشيخ عبد الجبار أن النبي المختار صلى الله عليه وسلم كان إذا قضى حاجته تبتلع الأرض ما يبرز منه ويفوح عرقه كالعطر، ولا يقع عليه الذباب فهذه من خاصة النبي صلى الله عليه وسلم، والآن نرى هذه الخاصة من حضرتكم، فقال له الغوث إن عبد القادر صار فانيا وباقيا في ذات جده صلى الله عليه وسلم، وقال الغوث تالله هذا وجود جدي لا وجود عبد القادر، فسأله أيضا كان صلى الله عليه وسلم يظلله السحاب ولا مانع من تظليل حضرتكم، فقال الغوث تركته عمدا وألا يظنوا أني نبي رضي الله عنه،

نہیں اگر ایسا ہی کیا جائے تو توالد و تناسل کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ میں کہ میں آتا فی الحقیقت حجرے کیطرف ہوں لیکن لوگوں کی نظر میں مجھے گھر جاتا دیکھتی ہیں۔ جیسا تو نے بھی دیکھ لیا ہے۔ شیخ عبد الجبار یہ بات سن کر خوش ہوئے۔ پھر پوچھا کہ نبی مختار صلے اللہ علیہ وسلم جب قضائے حاجت کیلئے بیٹھتے تو فضلات مبارکہ کو زمین نگل جاتی تھی اور آپ کا پسینہ مبارک عطر کی طرح خوشبودار تھا۔ اور آپ پر مکھی بھی نہ بیٹھتی تھی۔ یہ تو نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ذات بابرکات کے ساتھ خاص تھیں لیکن ہم اب آپ میں بھی یہ باتیں دیکھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا عبد القادر نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات میں فنا ہو گیا ہے اور بقا بالنبی صلے اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ حاصل ہو چکا ہے۔ پھر فرمایا خدا کی قسم یہ حضور کا ہی وجود ہے۔ عبد القادر کا وجود نہیں اسی طرح پھر سوال کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بادل سایہ کئے رہتے تھے۔ تو آپ پر سایہ کرنے میں کوئی مانع تو نہیں ہے (یعنی آپ پر سایہ کیوں نہیں) فرمایا میں نے خود چھوڑا ہوا ہے تاکہ لوگ نبی گمان نہ کرنے لگ جائیں،

اَلْمَنْقَبَةُ الْخَامِسَةُ وَالثَّلَاثُوْنَ

(فِیْ عِلْمِہٖ وَعِبَادَتِہٖ وَاَوْرَادِہٖ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ)

ذَکَرُوْا اَنَّ الْغَوْثَ الْاَعْظَمَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سُلْطَانَ الْمَحْبُوْبِیْنَ کَانَ لَہٗ سِتُّمِائَۃٍ وَّخَمْسُوْنَ تِلْمِیْذًا اُفْطِنَاءَ فَکُلَّ یَوْمٍ یُعْطِیْ دَرْسَہُمْ وَیُقْرِءُ لَہُمْ، فَمَنْ لَّمْ یَکُنْ لَہٗ قَلَمٌ یُعْطِیْہِ مِنْ اَقْلَامِہٖ، وَمَنْ یَّجِیْئُ لِلْاِنْتِسَابِ وَالْاِرَادَۃِ یَکْتُبُ لَہٗ بِیَدِہٖ السِّلْسِلَۃَ الْمُبَارَکَۃَ فَکُلَّمَا انْتَقَضَ وُضُوْءُہٗ اغْتَسَلَ بَدَلَ الْوُضُوْءِ وَذَکَرُوْا اَنَّہٗ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ حَصَلَ لَہٗ ذَاتَ لَیْلَۃٍ الطَّلَاقُ فِی الْبَطْنِ فَرَاحَ اِلٰی بَیْتِ الْخَلَاءِ تِلْکَ اللَّیْلَۃَ اثْنَیْنِ وَخَمْسِیْنَ مَرَّۃً، وَفِیْ کُلِّ مَرَّۃٍ یَغْتَسِلُ وَاِذَا تَعِبَ الْخُدَّامُ مِنْ رَوَاحِہِمْ اِلَی السُّوْقِ لِاِشْتِرَاءِ نَفَقَۃِ الْفُقَرَاءِ وَالدَّرَاوِیْشِ فَیَرُوْحُ بِنَفْسِہٖ اِلَی السُّوْقِ وَیَشْتَرِیْ لَوَازِمَ الْبَیْتِ لِمُتَابَعَۃِ جَدِّہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا کَانَ فِیْ سَفَرٍ مَعَ الْجَمَاعَۃِ وَنَزَلُوْا مَکَانًا یَطْحَنُ الْحِنْطَۃَ بِیَدِہٖ وَیَعْجِنُ وَیَخْبِزُ وَیَقْسِمُ عَلَیْہِمْ، وَیُعَظِّمُ الْجَائِیَ لِلزِّیَارَۃِ وَیَتَوَاضَعُ لَہٗ وَفِیْ اَکْثَرِ الْاَیَّامِ یَتْرُکُ اللَّحْمَ وَالدَّسَمَ، وَجَاءَ یَوْمًا سَبْعَۃُ اَوْلَادٍ صِغَارٍ وَبِیَدِ کُلِّ

(۳۵) پینتیسویں منقبت آپ کے علم وعبادت اور اوراد کے بارے میں:

کہتے ہیں سلطان المحبوبین سیدنا غوث اعظم کے پاس ساڑھے چھ سو ذکی طلباء تعلیم حاصل کرتے تھے جن کو آپ درس دیتے پڑھاتے جن کے پاس قلم نہ ہوتی اُسے اپنی قلم عنایت فرما دیتے اور جو آپ کے پاس نسبت باطنی حاصل کرنے کے لئے آتا اُس کو اپنے دست اقدس سے سلسلہ مبارکہ لکھ دیتے اور جب آپ کا وضو ٹوٹتا تو غسل کرتے کہتے ہیں کہ ایک رات آپ کو دست لگ گئے تو آپ اُس رات باون مرتبہ بیت الخلاء گئے اور ہر مرتبہ غسل کیا۔ اور جب آپ کے خادم فقیروں اور درویشوں کیلئے کھانے پینے کی چیزیں بازار سے لاتے تھک جاتے تو سنت نبوی کے مطابق خود بازار سے گھر کی ضروری چیزیں خرید لاتے اور جب کبھی جماعت کے ساتھ سفر پر جاتے تو جس جگہ ٹھہرتے خود اپنے ہاتھوں سے آٹا پیستے اور گوندھ کر روٹیاں پکاتے اور پھر تقسیم فرماتے اور جو آپکی زیارت کیلئے آتا اُس کی تعظیم وتوقیر کرتے اور تواضع کے ساتھ پیش آتے اکثر ایام گوشت وچربی کو ترک کر دیتے ایک روز سات چھوٹے چھوٹے بچے آپ کے پاس آئے

وَاحِدٍ نِصْفَ دِرْهَمٍ، وَأَعْطَى كُلُّ وَاحِدٍ فَرْدًا
فَرْدًا نِصْفَ دِرْهَمٍ فِي يَدِهِ الْمُبَارَكَةِ، وَطَلَبَ
كُلُّ وَاحِدٍ فَرْدًا فَرْدًا لِيَشْتَرِيَ لَهُ مِنَ السُّوقِ
مَا يَشْتَهِيهِ، فَرَاحَ إِلَى السُّوقِ وَاشْتَرَى مَا
يَشْتَهُونَ وَأَتَى بِهِ إِلَيْهِمْ، وَكَانَ فِي كُلِّ يَوْمٍ
يَظْهَرُ مِنْ وُجُودِهِ الشَّرِيفِ كَرَامَاتٌ مُتَعَدِّدَةٌ
يُخْفِيهَا وَلَا يُظْهِرُهَا وَيَقُولُ، مَنْ يُظْهِرُ خَوَارِقَ
الْعَادَاتِ وَالْكَرَامَاتِ إِلَّا لِأَمْرٍ أَوْ لِحِكْمَةٍ وَ
لَمْ يُخْفِهَا فَهُوَ طَالِبُ الدُّنْيَا، وَمَنْ يَكُنْ مُرِيدِي
وَيَأْخُذُ الْخِلَافَةَ مِنْ أَوْلَادِي أَوْ مِنْ خُلَفَائِي
وَيَصِلُ إِلَى مَرْتَبَةِ الْكَرَامَةِ وَيُظْهِرُ مَقْصِدَهُ وَ
إِرَادَتَهُ يَكُونُ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا فِي الدَّارَيْنِ
وَمَرِضَتْ أُمُّ وَلَدِهِ السَّيِّدِ يَحْيَى فَطَحَنَ الْحِنْطَةَ
وَخَبَزَ بِيَدِهِ وَأَتَى بِالْمَاءِ فِي الْكُوزِ عَلَى الْكَتِفِ
وَكَانَ يُصَلِّي كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ رَكْعَةٍ، وَيَقْرَأُ سُورَةَ
الْمُزَّمِّلِ أَوْ سُورَةَ الرَّحْمٰنِ، فَإِذَا قَرَأَ سُورَةَ
الْإِخْلَاصِ لَا يَقْرَؤُهَا أَقَلَّ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ، وَ
يَخْتِمُ بَعْدَ كُلِّ ثَلَاثَةٍ أَوْ بَعْضِهِ خَتْمَةً، وَيَقْرَأُ كُلَّ

جن کے ہر ایک کے ہاتھ میں نصف نصف درھم تھا
سب نے وہ آپ کے ہاتھ مبارک میں دے دیے
اور آپ سے بازار میں جاکر چیزیں خریدنے کی خواہش
کی آپ اُن کے ساتھ بازار میں چلے گئے اور اُن کی
خواہش کے مطابق چیزیں خرید دیں اور آپ کے
وجود شریف سے ہر روز متعدد کرامتیں ظاہر ہوتی
رہتی تھیں آپ اُن کو ظاہر ہونے سے چھپاتے رہتے
تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے جو شخص کرامتوں کو بغیر کسی
حکمت اور امر عظیم کے ظاہر کرتا ہے اور چھپاتا
نہیں وہ دُنیا کا طالب ہے اور جس میرے مرید
نے میری اولاد سے یا میرے خُلفاء سے خرقہ پہنا
اور کرامت کے مرتبہ کو پہنچ کر اپنے مقصد اور
ارادہ (یعنی کرامات) ظاہر کرتا رہا اسکا دنیا اور آخرت
میں چہرہ سیاہ ہوگا۔ ایک دفعہ آپکی بیوی جو سید یحییٰ
کی والدہ ماجدہ تھی بیمار ہوگئی تو خود آٹا پیسا اور روٹی
پکائی اور خود مشکے میں اپنے کندھے پر اٹھاکر پانی لائے
آپ ہر روز ایک ہزار رکعت نفل پڑھا کرتے تھے اور
اور سورہ مزمل یا سورہ رحمٰن پڑھا کرتے تھے اور جب

Marfat.com

يَقْرَأُ أَنْ سَمَاءَ الْمُسَمَّاةَ بِالْأَسَابِيعِيَّةِ سِتَّمَائَةٍ وَسِتِّينَ مَرَّةً، وَفِي النَّهَارِ يَقْرَأُ هَاذٰلِكَ الْعَدَدَ وَيَقْرَأُ الدُّعَاءَ السَّيْفِيَّ بَعْدَ صَلَاةِ الضُّحٰى وَبَعْدَ الْعَصْرِ وَبَعْدَ التَّهَجُّدِ، وَيَقْرَأُ الصَّلٰوةَ الْكُبْرٰى وَالْأَسْمَاءَ الْحُسْنٰى وَأَسْمَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلْفَ مَرَّةٍ، وَسَأَلُوْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا التَّوْحِيْدُ؟ فَقَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلتَّوْحِيْدُ تَرْكُ التَّوْحِيْدِ فِي التَّوْحِيْدِ، لَا يَتَلَفَّظُ بِهٖ بِهٰذَا اللِّسَانِ وَلَا يَتَفَكَّرُ بِهٰذَا الْقَلْبِ وَلَا يَرٰى بِهٰذِهِ الْعَيْنِ وَلَا يَسْمَعُ بِهٰذِهِ الْأُذُنِ، فَهٰذَا بَيَانُ التَّوْحِيْدِ وَالْبَاقِيْ هَوَسٌ

اَلْمَنْقَبَةُ السَّادِسَةُ وَالثَّلَاثُوْنَ

(فِيْ تَخْلِيْصِ امْرَأَةٍ مِنْ مُرِيْدِيْهِ مِنْ تَلْوِيْثِ فَاسِقٍ فَاجِرٍ)

ذَكَرُوْا إِنَّ امْرَأَةً حَسْنَاءَ صَارَتْ مُرِيْدَةً لِحَضْرَتِهٖ، وَكَانَ يَعْشَقُهَا رَجُلٌ فَاسِقٌ قَبْلَ انْتِسَابِهَا إِلَى الْحَضْرَةِ الْغَوْثِيَّةِ، فَرَاحَتْ لِحَاجَةٍ لَهَا إِلٰى غَارِ جَبَلٍ، فَعَلِمَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ الْفَاسِقُ بِرَوَاحِهَا إِلَى الْغَارِ، فَرَاحَ وَرَاءَهَا وَأَرَادَ أَنْ يُلَوِّثَ ذَيْلَ عِصْمَتِهَا، وَلَمْ تَجِدْ لِخَلَاصِهَا مَلْجَأً، فَنَادَتْ بِاسْمِ حَضْرَةِ

سورہ اخلاص پڑھتے تو ایک سو سے کم نہ پڑھتے ہر فرض نماز کے بعد ایک دفعہ قرآن پاک کا ختم کرتے ہر رات چھ سو ساٹھ دفعہ اربعین کا ورد کرتے اور دن میں بھی اتنی بار پڑھتے اور دعا سیفی چاشت اور عصر اور تہجد کی نمازوں کے بعد پڑھتے اور صلوٰۃ کبریٰ اسماء حسنیٰ اسماء نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم بھی ہزار ہزار بار پڑھتے لوگوں نے ایک مرتبہ عرض کیا توحید کیا چیز ہے۔ آپ نے فرمایا توحید کو توحید میں چھوڑنا ہے۔ اسطرح کہ نہ اس کے ساتھ اس زبان سے تلفظ کرے نہ اس دل سے سوچے نہ ان آنکھوں سے دیکھے اور نہ ان کانوں سے سنے یہ توحید ہے اور باقی ہوس ہے

(۳۶) چھتیسویں منقبت آپ کا ایک مریدنی کو فاسق کے پنجہ سے نجات دلانا۔

کہتے ہیں ایک خوبصورت عورت نے حضرت سے بیعت کی اس سے پہلے اس پر ایک فاسق عاشق تھا ایک روز وہ عورت اپنے کسی کام کیلئے پہاڑ کے غار کیطرف گئی۔ تو اسکا عاشق بھی اسکے غار کی طرف جانے کی خبر سن کر اس کے پیچھے ہو لیا اور اس کے پاس جا کر عصمت ریزی کرنے لگا۔ عورت نے اپنی خلاصی کی جب کوئی بھی صورت نہ دیکھی تو حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا نام مبارک لیکر اس طرح پکارا

الْغَوْثِ وَقَالَتْ اَلْغِيَاثَ يَا غَوْثَ الْاَعْظَمِ اَلْغِيَاثَ يَا
غَوْثَ الثَّقَلَيْنِ اَلْغِيَاثَ يَا شَيْخُ مُحْيِ الدِّيْنِ اَلْغِيَاثَ
يَا سَيِّدِيْ عَبْدِ الْقَادِرِ، فَفِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ كَانَ
حَضْرَةُ الْغَوْثِ يَتَوَضَّأُ فِي الْمَدْرَسَةِ وَكَانَ فِيْ
رِجْلَيْهِ نَعْلَانِ مِنَ الْخَشَبِ، اَيِ الْقَبْقَابِ، فَنَزَ
عَهُمَا مِنْ رِجْلَيْهِ وَرَمَاهُمَا اِلٰى طَرَفِ الْغَارِ وَ
قَبْلَ وُصُوْلِ الْفَاسِقِ اِلٰى مُرَادِهٖ وَصَلَ النَّعْلَانِ
اِلٰى رَأْسِهٖ، وَصَارَ يَضْرِبَانِ رَأْسَهٗ حَتّٰى مَاتَ، ثُمَّ اَخَذَتِ
الْمَرْأَةُ النَّعْلَيْنِ الْمُبَارَكَيْنِ وَجَاءَتْ بِهِمَا اِلٰى
حَضْرَةِ الْغَوْثِ وَاَخْبَرَتْهُ عَنْ حَالِهَا وَمَا جَرٰى لَهَا
فِيْ حُضُوْرِ جَمَاعَةٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

اَلْمَنْقَبَةُ السَّابِعَةُ وَالثَّلَاثُوْنَ

(فِيْ نَيْلِ تَاجِرٍ جِمَالَهٗ بِاَحْمَالِهَا بِاسْتِغَاثَتِهٖ اِلٰى حَضْرَتِهٖ
رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ)

ذَكَرُوْا اَنَّ تَاجِرًا اِنْتَظَرَ خُرُوْجَ الْقَافِلَةِ لِيَخْرُجَ
مَعَهُمْ اِلَى التِّجَارَةِ، فَلَمَّا خَرَجَتِ الْقَافِلَةُ حَمَلَ
عَلٰى سِتَّةِ جِمَالٍ سُكَّرًا وَخَرَجَ مَعَهُمْ، فَفِيْ اَثْنَاءِ
الطَّرِيْقِ غَابَتِ الْجِمَالُ مَعَ اَحْمَالِهَا وَفَحَصَ عَلَيْهَا
فَلَمْ يَرَهَا فَتَحَيَّرَ وَتَفَكَّرَ وَكَانَ مُرِيْدًا لِلْغَوْثِ
وَمُعْتَقِدًا لِحَضْرَتِهٖ فَنَادٰى بِاَعْلٰى صَوْتِهٖ يَا سَيِّدِيْ
عَبْدَ الْقَادِرِ، غَابَتْ جِمَالِيْ مَعَ اَحْمَالِهَا، فَرَاٰى

لگی الغیاث یا غوث اعظم الغیاث یا غوث الثقلین
الغیاث یا شیخ محی الدین الغیاث یا سیدی عبد القادر
آپ اسوقت مدرسہ میں وضو کر رہے تھے - اور
پاؤں میں لکڑی کی کھڑاویں تھیں آپ نے انہیں
پاؤں سے اتار کر غار کی طرف پھینکا - وہ فاسق کے
مراد کو پانے سے پہلے پہنچ گئیں - اور سر پر پڑنے لگیں
حتی کہ وہ مر گیا پھر وہ عورت انہیں اٹھا کر حضور غوث
صمدانی کے دربار عالی میں حاضر ہوئی اور حاضرین
کے سامنے آپ سے اپنا سارا واقعہ عرض کیا
رضی اللہ عنہ

(۳۷) سنتیسویں منقبت آپکو ایک تاجر کے پکارنے سے
اُسکے مقصود اونٹ مع اسباب مل گئے۔

کہتے ہیں ایک تاجر قافلہ کی روانگی کا انتظار کرتا رہا
تاکہ اُن کے ہمراہ تجارت کیلئے جائے جب قافلہ
روانہ ہوا تو یہ چھ اونٹوں پر سرخ شکر لاد کر قافلہ
کے ہمراہ روانہ ہو گیا راستہ میں رات کے وقت
اسکے اونٹ گم ہو گئے بہت تلاش کیا مگر نہ ملے سخت گھبرایا چونکہ حضرت
حضرت غوث پاک کا مرید اور معتقد تھا اسلئے باواز بلند پکارنے
لگا یا سیدی یا غوث اعظم میرے
اونٹ اسباب سمیت غائب ہو گئے ہیں دیکھا کہ
پہاڑ پر ایک سفید پوش بزرگ کھڑے اپنی آستین

رَجُلاً وَ بِثِيَابٍ بِيضٍ عَلَى جَبَلٍ يُشِيرُ بِكُمِّهِ إِلَى جَانِبِهِ كَأَنَّهُ يَدْعُوهُ إِلَيْهِ، فَلَمَّا سَارَ إِلَى طَرَفِهِ لَمْ يَرَ ذٰلِكَ الرَّجُلَ الْمُشِيرَ بِكُمِّهِ؟ فَوَجَدَ جِمَالَهُ مَعَ أَحْمَالِهَا فِي ذٰلِكَ الْمَكَانِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّامِنَةُ وَالثَّلَاثُوْنَ

(فِي نَيْلِ وَلِيٍّ وَلَايَتَهُ الْمَسْلُوْبَةَ بِشَفَاعَتِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذَكَرُوا إِنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَوْلِيَاءِ فِي عَهْدِ الْغَوْثِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سُلِبَ وَلَايَتَهُ، فَرَاحَ إِلَى أَكْثَرِ الْأَوْلِيَاءِ وَلَمْ تُفِدْهُ فَائِدَةً، فَقَالُوا جَمِيعًا شَفَاعَتُنَا فِيكَ غَيْرُ مَقْبُوْلَةٍ رُحْ إِلَى حَضْرَةِ الْغَوْثِ وَالْتَجِئْ إِلَيْهِ تَنَلْ رُتْبَتَكَ، فَرَاحَ إِلَى حَضْرَتِهِ وَالْتَجَأَ إِلَيْهِ فَدَعَا (قوله فدعا ضمنه معنی توجه فعدا لا بالی) الْغَوْثُ إِلَى اللّٰهِ فِي حَقِّهِ، فَجَاءَهُ النِّدَاءُ مِنَ الْغَيْبِ، إِنَّ أَكْثَرَ الْأَوْلِيَاءِ دَعَا لَهُ فَمَا اسْتُجِيبَتْ دُعَاءُهُمْ فَأَنْتَ لَا تَدْعُ لَهُ، فَلَمَّا سَمِعَ هٰذَا النِّدَاءَ أَخَذَ سَجَّادَتَهُ وَتَوَجَّهَ إِلَى الصَّحْرَاءِ، فَفِي خَطْوَتِهِ الْأُوْلَى هَتَفَ هَاتِفُ الْغَيْبِ يَا غَوْثَ الْأَعْظَمِ هُوَ وَمِثْلُهُ أَلْفَ رَجُلٍ عَفَوْتُ عَنْهُمْ لِأَجْلِكَ، وَفِي خَطْوَتِهِ الثَّانِيَةِ هَتَفَ هَاتِفُ الْغَيْبِ أَيْضًا هُوَ وَمِثْلُهُ أَلْفَا رَجُلٍ أُدْخِلُهُمْ إِلَى

سے اپنی جانب اشارہ فرما رہے ہے۔ گویا کہ اپنی طرف بلا رہے ہیں جب اُس طرف گیا۔ تو اُس اشارہ کرنے والے کو گم پایا اونٹ معہ اسباب اُس مکان سے مل گئے

(۳۸) اڑتیسویں منقبت آپکی شفارش سے ایک ولی کو چھنی ہوئی ولایت مل گئی۔

کہتے ہیں کہ ایک ولی سے آپ کے زمانہ میں ولائیت سلب کرلی گئی وہ بہت سے اولیاء کرام کے پاس گیا۔ مگر کوئی فائدہ حاصل نہ ہوا سب نے یہی کہا ہماری دعا تیرے حق میں قبول نہیں ہوئی تو غوث اعظم کے حضور میں التجا کرنا کہ تو اپنا مرتبہ پالے وہ آپ کے پاس آکر التجا کرنے لگا۔ تو آپ نے اُس کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہاتف غیبی سے ندا ہوئی اس کے لئے بہت سے اولیاء دعا کر بیٹھے ہیں نے کسی کی دعا بھی قبول نہیں کی آپ بھی اس کے لئے دعا نہ کریں یہ ندا سنتے ہی اپنا جائے نماز پکڑ کر جنگل کی طرف چلنے لگے ایک ہی قدم اٹھانے پر ہاتف غیبی نے پکارا اے محبوب غوث اعظم میں نے تیری خاطر اس کو اور اس جیسے اور ایک ہزار کو معاف کر دیا اور دوسرے قدم پر ہاتف غیبی نے اُسی طرح فرمایا

Marfat.com

إِلَىٰ مَرَاتِبِهِمْ، وَفِي خُطْوَتِهِ الثَّالِثَةِ هَتَفَ هَاتِفُ الْغَيْبِ أَيْضًا هُوَ وَمِثْلُهُ ثَلَاثَةُ آلَافِ رَجُلٍ أَعْطِهِمْ رُتْبَتَهُمْ وَقَدْ عَفَوْتُ عَنْهُمْ، فَفَرِحَ الْغَوْثُ وَشَكَرَ اللّٰهَ تَعَالٰى، وَنَالَ ذٰلِكَ الْوَلِيُّ الْمَسْلُوبُ عَنْهُ الْوِلَايَةُ رُتْبَتَهُ وَمَقَامَهُ بِبَرَكَتِهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

اَلْمَنْقَبَةُ التَّاسِعَةُ وَالثَّلَاثُوْنَ

(فِي إِفْطَارِهِ فِي رَمَضَانَ بُيُوتَ سَبْعِينَ رَجُلًا فِي آنٍ وَاحِدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذَكَرُوا أَنَّ فِي يَوْمٍ مِنْ رَمَضَانَ دَعَاهُ سَبْعُونَ رَجُلًا فُرَادَى فُرَادَى بِغَيْرِ عِلْمِ أَحَدِهِمْ بِالْآخَرِ لِلْإِفْطَارِ فِي بُيُوتِهِمْ لِحُصُولِ الْبَرَكَةِ بِحُضُورِهِ، فَأَجَابَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ فَحَضَرَ فِي بُيُوتِهِمْ وَأَفْطَرَ مَعَهُمْ فِي آنٍ وَاحِدٍ، وَأَفْطَرَ أَيْضًا فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ فِي التَّكِيَّةِ الْعَلِيَّةِ، وَشَاعَ هٰذَا الْخَبَرُ فِي بَغْدَادَ، فَخَطَرَ فِي قَلْبِ خَادِمٍ مِنَ الْخَادِمِينَ أَنَّ حَضْرَةَ الْغَوْثِ مَا خَرَجَ مِنَ التَّكِيَّةِ فَكَيْفَ يُتَصَوَّرُ وُرُودُهُ إِلَى بُيُوتِهِمْ وَأَكْلُ طَعَامِهِمْ فِي آنٍ وَاحِدٍ، فَتَوَجَّهَ الْغَوْثُ إِلَيْهِ وَقَالَ هُمْ صَادِقُونَ فِي قَوْلِهِمْ، وَإِنِّي أَجَبْتُ دَعْوَةَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ وَحَضَرْتُ

کہ میں نے اس کو اور اس جیسے دو ہزار کو معاف فرما کر ان کے مرتبے پر پہنچا دیا اور تیسرے قدم ندا آئی میں نے اسکو اور اس جیسے تین ہزار آدمیوں کو معاف فرما کر ان کے ان کو مرتبے عطا کئے یہ سن کر غوث صمدانی خوش ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور اس شخص نے آپ کی برکت سے مسلوب شدہ مقام و مرتبہ پالیا رضی اللہ عنہ

انتالیسویں منقبت آپ کا رمضان مبارک میں ایک ہی وقت ستر گھروں میں روزہ افطار کرنا

کہتے ہیں رمضان کے ایک دن اتفاقاً ستر آدمیوں نے الگ الگ اپنے اپنے گھر میں حصول برکت کیلئے روزہ افطار کرنے کی آپ کو دعوت دی تو آپ نے دعوت کو قبول کیا اور ہر ایک کے گھر جا کر ایک ہی وقت میں روزہ افطار کیا اور اسی وقت اپنے ہاں بھی روزہ افطار کیا یہ خبر بغداد میں پھیل گئی آپ کے ایک خادم کے دل میں خیال آیا کہ حضرت تو اس وقت اپنے گھر سے ہی نہیں نکلے تو یہ اتنے لوگوں کے گھروں میں جا کر ایک ہی وقت میں ہر ایک کے کھانا کھانا کیسے متصور ہو سکتا ہے آپنے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا وہ اپنی بات میں سچے ہیں اور میں ہر ایک کی دعوت کو قبول کر کے ان کے گھروں میں گیا ہوں اور انہیں

Marfat.com

وَأَكَلْتُ مَعَهُمْ فِي بُيُوتِهِمْ فَرْدًا فَرْدًا، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

اَلْمَنْقَبَةُ الْاَرْبَعُوْنَ

رُقِيَ نَيْلُ كُلِّ وَلِيٍّ رُتْبَةَ الْوِلَايَةِ بِتَجْوِيْزِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ذَكَرُوْا اَنَّ شَاهَ هَاشِمٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَتَبَ فِيْ رِسَالَتِهٖ، اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِهٖ وَلِيًّا اَمَرَ اَنْ يَّاخُذُوْهُ بِحُضُوْرِهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحِيْنَ يُحْضَرُ بِحَضْرَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَامُرُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ خُذُوْهُ اِلٰى وَلَدِي السَّيِّدِ عَبْدِ الْقَادِرِ لِيَرٰى لِيَاقَتَهٗ وَاسْتِحْقَاقَهٗ بِمَنْصَبِ الْوِلَايَةِ، فَيَاخُذُوْنَهٗ اِلٰى حَضْرَتِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاِنْ رَاٰهُ لَائِقًا لِّمَنْصَبِ الْوِلَايَةِ يُثْبِتُ اِسْمَهٗ بِالدَّفْتَرِ الْمُحَمَّدِيِّ وَيَخْتِمُ بِخَاتَمِهِ الْمُبَارَكِ وَيُعْرَضُ ذٰلِكَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبِمُوْجَبِ رِسَالَةِ الْغَوْثِ يَرْقُمُ عَلَيْهَا الْاَمْرُ النَّبَوِيُّ مِنْ حَضْرَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتُخْلَعُ لَهٗ خِلْعَةُ الْوِلَايَةِ فَتُعْطٰى بِيَدِ الْغَوْثِ فَيُوْصِلُهَا اِلَيْهِ، فَفِيْ عَالَمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ يَكُوْنُ ذٰلِكَ الْوَلِيُّ مَقْبُوْلًا وَّمُسَلَّمًا،

سے ہر ایک کے ایک ہی وقت میں کھانا بھی کھایا ہے رضی اللہ عنہ

(۴۰) چالیسویں منقبت آپ کی تجویز سے ہر ایک ولی کو رتبہ ولایت ملنے کے بیان میں

کہتے ہیں شاہ ہاشم علیہ الرحمتہ نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کو ولی بنانا چاہتا ہے تو حکم دیتا ہے کہ اسکو میرے پیارے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضر کرو۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دربار میں حاضر کیا جاتا ہے تو آپ حکم فرماتے ہیں کہ اس کو میرے پیارے بیٹے سید عبد القادر کے پاس لے جاؤ تاکہ وہ دیکھیں کہ یہ منصب ولائت کے مستحق ہے یا نہیں پھر غوث پاک کے دربار میں حاضر کیا جاتا ہے اگر آپ اس کو منصب ولائت کے لائق دیکھتے ہیں تو اس کا نام دفتر محمدیہ میں لکھ کر مہر لگا دیتے ہیں۔ پھر اسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے پیش کیا جاتا ہے اور غوث پاک کی چٹھی کے مطابق امر نبوی صلے اللہ علیہ وسلم لکھا جاتا ہے اور ولائت کی خلعت سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ جو غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے دست اقدس سے عنائت کی جاتی ہے۔ اور

Marfat.com

(قوله ومسلماً بصيغة اسم المفعول مبتدأ) فهذا
العهد له متعلقة بحضرة الغوث الى يوم القيامة
وليس لأحد من الأولياء الكرام سابقة وقد
مشاركته مع الغوث في هذا المقام، ففي كل
عصر وزمان تستفيض من حضرته الأقطاب
والغوث وجميع الأولياء رضي الله عنه،

المنقبة الحادية والاربعون

(في اختيار مذهب الامام أحمد رضي الله عنهما)
ذكروا انه رضي الله عنه خطر في قلبه يوماً ان ينتقل
من مذهبه الى مذهب آخر، فرأى في ليلته
النبي صلى الله عليه وسلم مع جميع الصحابة رضوان
الله تعالى عنهم اجمعين، ورأى الامام احمد
بن حنبل رضي الله عنه واقفاً آخذاً بيده
لحيته يلتمس من النبي صلى الله عليه وسلم
ويقول يا رسول الله مر ولدك محي الدين
السيد عبد القادر ان يحمي هذا الشيخ الضعيف
فقال النبي صلى الله عليه وسلم متبسماً يا سيد
عبد القادر اقبل التماس هذا الشيخ فقبل
التماسه، بأمر النبي صلى الله عليه وسلم
وصلى صلاة الفجر في مصلى الحنابلة، ولم

وہ شخص اسے پہن لیتا ہے اور عالم غیب اور شہادت
میں مقبول اور مسلم ہوجاتا ہے اور اس عہدہ پر غوث
اعظم قیامت تک فائز رہیں گے اور اس مقام
میں آپ کا کوئی ولی مماثل اور شریک نہیں ہر وقت
اور زمانہ میں آپ سے غوث قطب اور تمام اولیاء
کرام مستفیض ہوتے رہتے ہیں۔

(۴۱) اکتالیسویں منقبت آپ کے امام احمد بن حنبل کے
مذہب کو اختیار کرنے کے بیان میں

کہتے ہیں ایک دن آپ کے دل میں تبدیل مذہب
کا خیال پیدا ہوا تو اسی رات دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ
وسلم مع جمیع صحابہ کرام تشریف فرما ہیں اور امام احمد
بن حنبل اپنی ڈاڑھی پکڑ کر کھڑے نبی کریم صلے اللہ
علیہ وسلم سے عرض کر رہے ہیں۔
یا رسول اللہ اپنے پیارے بیٹے محی الدین سید عبدالقادر
کو فرمایئے کہ اس بڈھے کی (یعنی میری) حمایت کرے
آپ نے تبسم فرماتے ہوئے کہا اے عبدالقادر اس
کی عرض قبول کرو تو آپ نے ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
پر عمل کرتے ہوئے ان کی التماس قبول کرلی اور صبح
کی نماز مصلے حنبلی پر پڑھی اور اس دن امام کے
علاوہ دوسرا کوئی مقتدی نہ تھا کہ جماعت کرائی جاسکتی

Marfat.com

يكون ذلك اليوم غير الامام في المصلى ليصلي
بهم، فيحضروه لازدحمت الخلائق فلم يبق
مكان خال، قال الراوي - لو لم يحضر حضرة
الغوث ذلك اليوم في مصلى الحنابلة لانقطع
مذهب الحنابلة، وقال في بهجة الاسرار،
زار الغوث يوما قبر الامام احمد بن
حنبل ومعه جماعة من الاولياء، فرأوا أن
الامام احمد طلع من القبر وبيده قميص
فأعطاه للغوث وتعانقا، ثم قال الامام احمد
يا سيدي عبد القادر قد افتقر اليك في علم
الشريعة وعلم الطريقة وعلم الحال،
رضوان الله عليهم اجمعين،

المنقبة الثانية والاربعون

(في مكالمة الامام ابي حنيفة معه رضي الله تعالى
عنهما) ذكروا ان ابا حنيفة رضي الله عنه
التقى بالروحانية مع الغوث فقال يا سلطان
يا سيد عبد القادر ما السبب انك اخترت
في الشريعة مذهب الامام احمد بن حنبل
وما اخترت مذهبي وانا ممن استفاض
من جدك الامام جعفر الصادق رضي الله

آپ کے تشریف لانے سے ہی خلقت کا اس قدر
ہجوم ہوا کہ تل دھرنے کی جگہ نہ رہی۔ راوی کہتا
اگر حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ اس دن مصلی
حنبلی پر نماز نہ پڑھاتے تو حنبلی مذہب صفحہ ہستی سے
مٹ جاتا۔ بہجۃ الاسرار میں لکھا ہے ایک دن
حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ امام احمد حنبل کی
قبر کی زیارت کو اولیاء کرام کی جماعت کے ساتھ
نکلے تو دیکھا کہ امام احمد ہاتھ میں ایک قمیص لئے
قبر سے نکلے اور غوث اعظم کو دی اور گلے لگا لیا
پھر فرمایا یا سید عبد القادر علم شریعت و
طریقت اور علم حال جاننے والے ایک آپ ہی
ہیں۔ رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین۔

(۴۲) بیالیسویں منقبت امام اعظم علیہ الرحمۃ سے
آپ کا مکالمہ کرنا۔

کہتے ہیں امام اعظم رضی اللہ عنہ نے آپ سے
روحانی طور پر ملاقات کی اور کہا اے سلطان
الاولیاء سید عبد القادر! کیا سبب ہے کہ آپ نے
شریعت میں امام احمد بن حنبل کا مذہب اختیار
کر لیا ہے۔ اور میرا مذہب اختیار نہیں کیا۔ حالانکہ
میں نے آپ کے جد امجد حضرت امام جعفر صادق کی

Marfat.com

سنین و استفدت من حضرته سنتین، و قلت لولا السنتان لهلک النعمان، فقال الغوث لسببین، احدهما ان مذهبه صار ضعیفا من قلة الرجال، و ثانیهما هو مسکین و انا مسکین و جدی رسول الله صلی الله علیه و سلم طلب من الله المسکنة بقوله صلی الله علیه و سلم "اللهم احینی مسکینا و امتنی مسکینا و احشرنی فی زمرة المساکین" رضوان الله تعالی علیهم اجمعین

خصوصیں دو سال رہ کر آپ سے فیض حاصل کیا ہے۔
پھر میں ہی نے یہ کلمہ کہا لولا السنتان لہلک النعمان (اگر میری عمر کے یہ دو سال جن میں میں نے امام جعفر رضی اللہ تعالی عنہ سے فیض حاصل کیا ہے نہ ہوتے تو نعمان ہلاک ہوجاتا) آپ نے فرمایا اسکی دو وجہیں ہیں ایک یہ کہ انکا مذہب ان کے پیروؤں کی کمی کے باعث ضعیف ہوچکا تھا۔ دوسری یہ کہ امام احمد بن حنبل مسکین ہے۔ اور میں بھی مسکین ہوں اور میرے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اللہ تعالی سے مسکینی طلب کی ہے۔ چنانچہ آپ کا ارشاد ہے اللھم احینی الخ اے اللہ مجھے مسکینی کی حالت میں رکھ اور اسی حالت میں مار اور قیامت کے روز مجھے مسکینوں کے ساتھ اٹھا۔ رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین۔

المنقبة الثالثة والاربعون

(فی صیرورة الشیخ احمد گنج بخش من تلامذة الغوث، و اقراره من شیخه علی ذلک)

ذکر ان الشیخ احمد المشہور بگنج بخش کان فی خدمة شیخه ابی اسحق المغربی فخطر فی قلبه یوما وهو یتوضأ ان طریقة القادریة اکثر رغبة من سائر الطرق، ولیس لغیرها شهرة کشهرتها فتمیل الیه الخواص والعوام

تنتالیسویں منقبت شیخ احمد گنج بخش کا آپکے تلامذہ میں سے ہونے اور اس پر اپنے مرشد سے اقرار کرانے کے بیان میں۔

کہتے ہیں شیخ احمد المشہور گنج بخش اپنے شیخ ابو اسحاق مغربی کی خدمت میں تھے کہ ایک دن آپ کے دل میں وضو کرتے ہوئے خیال آیا طریقہ قادریہ کی طرف تمام طریقوں سے زیادہ لوگوں کی رغبت ہے۔ اس جیسی کسی دوسرے طریقے کی شہرت بھی نہیں ہے اور اس کی طرف خواص و عوام سبھی

فكشف لشيخه الشيخ أبي إسحاق فقال: يا أحمد
هل تعرف رتبة الغوث، فقال لا ولكن أستفيد
من حضرتكم، فقال شيخه: إن للغوث اثنتي
عشرة صفة لو كانت البحار مدادا والأشجار
أقلاما والإنس والجن والملائكة كتابا لما قدروا
على بيان أدنى صفة من تلك الصفات،
فلما سمع من شيخه هذا الكلام وأخذه الشوق
والهيام ولم يبق له قرار ووقع في اضطراب
الغرام فقال: إن الغوث قائد أهل الله غار
على أن لا أموت إلا في طريقه، ثم توجه
إلى طرف بغداد، فوصل إلى جبل من نواحي
أجمير وكان في أسفل الجبل عين جارية
فتوضأ وصلى في ذلك المقام فرأى بين
النوم واليقظة أن الغوث قد جاء وبيده
تاج أحمر وعمامة خضراء فاستقبل الشيخ أحمد
حضرة الغوث وتشرف برؤيته ووقف قائما
بالأدب، فطلبه الغوث، فدنا إليه فوضع التاج
الأحمر على رأسه ولف عليه العمامة الخضراء
بيده المباركة، فقال يا ولدي أحمد أنت من
رجال الله وغاب عن نظره، فاستيقظ الشيخ
أحمد فوجد التاج والعمامة على رأسه،

مائل ہو رہے ہیں آپ کے مرشد شیخ ابو اسحاق مغربی
کو کشف سے معلوم ہو گیا تو انہوں نے فرمایا اے احمد
تو غوث کا مرتبہ پہچانتا ہے عرض کی حضور نہیں لیکن آپ
سے معلوم کرنا چاہتا ہوں شیخ فرمانے لگے کہ غوث میں
بارہ صفتیں ہوتی ہیں۔ اگر سمندر سیاہی اور درخت قلمیں بن جائیں
اور جن اور انسان لکھنے
لگ جائیں تو ان بارہ صفات میں سے ادنیٰ صفت
کے لکھنے پر بھی قادر نہ ہونگے جب یہ بات اپنے
شیخ سے سنی تو از حد شوق پیدا ہو گیا اور بے قرار ہو
گئے اور اضطراب عشق و محبت کا شکار ہو گئے۔ اور
دل ہی دل میں کہنے لگے غوث مردان خدا کا سردار
ہوتا ہے اور اس بات پر کہ غوث پاک کے طریقہ کے
علاوہ کسی دوسرے طریقہ پر مرنے سے غیرت کھائی
پھر اسی حال میں بغداد کی طرف متوجہ ہوئے پھر نواحی
اجمیر (یعنی اجمیر کے قریب) ایک پہاڑ پر پہنچے اس
پہاڑ کے نیچے ایک چشمہ بہہ رہا تھا آپ نے وضو
کر کے اس جگہ نماز ادا کی (اور سو گئے) ابھی پوری طرح
نیند نہ آئی تھی کہ دیکھا حضور غوث پاک سرخ تاج اور
سبز عمامہ ہاتھ میں لئے تشریف لا رہے ہیں شیخ احمد
نے حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا استقبال
کیا اور زیارت سے مشرف ہوئے اور آپ کے
سامنے ادب سے کھڑے ہو گئے جناب غوث پاک

Marfat.com

فَشَكَرَ اللهَ تَعَالٰى وَرَجَعَ بِهِمَا اِلٰى شَيْخِهٖ، وَرَأٰى اِزْدِيَادَ حَالِهٖ عَنِ الْاَوَّلِ، فَلَمَّا جَآءَ اِلٰى خِدْمَةِ شَيْخِهٖ اَقْبَلَ عَلَيْهِ وَسَرَّبِهٖ، وَقَالَ يَا اَحْمَدُ اِنَّ هٰذَا التَّاجَ وَالْعِمَامَةَ بَرَكَةٌ لَكَ، فَفِي الْاَوَّلِ كُنْتَ مُسْتَفِيضًا بِالْوَاسِطَةِ وَالْاٰنَ صِرْتَ مُسْتَفِيضًا بِلَا وَاسِطَةٍ، فَبِنِعْمَةِ الْقَادِرِيَّةِ وَالْفَيْضِ الْغَوْثِيِّ صِرْتَ مُمْتَازًا وَعَلَا رَأْسُكَ بَيْنَ الْاَوْلِيَآءِ وَلَبِسَهٗ شَيْخُهٗ تَبَرُّكًا عَلٰى رَأْسِهٖ وَشَكَرَ اللهَ تَعَالٰى وَقَالَ يَا اَحْمَدُ اِنَّ حَضْرَةَ الْغَوْثِ جَعَلَكَ مِنْ خَاصَّةِ حَضْرَتِهٖ وَاَتَمَّ اَمْرَكَ، وَطَلَبَ الشَّيْخُ اَحْمَدُ يَوْمًا مِنْ شَيْخِهٖ اَنْ يَأْذَنَ لَهٗ فِيْ اِتْيَانِهٖ بِحُزْمَةِ حَطَبٍ مِنَ الْجَبَلِ عَلٰى رَأْسِهٖ، كَمَا كَانَتْ عَادَتُهٗ لِطَبْخِ عَيْشِ الْفُقَرَآءِ، فَقَالَ لَهٗ شَيْخُهٗ، اَلْاٰنَ مَا بَقِيَتِ الْمُنَاسَبَةُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ هٰذِهِ الْخِدْمَةِ فَطَلَبَ الشَّيْخُ اَحْمَدُ مِنْ شَيْخِهِ الرُّخْصَةَ، فَقَالَ شَيْخُهٗ اَنْتَ مُخْتَارٌ، ثُمَّ رَاحَ اِلَى الْجَبَلِ وَلَمَّ الْحَطَبَ الْيَابِسَ وَحَزَمَ وَشَدَّ وَاَرَادَ اَنْ يَحْمِلَ عَلٰى رَأْسِهٖ فَطَارَ الْحَطَبُ فِي الْهَوَآءِ وَوَقَفَ، فَكَانَ بَيْنَ رَأْسِهٖ وَالْحَطَبِ مِقْدَارُ ذِرَاعٍ، فَكُلَّمَا مَشَى الشَّيْخُ اَحْمَدُ يَمْشِيْ مَعَهُ الْحَطَبُ اِلٰى اَنْ

نے انہیں مخاطب فرمایا اور قریب ہو کر شمرخ تاج سر پر رکھ کر اپنے دست اقدس سے اوپر عمامہ باندھ دیا اور فرمایا بیٹا احمد تو مردان خدا میں سے ہے یہ فرما کر نظر سے غائب ہو گئے شیخ احمد کی آنکھ کھلی تو تاج اور عمامہ سر پر پایا اس پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا اور پھر اپنے شیخ کی طرف لوٹ آئے اور اپنی حالت میں ترقی دیکھنے لگے جب شیخ کی خدمت میں پہنچے تو وہ دیکھ کر خوش ہوئے اور فرمایا احمد یہ تاج اور عمامہ تمہیں مبارک ہو پہلے تو بالواسطہ مستفیض ہوتا تھا اب براہ راست فیض حاصل ہو گیا تو نعمت قادری اور فیض غوثی کی برکت سے ممتاز ہو گیا اور تمہارا سر (یعنی درجہ) اولیاء میں بلند ہو گیا۔ پھر آپ کے شیخ نے تبرکاً اس تاج و عمامہ شریف کو اپنے سر پر رکھا اور اللہ کا شکر ادا کیا اور فرمایا اے احمد تجھے حضور غوث پاک نے اپنے خاصوں میں کر لیا ہے۔ اور تیرا کام پورا کر دیا ہے۔ ایک دن شیخ احمد نے اپنے شیخ سے پہاڑ سے سر پر لکڑیوں کا گٹھا لانے کی اجازت طلب کی جیسے کہ آپ پہلے لنگر کے درویشوں کا کھانا پکانے کیلئے لایا کرتے تھے انہوں نے فرمایا اب یہ خدمت آپکے لائق نہیں ہے مگر پھر رخصت طلب کی (یعنی اصرار کیا) آپکے شیخ نے

Marfat.com

وَصَلَ اِلَى حَضْرَةِ شَيْخِهٖ، فَقَالَ شَيْخُهٗ يَا اَحْمَدُ اِذَا صَارَ الرَّأْسُ قَابِلًا لِاَنْ يَلْبَسَهُ الْغَوْثُ التَّاجَ الْاَحْمَرَ وَالْعِمَامَةَ الْخَضْرَاءَ فَلَا يَبْقٰى قَدْرٌ لِلْحَطَبِ الْمَيِّتِ اَنْ يُحْمَلَ عَلٰى ذٰلِكَ الرَّأْسِ، لِاَنَّ الْغَوْثَ مُخَاطَبٌ مِنَ اللّٰهِ بِتَبْجِيْلِ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ، وَقَالَ لَا تَفْعَلْ هٰذِهِ الْخِدْمَةَ، فَقَبِلَ كَلَامَ شَيْخِهٖ، وَقَالَ لَهٗ اَيْضًا اِنَّ الْغَوْثَ اَتَمَّ اَمْرَكَ وَجَعَلَكَ مِنْ اَجِلَّةِ رِجَالِ اللّٰهِ، فَوَصَلَ اِلٰى مَا وَصَلَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ،

فرمایا تمہیں اختیار ہے (یعنی جیسے چاہے کرو) پھر آپ پہاڑ کیطرف پہنچے اور لکڑیاں اکٹھی کیں اور مضبوط گٹھا باندھا اور سر پر اٹھانے کا ابھی ارادہ ہی کیا تھا کہ گٹھا ہوا میں اڑنے لگا اور سر کے ایک ہاتھ اوپر ہوا میں ٹھہر گیا۔ جیسے آپ چلتے گئے گٹھا بھی اوپر چلتا گیا حتیٰ کہ اپنے شیخ کی خدمت میں پہنچ گئے شیخ نے فرمایا اے احمد جو سر اس قابل ہو کہ غوث پاک اس پر سرخ تاج اور عمامہ رکھیں تو لکڑیوں کی کیا مجال ہے کہ اس سر پر ٹھہر سکیں کیونکہ (تعظیم) غوث کیلئے شجر و حجر (درخت اور پتھر کو) خود بخود اٹھ جانے کا خطاب من اللہ ہوتا ہے۔ اور فرمایا آئندہ یہ خدمت نہ کرنا تو آپ نے اپنے شیخ کی کلام کو قبول کر لیا اور شیخ نے یہ بھی فرمایا کہ غوث اعظم نے تمہارا کام اتم کر دیا ہے۔ اور تم کو مردان خدا میں سے کر دیا ہے۔ پھر خدا جانے کیا کیا مراتب حاصل کئے۔

اَلْمَنْقَبَةُ الرَّابِعَةُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

(فِيْ اِيْصَالِهٖ جَمًّا غَفِيْرًا اِلَى اللّٰهِ بِنَظْرٍ وَّاحِدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) ذَكَرُوْا اَنَّ الْغَوْثَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اُمِرَ مِنَ اللّٰهِ يَوْمًا اَنْ يُّوْصِلَ اِلَى اللّٰهِ سَبْعَمِائَةِ رَجُلٍ وَّخَمْسَمِائَةِ امْرَأَةٍ فَجَمَعَ الرِّجَالَ فِيْ نَاحِيَةٍ وَالنِّسَاءَ فِيْ نَاحِيَةٍ وَنَظَرَ اِلَيْهِمْ بِنَظَرِ الْاِكْسِيْرِ فَصَارَ نُحَاسُ اَفْئِدَتِهِمْ اِبْرِيْزًا خَالِصًا، فَوَصَلُوْا اِلَى اللّٰهِ بِنَظْرَةٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ،

(۴۴) چوالیسویں منقبت آپکا ایک ہی نظر سے ایک بہت بڑی جماعت کو واصل باللہ کرنا۔

کہتے ہیں ایک روز حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو اللہ کیطرف سے سات سو مرد اور سات سو عورتوں کو واصل باللہ کرنے کا امر ہوا تو آپ نے مردوں کو ایک طرف اور عورتوں کو دوسری طرف جمع کر کے ان پر اپنی کیمیائی نظر ڈالی تو ان کے دلوں کے تانبے خالص سونا بن گئے اور آپ کی نظر کرم سے واصل باللہ ہو گئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

اَلْمَنْقَبَةُ الْخَامِسَةُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

فِي لِقَائِهِ النَّبِيَّ الْكَرِيْمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ قَالَ فِي جَامِعِ الْعُلُوْمِ كَانَ الْغَوْثُ يَوْمًا جَالِسًا عَلَى الْمِنْبَرِ لِلْوَعْظِ فَنَزَلَ بِسُرْعَةٍ اِلَى الْمِرْقَاةِ الْاُخْرٰی فَوَقَفَ قَائِمًا مُتَوَاضِعًا وَاضِعًا يَدًا عَلٰى يَدٍ، ثُمَّ بَعْدَ سَاعَةٍ رَقَى الْمِنْبَرَ وَجَلَسَ فِي مَكَانِهٖ وَ اشْتَغَلَ بِالْوَعْظِ، فَسَأَلَهٗ بَعْضُ الْحُضَّارِ عَنْ هٰذِهِ الْكَيْفِيَّةِ، فَقَالَ، رَأَيْتُ جَدِّيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ وَجَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَنَزَلْتُ تَأَدُّبًا فِيْ حَضْرَتِهٖ اِلَى الْمِرْقَاةِ الْاُخْرٰى، فَلَمَّا قَامَ وَرَاحَ اَمَرَنِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجُلُوْسِيْ فِيْ مَكَانِيْ وَبِوَعْظِ النَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ،

اَلْمَنْقَبَةُ السَّادِسَةُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

فِيْ اِعْطَاءِ امْرَأَةٍ اَوْلَادًا لَمْ تَكُنْ لَهَا مَكْتُوْبَةً فِي اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

قَالَ فِيْ مُنْتَخَبِ جَوَاهِرِ الْقَلَائِدِ جَاءَتْ اِمْرَأَةٌ ذَاتَ يَوْمٍ اِلٰى حَضْرَةِ الْغَوْثِ، وَالْتَمَسَتْ مِنْ حَضْرَتِهٖ الدُّعَاءَ لِيُعْطِيَهَا اللّٰهُ وَلَدًا، فَرَاقَبَ وَشَاهَدَ اللَّوْحَ الْمَحْفُوْظَ فَلَمْ يَرَ لَهَا وَلَدًا مَكْتُوْبًا فِيْهِ، فَسَأَلَ

(۴۵) پینتالیسویں منقبت آپ کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منبر پر ملاقات کرنا۔

جامع العلوم میں لکھا ہے کہ ایک دن حضور غوث پاک منبر پر بیٹھے وعظ فرما رہے تھے کہ جلدی سے نیچے کی سیڑھی پر اتر آئے اور دست بستہ متواضع کھڑے ہو گئے پھر کچھ دیر منبر پر چڑھے اور اپنی جگہ بیٹھ کر وعظ میں مشغول ہو گئے حاضرین میں سے بعض نے اس کیفیت کا سبب پوچھا تو فرمایا میں نے اپنے نانا جان صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو تشریف لاتے دیکھا اور پھر منبر پر جلوہ فرما ہوئے تو میں ادباً نیچے کی سیڑھی پر اتر آیا اور جب تشریف لے جانے لگے تو مجھے اپنی جگہ بیٹھ کر وعظ کرنے کا حکم فرمایا رضی اللہ تعالی عنہ

(۴۶) چھیالیسویں منقبت آپ کا ایک ایسی عورت کو اولاد عطا کرنا جسکے لئے لوح محفوظ پر اولاد مکتوب نہیں ہے۔

منتخب جواہر القلائد میں لکھا ہے کہ ایک روز ایک عورت غوث پاک کے دربار میں آئی اور آپ سے اولاد کے بارے میں دعا کرنے کی گذارش کی آپ نے مراقبہ میں لوح محفوظ کا مشاہدہ کیا مگر اسمیں اس عورت کے لئے کوئی اولاد لکھی ہوئی نہ پائی پھر اللہ

Marfat.com

اللہ اَنْ یُعْطِیَھَا وَلَدَیْنِ، فَجَاءَہُ النِّدَاءُ مِنَ اللّٰہِ،
لَیْسَ لَھَا وَلَدٌ مَکْتُوْبٌ فِی اللَّوْحِ وَاَنْتَ تَطْلُبُ لَھَا
وَلَدَیْنِ؛ فَسَأَلَ اللّٰہَ اَنْ یُعْطِیَھَا ثَلَاثَۃَ اَوْلَادٍ،
فَجَاءَہُ النِّدَاءُ اَیْضًا مِثْلَہٗ، فَسَأَلَ اَنْ یُعْطِیَھَا سِتَّۃَ
اَوْلَادٍ، فَجَاءَہُ النِّدَاءُ کَالسَّابِقِ، فَسَأَلَ اَنْ
یُعْطِیَھَا سَبْعَۃَ اَوْلَادٍ، فَجَاءَ النِّدَاءُ یَکْفِیْ یَا
غَوْثُ لَا تَطْلُبُ الزِّیَادَۃَ، فَبَعْدَ ھٰذِہِ الْبِشَارَۃِ
جَاءَتِ الْبِشَارَۃُ اِلَیْھَا بِاِعْطَاءِ اللّٰہِ لَھَا سَبْعَۃَ
اَوْلَادٍ ذُکُوْرًا، فَاَعْطَاھَا الْغَوْثُ مِقْدَارًا مِّنَ
التُّرَابِ، وَکَانَتْ تِلْکَ الْمَرْأَۃُ حِیْنَئِذٍ کَامِلَۃَ
الصِّدْقِ وَالْاِعْتِقَادِ فِیْ حَضْرَۃِ الْغَوْثِ، فَوَضَعَتْ
ذٰلِکَ التُّرَابَ فِیْ فِضَّۃٍ وَعَلَّقَتْھَا فِیْ عُنُقِھَا کَا
لتَّعْوِیْذَۃِ، فَاَکْرَمَھَا اللّٰہُ بِسَبْعَۃِ اَوْلَادٍ ذُکُوْرًا،
وَبَعْدَ مُدَّۃٍ فَسَدَ اِعْتِقَادُھَا فِیْ حَقِّ
الْغَوْثِ وَقَالَتْ، اَلتُّرَابُ الَّذِیْ اَعْطَانِیْہِ الْغَوْثُ
اَیُّ فَائِدَۃٍ تَحْصُلُ مِنْہُ، فَبِمُجَرَّدِ تَفَوُّھِھَا بِھٰذَا
الْکَلَامِ مَاتَ اَوْلَادُھَا، فَجَاءَتْ اِلَی الْغَوْثِ بَاکِیَۃً
وَتَضَرَّعَتْ، فَقَالَتْ یَا غَوْثُ اَغِثْنِیْ، فَقَالَ الْغَوْثُ
کَانَ ذٰلِکَ الزَّمَانُ زَمَانَہٗ، فَفِیْ ھٰذَا الزَّمَانِ
لَیْسَتْ فِیْہِ فَائِدَۃٌ، وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ لَھَا الْغَوْثُ
اِرْجِعِیْ اِلٰی بَیْتِکِ فَبِاَیِّ نِیَّۃٍ جِئْتِ بِھَا اِلَیْنَا

مثل الاول فسأل ان یعطیھا اربعۃ اولاد فجاء النداء مثل الاول فسأل ان یعطیھا خمسۃ اولاد فجاء النداء

تعالیٰ سے دو بیٹوں کی دعا کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے
ندا آئی اس کے لئے لوح محفوظ میں ایک بھی بیٹا
نہیں لکھا ہوا تو آپ دو بیٹوں کا سوال کرتے ہیں آپ
نے تین بیٹوں کا سوال کیا تو پہلے جیسا جواب ملا۔ پھر
آپ نے چار بیٹوں کا سوال کیا پھر جواب اسی طرح
ملا۔ پھر پانچ کا سوال کیا مگر جواب وہی ملا۔ پھر چھ کا
سوال مگر جواب حسب سابق ہے۔ پھر سات کا
سوال کیا ندا آئی اے غوث اتنا ہی کافی ہے زیادہ
نہ طلب کرنا اور یہ بھی بشارت ملی کہ اللہ تعالیٰ اس
عورت کو سات بیٹے عطاء کرے گا۔ غوث پاک
نے اس عورت کو کچھ مٹی عطا فرمائی یہ عورت اس
وقت آپ سے کامل صدق و اعتقاد رکھتی تھی۔ اس
نے وہ مٹی چاندی میں رکھ کر تعویذ کی طرح گلے میں
ڈال لی تو اللہ تعالیٰ نے سات بیٹوں سے اس کو عزت
بخشی کچھ عرصہ بعد یہ آپ سے بداعتقاد ہو گئی اور
کہنے لگی غوث کی اس مٹی سے کیا فائدہ حاصل ہوا ابھی
اُس نے یہ پوری کلام منہ سے نہ نکالی تھی کہ اس کے
سب لڑکے فوت ہو گئے پھر غوث اعظم کی خدمت
میں آہ و زاری کرتی ہوئی آئی اور عرض کی اے غوث
میری مدد کرو تو آپ نے فرمایا وہ وقت وقت تھا
اور اس وقت (یعنی بے اعتقادی کے وقت) اس مٹی

Marfat.com

تجد بنيهم، فراحت إلى بيتها فوجدتهم أحياء، فشكرت الله تعالى اللهم انفعنا ببركاته آمين، رضي الله تعالى عنه

میں کیا فائدہ ہے۔ اور ایک روایت میں یوں ہے کہ آپ نے فرمایا گھر لوٹ جا جس نسبت کو تو ہمارے پاس سے لے کر آئی ہے۔ اسی طرح تو اپنے لڑکوں کو زندہ پائے گی۔ چنانچہ وہ گھر پہنچی تو بیٹوں کو زندہ پایا اور اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ یا الٰہی ہم کو بھی آپ کے فیوض برکات سے نفع پہنچا۔ آمین رضی اللہ عنہ

المنقبة السابعة والاربعون

(في كون العفاريت في حبسه رضي الله عنه)

ذكروا أن في زمن سيدنا سليمان عليه السلام كانت الجن والشياطين مسلطة على الخلائق، فتفكر يوما أن الناس في عهدي يتضررون من الجن والشياطين بتسليطهم على العباد وإذايتهم، والحال أنهم تحت طاعتي فكيف يكون حال الخلائق بعدي، فهتف به هاتف الغيب، إني أختم النبوة في آخر الزمان بحبيبي محمد صلى الله عليه وسلم ويجيء رجل من نسله وسلالته مسمى بالسيد عبد القادر تكون الجن والشياطين تحت حكمه وطاعته وفي حبسه، ففرح سيدنا سليمان عليه السلام بهذا الكلام وشكر

(۴۷) سنتالیسویں منقبت۔ خبیث جنوں کا آپکی قید میں ہونا۔

کہتے ہیں کہ سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں جن و شیاطین مخلوق پر مسلط تھے (یعنی لوگوں کو تکلیفیں دیتے تھے) تو آپ نے ایک دن سوچا کہ جب میرے زمانہ میں لوگوں کو جنوں شیاطین سے نقصان اور اذیتیں پہنچتی ہیں حالانکہ یہ سب میرے ماتحت ہیں تو میرے بعد مخلوق خدا کا کیا حال ہوگا۔ آپ اسی فکر میں تھے کہ ہاتف غیبی نے آواز دی کہ میں آخر زمانہ میں اپنے حبیب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم کردونگا اور آپ کی نسل سے عبد القادر نامی ایک شخص پیدا ہوگا۔ یہ تمام جن و شیاطین اُس کے حکم و طاعت اور قید میں ہوں گے۔ یہ کلام سُن کر سیدنا سلیمان علیہ السلام خوش ہو گئے۔ اور اللہ

Marfat.com

اللہ الملک العلام، فامر بتقییدہم و القائہم فی البحر و
قال ینفک فی آخر الزمان قیدہم ویکونون تحت
حکم الغوث و امرہ و حسبہ، و یوجفون من
مخافتہ فی مسکنہم، فانہ شیخ الانس والجن و
الملائکۃ، وہم الآن فی طاعۃ خلفائہ ومریدیہ
رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین،

تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور فرمایا کہ ان کو قید کر کے سمندروں
میں ڈال دو اور فرمایا ان کی زنجیریں آخیر زمانہ میں
کھلیں گے اور یہ حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ
کے تحت حکم اور آپ کی قید میں ہونگے اور اپنے گھروں
میں بیٹھے آپ کے خوف سے کانپتے ہوں گے کیونکہ
آپ انسانوں جنوں اور ملائکہ کے شیخ ہوں گے اور
وہ اب آپ کے خلفاء اور مریدین کی طاعت میں ہیں رضی اللہ عنہم،

المنقبۃ الثامنۃ والاربعون

فی تخلیصہ مریدا لہ من عذاب الملکین، ای منکر
ونکیر وکان ہذا المرید لا یعرف شیئا سوی الغوث
رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ذکروا انہ کان رجل من
مریدیہ یعتقد فی حضرۃ الغوث اعتقادا جازما
وصار فانیا وباقیا فی محبتہ، فلما توفی دفنوہ
وجاءہ الملکان للسؤال، فسألاہ ما ربک
وما نبیک وما دینک؟ فقال لہما ما اعرف
شیئا الا شیخی السید عبد القادر، فتحیر الملکان
فقالا، یا رب انت اعلم ان عبدک ہذا
یقول کذا، فامرہما اللہ بعذابہ، فاراد ان
یعذباہ، فظہر حضرۃ الغوث وقال لہما انہ

(۴۸) اڑتالیسویں منقبت آپ کا اپنے ایک ایسے مرید کو
منکر ونکیر کے عذاب سے چھڑانا جو آپ کے نام کے
علاوہ اور کچھ نہ جانتا تھا

کہتے ہیں کہ آپ کے مریدوں میں سے ایک شخص آپ
کا بہت ہی معتقد تھا اور آپ کی محبت میں فنا ہو کر
بقا فی المحبۃ تک پہنچ گیا تھا۔ جب فوت ہو گیا تو لوگوں
نے دفن کر دیا پھر اُس کے پاس منکر ونکیر آکر سوال
کرتے ہیں کہ تیرا رب پیغمبر اور مذہب کیا ہے اُس
نے جواب دیا میں اپنے شیخ سید عبد القادر کے
علاوہ کسی کو نہیں پہچانتا فرشتے حیران ہو گئے اور دربار
الٰہی میں عرض کی اے پروردگار تو جانتا ہے جیسے تیرے
فلاں بندہ نے جواب دیا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے

Marfat.com

اِنْ لَمْ يَعْرِفْ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَدِيْنَهُ، اَخِيْ جَهِلَهُمُوْ دِيْنِهِ، فَاِنَّهُ يَعْرِفُنِيْ وَاقْتَدٰى بِيْ، فَاَنَا اَعْرِفُ كُلَّ مَا سَاَلْتُمَاهُ عَنْهُ، فَلِاَجْلِيْ لَا تُعَذِّبَاهُ، فَسَاَلَا اللّٰهَ وَقَالَا يَا رَبِّ اَنْتَ اَعْلَمُ اَنَّ مَحْبُوْبَكَ وَمَحْبُوْبُكَ الْغَوْثُ الْاَعْظَمُ السُّلْطَانُ مُحْيِ الدِّيْنِ عَبْدُ الْقَادِرِ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا، فَاَمَرَهُمَا بِتَعْذِيْبِهِ فَاَرَادَا اَنْ يُعَذِّبَاهُ، فَاَخَذَ الْغَوْثُ مِطْرَقَتَهُمَا مِنْ اَيْدِيْهِمَا وَقَالَ لَهُمَا لَا تَقْرَبَا اِلَيْهِ فَاِنَّ كَثْرَةَ نَارِ الْعِشْقِ فِيْ بَاطِنِيْ لَا تُقَاسُ بِشَيْءٍ وَاِلَّا اَحْرِقُ بِهَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ بِاَنْ لَا تَكُوْنَ الرَّاحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَلَا الْعَذَابُ فِي النَّارِ، فَجَاءَهُمَا النِّدَاءُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَفَوْتُ عَنْهُ لَا تُعَذِّبَاهُ، وَهٰذَا اِكْرَامٌ لَهُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

عذاب دینے کا حکم فرمایا اور ان دونوں فرشتوں نے جب عذاب دینے کا قصد کیا تو حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ ظاہر ہو گئے اور فرشتوں سے کہا یہ اللہ و رسول اور دین کو نہیں پہنچانتا یعنی امور سے ناواقف ہے لیکن یہ مجھے پہچانتا ہے اور اس نے میری اقتداء کی ہے۔ اور جو تم اس سے پوچھتے ہو اسی کو میں خوب جانتا ہوں پس تم میری خاطر اسے عذاب نہ دو فرشتوں نے پھر اللہ تعالیٰ سے عرض کیا اے پروردگار تو خوب جانتا ہے کہ تیرے محبوب غوث اعظم سلطان محی الدین عبدالقادر ایسے ایسے کہتے ہیں (یعنی اس شخص کو عذاب نہ دو) لیکن اللہ تعالیٰ نے پھر بھی عذاب کا ہی حکم فرمایا فرشتوں نے عذاب دینے کا ارادہ کیا تو حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے انکے ہاتھ سے ہتھوڑے لے لئے اور اُن سے فرمایا کہ اس کے قریب نہ جانا۔ ورنہ میرے باطن میں عشق کی اتنی آگ ہے جو عقل قیاس سے باہر ہے۔ میں اس آگ سے جنت دوزخ دونوں کو جلا دونگا یعنی نہ جنت میں آرام نہ دوزخ میں عذاب اتنے میں منکر و نکیر کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ندا آئی کہ اسے میں غوث پاک کی خاطر معاف کر دیا ہے۔ اسکو عذاب نہ دو

اَلْمَنْقَبَةُ التَّاسِعَةُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

(فِيْ رُتْبَةِ مُرِيْدِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

(۴۹) انچاسویں منقبت۔ آپ کے مریدوں کے مرتبہ کے بیان میں۔

سَاَلُوْا مِنْ حَضْرَتِهِمْ عَنْ رُتْبَةِ مُرِيْدِيْهِ فَقَالَ

آپ سے ایک دفعہ لوگوں نے آپ کے مریدوں کے

رضی اللہ عنہ بیضتنا بألف والفرخ لا یقوم،
فالمراد من البیضۃ من قرب عہدہ الی الطریقۃ
العلیۃ، والمراد من الفرخ من سلک وحیی قلبہ
بذکر اللہ، فشبہ رضی اللہ عنہ المبتدئین بالبیضۃ
والمتوسطین بالفرخ، ای ان احد مریدی
من المبتدئین مقابل بألف مرید للمشایخ، و
المتوسط من مریدی لا قیمۃ لہ، فاذا عرفت
رتبۃ المبتدئین والمتوسطین فرتبۃ الکاملین
من وراء العقل وفی درر الجواہر نقل الشیخ
ابو الفرج بن الجوزی عن الشیخ علی بن
المسیحی (قولہ المسمی، لم اقف علی ضبطہ اہ)
لا مرید لشیخ اسعد من مرید الغوث، و
قال الشیخ بقی بن بطو، رأیت اصحاب سیدنا
الغوث کلہم غرا فی محفل السعد لہ، وسأل
واحد من حضرتہ عن احوال مریدیہ الفاجر
والمتقی، فقال رضی اللہ عنہ البار لی والفاجر انا لہ
وقال الشیخ عدی بن مسافر، اقدر علی الیأس
الحرفۃ لمرید المشایخ ولا اقدر علی الیاسہا
لمرید الغوث، فہو بحر لا ساحل لہ وانا ساقیۃ
صغیرۃ، وقال السید جلال البخاری فی کتاب
تحفۃ السیر، من اصابہ الجرث و قبلہ

مرتبہ کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا ہمارا انڈا
ہزار کے برابر ہے تو چوزوں کی تو کسی سے قیمت ہی نہیں
پڑھ سکتی۔ انڈے سے مراد آپ کا وہ مرید ہے جس
نے ابھی ابھی طریقت کے رستہ میں پاؤں رکھا ہو
اور چوزے سے مراد وہ جس کو اس رستہ میں چلتے
کچھ عرصہ گذر گیا ہو اور جس کا قلب ذکر اللہ سے زندہ
ہو (یعنی کسی وقت بھی دل ذکر اللہ سے غافل نہیں رہتا)
یعنی آپ نے مبتدئین کو انڈے کے ساتھ اور
متوسطین کو چوزے کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور
فرمایا کہ میرا ایک مرید دوسرے مشائخ کے ہزار مرید
کے مقابل ہے اور میرے متوسط مرید کی تو کوئی قیمت
ہی نہیں ہو سکتی جب تو نے ایسے صاحب آپ کے
مبتدئین اور متوسطین مریدوں کا رتبہ پہچان لیا تو آپ
کے کامل مریدوں کا رتبہ تو عقل سے باہر ہو گا۔

درر الجواہر میں شیخ ابو الفرج بن جوزی نے شیخ علی
بن مسیحی سے نقل کیا کہ حضرت غوث اعظم کے مرید
سے بڑھ کر سعادت مند کسی شیخ کا کوئی مرید نہیں ہے
شیخ بقا بن بطو فرماتے ہیں میں نے آپ کے
مریدوں کو اولیاء کی محفل اس طرح دیکھا کہ ان
کی پیشانیوں سے نور چمکتا تھا۔ ایک شخص نے
آپ سے آپ کے نیکو کار و بدکار مرید کی نسبت

Marfat.com

فِيْ اُذُنِهٖ يَا حَضْرَةَ الشَّيْخِ قُطْبَ الْعَالَمِ مُحْيِ الْحَقِّ

وَالدِّيْنِ السَّيِّدُ عَبْدَ الْقَادِرِ الْكِيْلَانِيْ فِيْ تُدْ

فَعُ عَنْهُ تِلْكَ الْاِصَابَةُ وَاِنْ غَلَبَ عَسْكَرُ

الْعَدُوِّ فِيْ بِلَادِ الْاِسْلَامِ اَوْ خَافَ اَحَدٌ

مِنْ قَاطِعِ الطَّرِيْقِ ، فَيَاخُذُ مِنَ الْاَرْضِ تُرَابًا

اَسْوَدَ وَيَذْكُرُ عَلَيْهِ اِسْمَ الْغَوْثِ وَيَنْفُخُ عَلَى

التُّرَابِ وَيَرْمِيْ ذٰلِكَ التُّرَابَ فِيْ اَعْيُنِ

الْاَعْدَاءِ فَيُعْمِيَ اللّٰهُ اَبْصَارَهُمْ وَيَقْهَرُهُمُ اللّٰهُ

وَقَالَ مَنْ تَحَيَّرَ فِيْ اَمْرٍ وَتَوَسَّلَ اِلَى الْغَوْثِ

يُبَدِّلُ اللّٰهُ عُسْرَهٗ بِالْيُسْرِ وَيُخَلِّصُ مِنَ الْعَجْزِ وَ

يَنَالُهُ فَرَحٌ وَسُرُوْرٌ ، وَمَنْ لَبِسَ خِرْقَةَ الْغَوْثِ

فَاِنَّهٗ يَنَالُ النَّجَاةَ وَالدَّرَجَاتِ فَاِنَّهٗ دَعَا لِمُرِيْدِيْهِ

وَمُحِبِّيْهِ ، فَهُوَ قُطْبُ الْعَالَمِ قَدْ دُعَاؤُهٗ مُسْتَجَابٌ

وَذَكَرُوْا اِنَّ رَجُلًا قَالَ يَوْمًا لِلْغَوْثِ ، مَا رَاَيْتُ

فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ سَخَاءً مِنْ حَضْرَتِكُمْ ، فَاَمَرَ السَّيِّدُ

اَنْ يَاْتُوْا عَاجِلًا بِمِائَةٍ وَاَرْبَعِيْنَ رَجُلًا مِنَ

الْفُسَّاقِ وَالْعُصَاةِ ، فَاَتَوْا بِهِمْ اِلَيْهِ ، فَاَمَرَ اَنْ

يَقِفَ سَبْعُوْنَ مِنْ جَانِبِ الْيَمِيْنِ وَسَبْعُوْنَ

مِنْ جَانِبِ الْيَسَارِ ، ثُمَّ نَظَرَ اِلَى الطَّرَفَيْنِ

بِنَظْرَةِ الرَّحْمَةِ ، فَوَصَلُوْا اِلَى اللّٰهِ فِيْ طَرْفَةِ

عَيْنٍ بِنَظْرِهٖ وَبَرَكَتِهٖ ، ثُمَّ قَالَ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ

سوال کیا تو آپ نے فرمایا میرا ایک مرید میرے لئے
ہے اور میں بدکار کیلئے ہوں۔ شیخ عدی بن مسافر
فرماتے ہیں میں اور سب مشائخ کے مریدوں کو خرقہ
خلافت پہنا سکتا ہوں۔ لیکن غوث پاک کے کسی مرید
کو خرقہ نہیں پہنا سکتا کیونکہ آپ کی اور میری مثال سمندر
بے کنارا اور چھوٹی سی نہر کی ہے۔ سید جلال بخاری
تحفۃ السیر میں لکھتے ہیں جب کسی کو جن چمٹ جائے
اُس کے کان میں (یا حضرت الشیخ قطب العالم
محی الحق والدین السید عبدالقادر الگیلانی) کا کلمہ
پھونک دیا جائے تو وہ دفع ہو جائے گا اگر کافروں
کا لشکر ملک اسلام پر چڑھ آئے یا کسی کو راہزنوں
کا خوف ہو تو زمین سے سیاہ مٹی لیکر اُس پر غوث اعظم
رضی اللہ عنہ کا نام مبارک پڑھکر پھونکے اور وہ مٹی اُن
کی طرف پھینک دے جیسا کہ حضرت غوث اعظم رضی
اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص ایسے کرے گا یہ مٹی دشمنوں
کی آنکھوں میں ڈال کر اللہ تعالیٰ اُن کو اندھا کر دے
گا اور ان پر قہر غضب فرمائے گا۔ اور فرمایا جو شخص کسی
مصیبت میں گرفتار ہو کر حضرت غوث اعظم رضی
اللہ عنہ سے توسل کرے گا اللہ تعالیٰ اُس کی تکلیف
کو آسانی سے بدل دے گا۔ اور وہ عجز سے خلاصی
پائے گا۔ اور اُسے خوشی حاصل ہوگی اور جس شخص نے
حضرت سے خرقہ خلافت پہنا وہ دنیا و آخرت کی

Marfat.com

رَاَيْتَ سَخَاوَتِيْ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ،

مصیبتوں سے نجات پانے کے علاوہ مراتب عالیہ کو بھی پہنچ گیا کیونکہ آپ نے اپنے مریدوں اور عقیدتمندوں کے حق میں خاص طور پر دعا مانگی ہے اور آپ قطب عالم ہیں اور آپ کی دعا دربار الٰہی میں مقبول ہے۔ کہتے ہیں ایک دن ایک شخص نے غوث پاک سے عرض کی کہ آج دن میں نے آپ کی کوئی سخاوت نہیں دیکھی یہ سنتے ہی آپ نے فوراً ایک سو چالیس ۱۴۰ فاسق و تاجر شخصوں کو حاضر کرنے کا حکم دیا جب وہ آپ کے پاس حاضر کئے گئے تو آپ نے ستر کو دائیں اور ستر کو بائیں جانب کھڑا کیا پھر دونوں طرف نظر رحمت سے دیکھا تو آپ کی کیمیائی نظر سے ایک آنکھ جھپکنے کے لحظہ میں واصل باللہ ہو گئے پھر اس شخص سے فرمایا تو نے میری اس دن کی سخاوت دیکھی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ،

اَلْمَنْقَبَةُ الْخَمْسُوْنَ

(۵۰) پچاسویں منقبت آپ کا اللہ تعالیٰ سے ستر بار وعدہ لینا کہ تجھے تیرے مرتبہ سے نہ گرائے گا۔

(فِيْ اَخْذِهٖ مِنَ اللّٰهِ سَبْعِيْنَ مَوْثِقَاتٍ لَا يَمْكُرُ بِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذُكِرَ فِيْ بَهْجَةِ الْاَسْرَارِ، قَالَ الشَّيْخُ نَجِيْبُ الدِّيْنِ عَبْدُ الْقَاهِرِ السُّهْرَوَرْدِيُّ كُنْتُ عِنْدَ الشَّيْخِ حَمَّادِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ الدَّبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَكَانَ الْغَوْثُ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ عِنْدَهٗ، فَتَكَلَّمَ بِكَلَامٍ عَظِيْمٍ، فَقَالَ لَهُ الشَّيْخُ حَمَّادٌ يَا عَبْدَ الْقَادِرِ لَقَدْ تَكَلَّمْتَ بِعَجَبٍ، اَمَا تَخَافُ اَنْ يَمْكُرَ اللّٰهُ بِكَ؟ فَوَضَعَ الْغَوْثُ كَفَّهٗ عَلٰى صَدْرِ الشَّيْخِ حَمَّادٍ وَقَالَ لَهٗ اُنْظُرْ بِعَيْنِ قَلْبِكَ مَا فِيْ كَفِّيْ مَكْتُوْبًا، فَسَمِعَا

بہجۃ الاسرار میں مرقوم ہے کہ شیخ نجیب الدین عبدالقاہر سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن شیخ حماد بن مسلم الدباس رضی اللہ عنہما کے پاس تھا اور غوث پاک بھی وہاں موجود تھے غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے ایک بہت بڑی کلام کیساتھ تکلم کیا تو شیخ حماد نے کہا اے عبدالقادر تم نے عجیب بات کہی ہے کیا تم ڈرتے نہیں ہو کہ اللہ تعالیٰ مرتبہ سے گرا دے گا۔ تو غوث اعظم نے اپنا ہاتھ اُن کے سینے پر رکھ کر فرمایا اپنے دل کی آنکھ سے دیکھو میرے ہاتھ پر کیا لکھا ہوا

Marfat.com

الشیخ حماد سمعوۃ، ثم رفع الغوث لغہ عن
صدرہ فقال الشیخ حماد: قرأت انہ
أخذ من اللہ تعالیٰ سبعین موثقاً أن لا
یمکر بہ، ثم قال الشیخ حماد: لا باس بعدھا
من کتب ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء و
اللہ ذو الفضل العظیم

ہے۔ شیخ حماد نے مراقبہ کر کے دیکھا پھر آپ نے اُن
کے سینہ سے اپنا ہاتھ اٹھایا تو شیخ حماد فرمانے
لگے میں نے ہاتھ پر لکھا پڑا ہے بیشک اِس نے اللہ
تعالیٰ سے ستر بار پختہ وعدہ لیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اِس
کو تقیہ سے نہیں گرائے گا۔ پھر شیخ حماد نے فرمایا
اس کے بعد آپ کو کوئی خوف نہیں۔ اس کے بعد آپ کو
کوئی خوف نہیں آپ نے یہ دو مرتبہ فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بڑے
فضل والا ہے۔

المنقبة الحادية والخمسون

(فی تکلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بالکلام العظیم)

اکاونویں منقبت آپ کے ایسے کلمات جو بظاہر خلاف شرع ہیں۔

ذکر فی بہجۃ الأسرار، تکلم الشیخ صدقۃ
البغدادی بکلام أنکر علیہ بطریق الشرع
فطولع بہ الخلیفۃ فأمر بإحضارہ إلی باب
المتولی وتعزیرہ، فلما أحضر کشفوا رأسہ
فصاح خادمہ وأشیاعہ، فشلت ید الذی
ہم یضربہ، وألقی اللہ سبحانہ الہیبۃ لہ
فی قلب المتولی، فطالع الوزیر بذلک
فألقی اللہ سبحانہ الہیبۃ فی قلب الوزیر،
فطالع الخلیفۃ بذلک، فألقی اللہ سبحانہ

بہجۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ شیخ صدقہ بغدادی نے
چند کلمات کہے جو بظاہر خلاف شرع تھے۔ خلیفہ
وقت کو ان کلمات کی اطلاع دی گئی تو اُس نے قاضی
صاحب کے پاس حاضر کر کے تعزیر لگانے کا حکم
فرمایا جب شیخ حاضر کئے گئے تو انہوں نے شیخ کا
سر ننگا کیا یہ دیکھ کر شیخ کا ایک مرید چیخ اٹھا اور جس
نے تعزیر لگانے کا ارادہ کیا تھا اُس کا ہاتھ شل ہو گیا
اور اللہ تعالیٰ نے قاضی کے دل میں آپ کی ہیبت
ڈال دی وزیر اس پر مطلع ہوا تو وزیر کے دل پر

Marfat.com

الهيبة له في قلب الخليفة، فأمر بإطلاقهم، ثم دخل
إلى رباط الغوث فوجد المشايخ والناس
جلوسًا ينتظرون خروج الغوث ليتكلم
عليهم، فجاء وجلس بين المشايخ فلما صعد
الغوث الكرسي لم يتكلم ولم يأمر القارئ
بالقراءة، وأخذ الناس وجد عظيم، وداخلهم
أمر جليل، فقال الشيخ صدقة في نفسه،
الغوث لم يتكلم والقارئ لم يقرأ فما هذا
الوجد، فالتفت الغوث إلى جهته وقال: يا
هذا أحد مريدي جاء من بيت المقدس إلى
هنا في خطوة وتاب على يدي، والحاضرون
اليوم في ضيافته. فقال الشيخ صدقة
في نفسه: من كانت خطوته من بيت
المقدس إلى بغداد ففيم يتوب وما
احتياجه إلى الشيخ؟ فالتفت الغوث
إلى جهته فقال يا هذا أيتوب من الخطو
في الهواء فلا يرجع إليه ويحتاج
أن أعلمه الطريق إلى محبة الله عز وجل
ثم قال أنا سيفي مشهور وقوسي موتور
ونبالي مفوقة، وسهامي صائبة،
ورمحي منسوب. وفرسي مسروج

بھی اللہ تعالیٰ نے ان کی ہیبت ڈال دی خلیفہ کو
جب اطلاع ہوئی تو ان کے دل میں بھی آپ کی
ہیبت گھر کر گئی۔ تو اس نے حکم دیا کہ ان کو رہا
کر دیا جائے (رہا ہونے کے بعد) آپ غوث اعظم
رضی اللہ عنہ گئے دربار میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ
مشائخ اور عام لوگ غوث پاک کے تشریف لا کر
وعظ فرمانے کا بیٹھے انتظار کر رہے ہیں غوث پاک
تشریف لا کر حلقہ مشائخ میں بیٹھ گئے۔ پھر منبر
پر چڑھے مگر نہ آپ نے کچھ ارشاد فرمایا اور نہ قاری کو
قرآن پڑھنے کا حکم فرمایا۔ اگرچہ آپ چپ چاپ بیٹھے
تھے، مگر لوگوں پر ایک وجد کی کیفیت طاری ہو گئی
اور وہ امر جلیل میں داخل ہیں۔ شیخ صدقہ اپنے دل
ہی میں کہنے لگے کہ غوث اعظم نے نہ کچھ خود بیان فرمایا
اور نہ قاری نے کچھ پڑھا تو یہ وجد کیسا ہے تو آپ
شیخ صدقہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے
او شخص میرا ایک مرید بیت المقدس سے یہاں
تک ایک قدم میں آیا ہے اور اس نے میرے ہاتھ
پر توبہ کی ہے۔ اور یہ لوگ اسکی مہمان نوازی میں ہیں
شیخ صدقہ نے اپنے دل میں کہا کہ جو ایک ہی قدم سے
بیت المقدس سے بغداد پہنچ سکتا ہے تو اسے توبہ کی
کیا ضرورت ہے اور اسے شیخ کی محتاجی کیسی؟

Marfat.com

أَنَا نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ، أَنَا سَلَّابُ الْأَحْوَالِ
وَأَنَا بَحْرٌ بِلَا سَاحِلٍ. أَنَا دَلِيْلُ الْوَقْتِ
أَنَا الْمُتَكَلِّمُ فِيْ غَيْرِيْ. أَنَا الْمَحْفُوْظُ أَنَا الْمَلْحُوْظُ
يَا صُوَّامُ يَا قُوَّامُ يَا أَهْلَ الْجِبَالِ دُكَّتْ جِبَالُكُمْ
يَا أَهْلَ الصَّوَامِعِ هُدِمَتْ صَوَامِعُكُمْ،
أَقْبِلُوْا إِلٰى أَمْرٍ مِّنَ اللّٰهِ يَا بُنَيَّاتُ (۱) الطَّرِيْقِ
يَا رِجَالُ يَا أَبْطَالُ يَا أَبْدَالُ يَا أَطْفَالُ،
هَلُمُّوْا وَخُذُوْا عَنِ الْبَحْرِ الَّذِيْ لَا سَاحِلَ لَهٗ
يَا عَزِيْزُ أَنْتَ وَاحِدٌ فِي السَّمَاءِ أَنْتَ الْكَبِيْرُ
الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ، وَأَنَا الْحَقِيْرُ الْفَقِيْرُ الذَّلِيْلُ
لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يُقَالُ لِيْ بَيْنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ
سَبْعِيْنَ مَرَّةً، وَأَنَا اخْتَرْتُكَ لِنَفْسِيْ وَ
لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ يُقَالُ لِيْ يَا عَبْدَ الْقَادِرِ تَكَلَّمْ
يُسْمَعُ مِنْكَ، يُقَالُ لِيْ يَا عَبْدَ الْقَادِرِ
بِحَقِّيْ عَلَيْكَ كُلْ، بِحَقِّيْ عَلَيْكَ اِشْرَبْ
آمَنْتُكَ مِنَ الرَّدٰى

وَفِي الْبَهْجَةِ أَيْضًا كَانَ الْغَوْثُ يَمْشِيْ فِي
الْهَوَاءِ عَلٰى رُؤُوْسِ الْأَشْهَادِ فِيْ مَجْلِسِهٖ
وَيَقُوْلُ: مَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ حَتّٰى تُسَلِّمَ عَلَيَّ

غوث اعظم اسکی طرف متوجہ ہوکر فرمانے لگے اے صدقہ یہ ہوا میں اڑنے سے توبہ کرتا ہے اور یہ دوبارہ ہوا میں نہیں اڑے گا۔ اور اس بات کا محتاج ہے کہ میں اسے اللہ کی محبت کا رستہ سکھاؤں۔ پھر آپ نے فرمایا میری تلوار مشہور ہے۔ میری کمان چڑھی ہوئی ہے۔ میرا تیر نشانہ پر ہے۔

سیفی مشہور و قوسی موتور و سہمی صائب

میرا نیزہ ہر وقت گڑا رہتا ہے۔ میرے گھوڑے پر زین کسا ہوا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کی بھڑکتی آگ ہوں۔ میں احوال کا سلب کرنے والا ہوں سمندر بے کنار ہوں۔ میں وقت کی دلیل ہوں۔ اپنے غیر میں کلام کرتا ہوں۔ میں تمام آفتوں سے محفوظ ہوں۔ میں تمام آفتوں سے محفوظ ہوں۔ اے ہمیشہ روزہ رکھنے والو اے رات کو جاگنے والو اے پہاڑ میں رہنے والو تمہارے پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہوں۔ اے گرجاؤں میں رہنے والو تمہارے گرجے گر جائیں۔ خدا تعالیٰ کے امر کی طرف آؤ۔ میں اللہ تعالیٰ کا امر ہوں۔ اے راستہ میں پڑھنے والوں۔ اے مردان خدا۔ اے دلیرو۔ اے ابدال اے بچو۔ آؤ اس بحر زخار سے اپنا حصہ لے لو۔

اے غالب تو ایک ہے۔ آسمان میں تو بڑائی والا

(۱) : قولہ یا بنیات، مصغر، معناہ یا اطفال اوغیر مستقیمین اھ

وَتُخْبِرُنِي بِمَا يَجْرِي فِيهَا وَيَجِيءُ الشَّهْرُ
إِلَيَّ وَيُسَلِّمُ عَلَيَّ وَيُخْبِرُنِي بِمَا يَجْرِي
فِيهِ وَيَجِيءُ الْأُسْبُوعُ إِلَيَّ وَيُسَلِّمُ عَلَيَّ وَ
يُخْبِرُنِي بِمَا يَجْرِي فِيهِ وَيَجِيءُ الْيَوْمُ إِلَيَّ
وَيُسَلِّمُ عَلَيَّ وَيُخْبِرُنِي بِمَا يَجْرِي فِيهِ
وَعِزَّةِ رَبِّي إِنَّ السُّعَدَاءَ وَالْأَشْقِيَاءَ
لَيُعْرَضُونَ عَلَيَّ وَإِنَّ لُؤْلُؤَ (۱) عَيْنِي فِي
اللَّوْحِ الْمَحْفُوظِ أَنَا غَائِصٌ فِي بِحَارِ عِلْمِ اللهِ
وَمُشَاهَدَتِهِ، أَنَا حُجَّةُ اللهِ عَلَيْكُمْ أَنَا
نَائِبُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَوَارِثُهُ فِي الْأَرْضِ، وَكَانَ يَقُولُ عَلَى
الْكُرْسِيِّ فِي مَدْرَسَتِهِ: كُلُّ وَلِيٍّ عَلَى
قَدَمِ نَبِيٍّ، وَأَنَا عَلَى قَدَمِ جَدِّي صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا رَفَعَ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَمَهُ إِلَّا وَضَعْتُ قَدَمِي
فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي رَفَعَ قَدَمَهُ مِنْهُ
إِلَّا أَنْ يَكُونَ قَدَمًا مِنْ أَقْدَامِ
النُّبُوَّةِ، فَإِنَّهُ لَا سَبِيلَ إِلَى أَنْ
يَنَالَهُ غَيْرُ نَبِيٍّ، وَكَانَ يَقُولُ الْإِنْسُ

ہے۔ جبار و متکبر ہے اور میں نہایت حقیر و ذلیل ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ مجھے دن رات میں ستر مرتبہ کہا جاتا ہے کہ عبدالقادر۔ میں نے تمہیں اپنے لئے چن لیا ہے۔ اور تم میرے سامنے جو چاہو کرو۔ مجھے کہا جاتا ہے اے عبدالقادر کچھ منہ سے نکالو تمہاری قبول کی جائے گی۔ مجھے کہا جاتا ہے اے عبدالقادر جو تجھ پر حق ہے اس کے ساتھ جو چاہے کہا ادا کر لی۔ میں نے ہلاکت سے نا خوف کر دیا ہے۔

نیز بہجۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ غوث اعظم اپنی مجلس میں حاضرین کے سروں پر ہوا میں چلتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ جب سورج چڑھتا ہے تو مجھ پر سلام کرتا ہے اور سال میرے پاس آتا ہے اور مجھے سلام کہتا ہے اور مجھے وہ باتیں بتاتا ہے جو اس میں ہونی ہوتی ہیں اور مہینہ میرے پاس آکر سلام کہتا ہے اور ان باتوں کی خبر دیتا ہے جو اس میں ہونی ہوتی ہیں۔ اور ہفتہ میرے پاس آکر سلام کرتا ہے اور جن باتوں کی خبر دیتا ہے جو اس میں ہونی ہوتی ہیں۔ دن میرے پاس آکر سلام کرتا ہے اور اپنے مافیہا کی خبر دیتا ہے۔ مجھے اپنے رب کی قسم بیشک نیک اور بدبخت مجھ پر پیش کیے جاتے ہیں۔ میری نظر لوح محفوظ میں ہے میں اللہ تعالیٰ کے علم اور مشاہدہ کے سمندر میں غوطہ زن ہوں میں تم پر اللہ تعالیٰ کی حجت ہوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نائب اور آپ کا زمین میں وارث ہوں۔ اور آپ اپنے مدرسہ میں

---

(۱) البولؤ لؤبوزن ۔۔۔ : انسان العین کما فی القاموس۔

Marfat.com

لَهُمْ مَشَايِخُ وَالْجِنُّ لَهُمْ مَشَايِخُ وَالْمَلَائِكَةُ لَهُمْ مَشَايِخُ وَ أَنَا شَيْخُ الْكُلِّ. وَقَالَ لِأَوْلَادِهٖ مِنْ مَرَضِ مَوْتِهٖ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ بُعْدُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَلَا تَقِيْسُوْنِيْ بِأَحَدٍ وَلَا تَقِيْسُوْا عَلَيَّ أَحَدًا. وَقَالَ لِوَلَدِهٖ عَبْدِ الْجَبَّارِ: أَنْتَ نَائِمٌ أَوْ مُتَنَبِّهٌ مُوْتُوْنِيْ وَقْتَ انْتَبَهْتُمْ. وَكَانَ يَقُوْلُ أَنَا مِنْ وَرَاءِ أُمُوْرِ الْخَلْقِ أَنَا مِنْ وَرَاءِ عُقُوْلِكُمْ. كُلُّ رِجَالِ الْحَقِّ إِذَا وَصَلُوْا إِلَى الْقَدَرِ أَمْسَكُوْا إِلَّا أَنَا. فَإِنَّا وَصَلْتُ إِلَيْهِ وَفُتِحَ لِيْ رَوْزَنَةٌ فَوَلَجْتُ فِيْهَا وَنَازَعْتُ أَقْدَارَ الْحَقِّ بِالْحَقِّ لِلْحَقِّ، فَالرَّجُلُ هُوَ الْمُنَازِعُ لِلْقَدَرِ لَا الْمُوَافِقُ لَهُ. وَكَانَ يَقُوْلُ طُوْبٰى لِمَنْ رَآنِيْ أَوْ رَأٰى مَنْ رَآنِيْ. أَوْ رَأٰى مَنْ رَأٰى مَنْ رَآنِيْ أَوْ رَأٰى مَنْ رَأٰى مَنْ رَآنِيْ أَوْ رَأٰى مَنْ رَأٰى مَنْ رَأٰى مَنْ رَأٰى مَنْ رَآنِيْ

ممبر پر بیٹھ کر فرماتے تھے کہ ہر ایک علی کسی نہ کسی نبی کے قدم پر ہوتا ہے اور میں اپنے نانے یعنی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم پر ہوں آپ نے جہاں سے قدم اٹھایا میں نے وہاں اپنا قدم رکھا مگر نبوت کے قدم کی جگہ پر میں اپنا قدم نہیں رکھ سکا کیونکہ یہ مقام انبیاء سے خاص ہے آپ فرمایا کرتے تھے انسانوں کے بھی مشائخ ہیں جنوں کے بھی مشائخ ہیں ملائکہ کے بھی مشائخ ہیں۔
لیکن میں سب کا شیخ ہوں۔ اور آپ نے اپنی اولاد سے اپنی وفات کے وقت فرمایا مجھ میں اور تم میں زمین و آسمان کا فرق ہے سو تم میرے بعد مجھے کسی پر اور کسی کو مجھ پر قیاس نہ کرنا۔ آپ نے اپنے لڑکے عبدالجبار سے فرمایا تم سوتے ہو یا جاگتے۔ مجھ میں فنا ہو جاؤ تو تم مشہور ہو جاؤ گے۔ اور فرماتے تھے میرا مقام خلقت کے امور اور تمہاری عقلوں سے بالاتر ہے۔ اولیاء اللہ جب قدر تک پہنچتے ہیں تو ٹھہر جاتے ہیں۔ مگر میں جب اس مقام تک پہنچا تو میرے لئے ایک کھڑکی کھولی گئی جس سے میں نے گذر کر حق کا حق کے ساتھ مقابلہ کیا۔

کیونکہ مرد وہی ہوتا ہے جو تقدیر سے مقابلہ کرے۔ نہ کہ اسکا موافق اور فرمایا کرتے تھے سعادت مند ہے وہ شخص جس نے مجھے دیکھا یا میرے دیکھنے والے کو دیکھا۔ یا میرے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کو دیکھا۔ یا میرے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کو دیکھا۔ یا میرے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کو دیکھا۔ اور بدنصیب ہے وہ جس نے مجھے نہیں دیکھا۔ اور ممبر پر بیٹھ کر فرماتے اے زمین و آسمان کے رہنے والو جب تم اللہ تعالیٰ سے سوال کرو تو میرے وسیلہ

Marfat.com

وَأَنَا حَشْرِيٌّ عَلَى مَنْ لَمْ يَرَنِي. وَكَانَ يَقُولُ عَلَى الْكُرْسِيِّ: إِذَا سَأَلْتُمُ اللهَ تَعَالَى فَاسْأَلُوهُ بِي. يَا أَهْلَ الْأَرْضِ شَرْقًا وَغَرْبًا وَيَا أَهْلَ السَّمَاءِ، قَالَ اللهُ تَعَالَى (وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ) أَنَا مِمَّا لَا تَعْلَمُونَ. يَا أَهْلَ الْأَرْضِ شَرْقًا وَغَرْبًا تَعَالَوْا تَعَلَّمُوا مِنِّي، يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ الْأَحْوَالُ عِنْدِي كَثِيَابٍ مُعَلَّقَةٍ فِي بَيْتٍ أَيَّتُهَا شِئْتَ لَبِسْتَ. فَعَلَيْكُمْ بِالسَّلَامَةِ وَإِلَّا آتَيْتُكُمْ بِجُنُودٍ لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهَا. يَا غُلَامُ سَافِرِ الْفَ عَامٍ لِتَسْمَعَ مِنِّي كَلِمَةً. يَا غُلَامُ الْوِلَايَاتُ هٰهُنَا الدَّرَجَاتُ هٰهُنَا فِي مَجْلِسِي تُفَرَّقُ الْخِلَعُ. وَمَا مِنْ نَبِيٍّ خَلَقَهُ اللهُ تَعَالَى وَلَا وَلِيٍّ إِلَّا وَقَدْ حَضَرَ مَجْلِسِي هٰذَا، الْأَحْيَاءُ بِأَبْدَانِهِمْ وَالْأَمْوَاتُ بِأَرْوَاحِهِمْ. يَا غُلَامُ سَلْ عَنِّي مُنْكَرًا وَنَكِيرًا عِنْدَ مَجِيئِهِمَا إِلَى قَبْرِكَ لِيُخْبِرَاكَ عَنِّي. وَكَانَ إِذَا تَكَلَّمَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بِكَلَامٍ عَظِيمٍ يَقُولُ عَقِيبَهُ: بِاللهِ عَلَيْكُمْ قُولُوا صَدَقْتَ إِنَّمَا أَتَكَلَّمُ عَنْ يَقِينٍ لَا شَكَّ فِيهِ أُنْطَقُ (١)

سے کرو۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (کہ وہ اللہ تعالیٰ پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے) اور میں بھی ان میں سے ہوں جسکو تم نہیں جانتے۔ اے زمین میں شرق و غرب رہنے والو آؤ مجھ سے علم معرفت حاصل کرو۔ اے اہل عراق میرے پاس احوال ایسے ہیں جیسے کسی گھر میں لٹکائے ہوئے کپڑے جسے تو چاہے پہن لے تم سلامتی کو اختیار کرو۔

ورنہ میں تم پر ایسے لشکر کے ساتھ چڑھائی کروں گا جسکا مقابلہ تم نہیں کر سکو گے

اے غلام ہزار سال معرفت کی راہ میں چل تاکہ تم میرا کلام سمجھنے کے قابل ہو جاؤ۔

اے غلام ولایتیں یہاں درجات ہیں اور میری مجلس میں خلعتیں بکھری پڑی ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے کوئی نبی اور کوئی ولی ایسا نہیں ہے جو میری اس مجلس میں حاضر نہ ہوا ہو۔ زندہ اپنے جسموں سمیت اور فوت شدہ اپنے روحوں کیساتھ حاضر ہوئے ہیں۔ اے غلام قبر میں تیری جب منکر نکیر آئیں تو ان سے میرے حالات پوچھنا وہ تجھے بتائیں گے۔ آپ جب کوئی ایسی کلام کرتے جو لوگوں کے اذہان سے بالاتر ہوتی تو فرماتے تم ضرور کہو کہ میں نے سچ کہا ہے کیونکہ میں یقینی بات

(١) : قوله أُنطق، الاول بصيغة المبني للمفعول، والثاني بصيغة المبني للفاعل وهو مثل ذاتيه لحدة.

فَأَنْطِقُ وَأُعْطِي، فَأُفَرِّقُ وَأُؤْمَرُ فَأَفْعَلُ وَالْعُهْدَةُ عَلَى مَا أَمَرَنِي وَالدِّيَةُ عَلَى الْعَاقِلَةِ تَكْذِيبُكُمْ لِي سُمٌّ سَاعَةً لِأَدْيَانِكُمْ وَسَبَبٌ لِذَهَابِ دُنْيَاكُمْ وَأُخْرَاكُمْ أَنَا سَيَّافٌ أَنَا قَتَّالٌ (وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهُ) لَوْلَا لِجَامُ الشَّرِيعَةِ عَلَى لِسَانِي لَأَخْبَرْتُكُمْ بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ أَنْتُمْ بَيْنَ يَدَيَّ كَالْقَوَارِيرِ أَرَى مَا فِي ظَوَاهِرِكُمْ وَبَوَاطِنِكُمْ، وَلَوْلَا لِجَامُ الشَّرِيعَةِ عَلَى لِسَانِي لَنَطَقَ صَاعُ يُوسُفَ بِمَا فِيهِ لٰكِنَّ الْعِلْمَ مُسْتَجِيرٌ بِذَيْلِ الْعَالِمِ كَيْلَا يُبْدِيَ مَكْنُونَهُ. رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ.

کہتا ہوں جس میں کوئی شک نہیں ہوتا مجھے (یہ کلام اللہ کی طرف سے)، کہنے کو کہا جاتا ہے تو میں کہہ دیتا ہوں مجھے دیا جاتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں۔ مجھے حکم ہوتا ہے تو میں کرتا ہوں۔

بھلے برے کی ذمہ داری اس پر ہے جس نے مجھے حکم کیا کیونکہ دیت عاقلہ پر ہوتی ہے تمہارا میری تکذیب کرنا تمہارے ادیان کے لئے زہر قاتل ہے اور دنیا اور آخرت کی بربادی کا سبب ہے۔ میں تلوار ہوں، میں دین کے دشمنوں سے جنگ کرنے والا ہوں (اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی ذات سے ڈراتا ہے) اگر شریعت کی لگام میری زبان پر نہ ہوتی تو میں تمہیں ان چیزوں کی خبر دیتا جو تم کھاتے پیتے ہو اور اپنے گھروں میں ذخیرہ اندوزی کرتے ہو تم میرے سامنے شیشوں کی مانند ہو میں تمہارے ظاہر و باطن کو دیکھتا ہوں۔ اگر شریعت کا لحاظ نہ ہوتا تو یوسف علیہ السلام کا پیالہ اپنی حقیقت کہہ دیتا لیکن علم معرفت اپنے جاننے والے کو راز ظاہر کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔

الْمَنْقَبَةُ الثَّانِيَةُ وَالْخَمْسُونَ

باونویں منقبت: آپ کے وہ کلمات جو لوگوں کے سامنے منبر پر فرماتے تھے:

(فِي أَوَّلِ تَكَلُّمِهِ عَلَى النَّاسِ عَلَى الْكُرْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذُكِرَ فِي بَهْجَةِ الْأَسْرَارِ: قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ

بہجۃ الاسرار میں لکھا ہے: آپ نے فرمایا میں ۱۶ شوال ۵۲۱ھ کو منگل کے دن ظہر سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com

الظُّهْرِ مِنْ يَوْمِ الثُّلَاثَاءِ السَّادِسِ عَشَرَ
مِنْ شَوَّالٍ سَنَةَ إِحْدَى وَعِشْرِينَ وَ
خَمْسِمِائَةٍ فَقَالَ: يَا بُنَيَّ لِمَ لَا تَتَكَلَّمُ؟ فَقُلْتُ
يَا أَبَتَاهُ أَنَا رَجُلٌ أَعْجَمِيٌّ كَيْفَ أَتَكَلَّمُ عَلَى فُصَحَاءِ
بَغْدَادَ؟ فَقَالَ افْتَحْ فَاكَ. فَفَتَحْتُهُ
فَتَفَلَ فِيهِ سَبْعًا. فَقَالَ لِي تَكَلَّمْ عَلَى النَّاسِ
وَادْعُ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ
الْحَسَنَةِ. فَصَلَّيْتُ الظُّهْرَ وَحَضَرَنِي خَلْقٌ
كَثِيرٌ فَأُرْتِجَ (١) عَلَيَّ، فَرَأَيْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي
طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ قَائِمًا بِإِزَائِي فِي الْمَجْلِسِ
فَقَالَ لِي يَا بُنَيَّ لِمَ لَا تَتَكَلَّمُ؟ فَقُلْتُ يَا أَبَتَاهُ
قَدْ أُرْتِجَ عَلَيَّ فَقَالَ لِي افْتَحْ فَاكَ فَفَتَحْتُهُ
فَتَفَلَ فِيهِ سِتًّا، فَقُلْتُ لِمَ لَمْ تُكْمِلْهَا
سَبْعًا؟ فَقَالَ أَدَبًا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تَوَارَى عَنِّي، فَقُلْتُ:
غَوَّاصُ الْفِكْرِ يَغُوصُ فِي بَحْرِ الْقَلْبِ عَلَى
دُرَرِ الْمَعَارِفِ فَيَسْتَخْرِجُهَا إِلَى
سَاحِلِ الصَّدْرِ فَيُنَادِي عَلَيْهَا سِمْسَارُ
تَرْجُمَانِ اللِّسَانِ فَتُشْتَرَى بِنَفَائِسِ

کی زیارت کی تو آپ نے فرمایا بیٹا وعظ کیوں نہیں کیا
کرتے تو آپ سے عرض کی میں عجمی ہوں۔ بغداد کے فصحاء
و بلغاء کے سامنے کیسے کلام کروں تو حضور علیہ الصلوٰۃ
والسلام نے فرمایا اچھا اپنا منہ کھولو میں نے منہ کھولا تو
آپ نے میرے منہ میں سات مرتبہ اپنی تھوک مبارک
ڈالی اور فرمایا لوگوں کو وعظ کرو اور انہیں سیدھے راستے
کیطرف وعظ و حکمت سے بلاؤ (آپ فرماتے ہیں)
میں نے ظہر کی نماز پڑھی تو خلقت کا میرے پاس ہجوم
ہو گیا۔ وعظ کرتے میری زبان رک گئی تو میں نے حضرت
علی کرم اللہ وجہہٗ اپنے برابر کھڑے دیکھے۔ انہوں نے
فرمایا بیٹا وعظ کیوں نہیں کرتے میں نے عرض کی حضور
میری زبان رک گئی ہے۔ آپ نے فرمایا منہ کھول میں
نے کھولا تو آپ نے چھ بار میرے منہ میں تھوک ڈالی میں
نے عرض کیا آپ نے سات مرتبہ تھوک کیوں نہیں ڈالی
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کیوجہ سے
یہ کہہ کر آپ مجھ سے غائب ہو گئے۔ تو میں نے وعظ میں پہلے یہ کہا
ترجمہ: فکر کا غوطہ لگانے والے دل کے سمندر میں
معارف کے موتیوں کی تلاش میں غوطہ لگاتے ہیں اور
انکو ساحل صدر کیطرف نکال کر لاتے ہیں تو اس پر ترجمان

١: قوله فأرتج: بوزن أغلق ومعناه، مبنيا للمجهول اهـ

Marfat.com

أَثْمَانِ حُسْنِ الطَّاعَةِ (فِيْ بُيُوْتٍ أَذِنَ اللّٰهُ أَنْ تُرْفَعَ) قَالُوْا هٰذَا أَوَّلُ كَلَامٍ تَكَلَّمَ بِهٖ عَلَى النَّاسِ عَلَى الْكُرْسِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّالِثَةُ وَالْخَمْسُوْنَ

فِيْ مَدْحِ الشَّيْخِ حَمَّادِ الدَّبَّاسِ حَضْرَةَ الْغَوْثِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا)

ذَكَرُوْا أَنَّهُ ذُكِرَ عِنْدَ الشَّيْخِ حَمَّادٍ حَضْرَةُ الْغَوْثِ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ شَابٌّ فَقَالَ: رَأَيْتُ عَلٰى رَأْسِهٖ عَلَمَيْنِ لِلْوِلَايَةِ وَقَدْ نَصَالَهُ مِنَ الْبَهْمُوْتِ الْأَسْفَلِ إِلَى الْمَلَكُوْتِ الْأَعْلٰى وَسَمِعْتُ الشَّادِلِيْشَ يَصِيْحُ لَهُ فِي الْأُفُقِ الْأَعْلٰى بِأَلْقَابِ الصِّدِّيْقِيْنَ۔ وَجَاءَ الْغَوْثُ يَوْمًا إِلَى الشَّيْخِ حَمَّادٍ وَهُوَ شَابٌّ يَوْمَئِذٍ فَقَامَ إِلَيْهِ وَتَلَقَّاهُ وَقَالَ مَرْحَبًا بِالْجَبَلِ الرَّاسِخِ وَالطَّوْدِ الْمُنِيْفِ لَا يَتَحَرَّكُ وَأَجْلَسَهُ إِلٰى جَانِبِهٖ وَقَالَ لَهُ: مَا الْفَرْقُ بَيْنَ الْحَدِيْثِ وَالْكَلَامِ؟ فَقَالَ: الْحَدِيْثُ مَا اسْتَدْعَيْتَ مِنَ الْجَوَابِ، وَالْكَلَامُ

زبان کا ذلال آواز بلند کرتا ہے اور حسن طاعت کے اچھے ثمنوں سے خریدتا ہے۔ جیسے ارشاد ہے فی بیوت اذن اللہ ان ترفع) لوگوں نے کہا ہے کہ یہ وہ پہلا کلام ہے تو آپ نے لوگوں کے سامنے منبر پر بیٹھ کر فرمایا ہے

ترپنویں منقبت شیخ حماد دباس کا حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی تعریف کرنا

کہتے ہیں ایک دفعہ حضرت شیخ حماد دباس کے پاس حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا ذکر ہوا۔ اس وقت حضرت غوث اعظم نوجوان تھے، تو آپ نے فرمایا میں نے حضرت غوث پاک کے سر پر ولایت کے دو جھنڈے دیکھے ہیں جو آپ کے لئے بہموت اسفل سے ملکوت اعلیٰ تک کھڑے کئے گئے ہیں۔ اور میں نے افق اعلیٰ میں ایک شخص آپکو صدیق کے لقب سے پکارتا سنا۔ ایک دفعہ حضور غوث پاک جوانی کی حالت میں شیخ حماد کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ شیخ حماد استقبال کے لئے اٹھے اور ملاقات ہوئی تو فرمایا مرحبا بالجبل الراسخ اور بلند ٹیلے کیساتھ جو اپنی جگہ سے حرکت نہیں کرتا۔ پھر اپنی ایک جانب بٹھا کر فرمایا حدیث اور کلام میں کیا فرق ہے

Marfat.com

مَاصَدَّ مَكَ مِنَ الْخِطَابِ، وَانْزِعَاجُ الْقَلْبِ لِدَعْوَةِ الْاَنْبِيَآءِ اَرْجَعُ مِنْ اَعْمَالِ الثَّقَلَيْنِ فَقَالَ لَهُ الشَّيْخُ حَمَّادٌ: اَنْتَ سَيِّدُ الْعَارِفِيْنَ فِيْ عَصْرِكَ. رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا۔

غوث اعظم فرمانے لگے حدیث وہ ہے جس کے جواب سے آپ خواہشمند ہوں۔ اور کلام وہ ہے جو تیری خواہش کو خطاء سے روکے۔ انبیاء کے لوگوں کو خدا کیطرف بلانے کیوقت طبیعت میں جو انقباض پیدا ہوتا ہے وہ دنیا و آخرت کے ثقلین سے افضل ہے یہ سن کر شیخ حماد نے کہا آپ اپنے زمانہ کے عارفوں کے سردار ہیں۔

اَلْمَنْقَبَةُ الرَّابِعَةُ وَالْخَمْسُوْنَ

چونویں منقبت آپ کا مرغی کو زندہ کرنا۔

(فِيْ اِحْيَائِهِ الدَّجَاجَةَ۔ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذُكِرَ وَاَنَّهُ جَاءَتْ اِمْرَأَةٌ مَعَ وَلَدِهَا اِلَى الْغَوْثِ وَسَلَّمَتْ وَلَدَهَا اِلَيْهِ وَقَالَتْ: هٰذَا وَلَدِيْ سَلَّمْتُهُ اِلٰى حَضْرَتِكَ لِتَرْبِيَتِهِ، فَاَقْعَدَهُ الْغَوْثُ فِي الْخَلْوَةِ، فَبَعْدَ اَيَّامٍ جَاءَتْ لِتَرٰى وَلَدَهَا. فَرَاَتْهُ نَحِيْفًا ضَعِيْفًا وَعِنْدَهُ رُقَاقُ خُبْزِ الشَّعِيْرِ فَرَاحَتْ اِلَى الْغَوْثِ فَرَاَتْهُ يَاْكُلُ لَحْمَ الدَّجَاجَةِ، فَقَالَتْ يَا غَوْثُ اِنَّ حَضْرَتَكُمْ تَاْكُلُ لَحْمَ الدَّجَاجَةِ وَوَلَدِيْ يَاْكُلُ خُبْزَ الشَّعِيْرِ وَصَارَ ضَعِيْفًا نَحِيْفًا، فَلَمْ يَتَكَلَّمِ الْغَوْثُ وَلَمَّ عِظَامَ الدَّجَاجَةِ فَقَالَ: قُوْمِيْ بِاِذْنِ اللّٰهِ الَّذِيْ يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ، فَاَحْيَا اللّٰهُ الدَّجَاجَةَ. فَقَالَ لَهَا

ذکر کرتے ہیں کہ ایک عورت اپنے لڑکے کو لے کر غوث پاک کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اور اپنے لڑکے کو آپکے سپرد کر دیا اور عرض کی میں اپنے لڑکے کو تربیت کے لئے آپ کے سپرد کرتی ہوں۔ آپ نے اسے مجاہدہ کے لئے گوشہ نشین بنا دیا۔ چند دنوں بعد عورت اپنے بچے کو دیکھنے کے لئے آئی۔ اس نے دیکھا کہ بچہ دبلا پتلا ہے اور اس کے پاس جو کی روٹی کے ٹکڑے پڑے ہیں۔ غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں گئی تو اسوقت آپ مرغی کا گوشت کھا رہے تھے عرض کی حضور آپ تو مرغی کا گوشت کھاتے ہیں۔ اور میرا لڑکا جو کی روٹی کھا کر نحیف ناتواں ہو گیا ہے۔ آپ نے کوئی جواب نہ دیا اور مرغی کی ہڈیاں جمع کر کے کہا اللہ تعالیٰ کے حکم سے جو ہڈیاں بوسیدہ ہونے کے باوجود زندہ کر دیگا

Marfat.com

أُرِيْدُ أَنْ يَكُوْنَ وَلَدُكِ هٰكَذَا، فَإِذَا وَصَلَ إِلَىٰ هٰذِهِ الرُّتْبَةِ مِنْ أَيِّ طَعَامٍ أَرَادَ أَنْ يَأْكُلَ لَا بَأْسَ عَلَيْهِ فِيْ أَكْلِهِ، فَقَالَتْ: خَرَجَتْ مِنْ مَحَبَّةِ وَلَدِيْ فَالْأَمْرُ إِلَيْكَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

تو زندہ ہو جا مرغی کو اللہ تعالیٰ نے زندہ کر دیا۔ پھر آپ نے اس عورت کو فرمایا میں چاہتا ہوں کہ تمہارے بیٹے کو بھی یہ مرتبہ حاصل ہو جائے اور جب وہ اس مرتبہ پر پہنچ جائے گا تو وہ جو چاہے گا کھائے گا۔ اس نے کہا آج سے میں نے اپنے بیٹے کی محبت دل سے نکال دی ہے بس اب آپ جانیں اور وہ۔

اَلْمَنْقَبَةُ الْخَامِسَةُ وَالْخَمْسُوْنَ

فِيْ اشْتِرَائِهِ أَرْبَعِيْنَ فَرَسًا مَحْدُوْحَةً وَإِعْطَائِهِ كُلَّ يَوْمٍ فَرَسًا إِلَىٰ مَنْ يَسْئَلُ مِنْ حَضْرَتِهِ بِالدَّجِّ لِشِفَاءِ الْمَرِيْضِ الْمُسَافِرِ عِنْدَهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

پچپنویں منقبت آپ کے چالیس گھوڑے خریدنے اور ایک بیمار کے لئے ہر روز ایک گھوڑا دینے کے بیان میں

ذَكَرُوْا أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَقْصَى الْبِلَادِ سَمِعَ أَوْصَافَ الْغَوْثِ فَتَشَوَّقَ إِلَيْهِ فَسَافَرَ وَأَتَىٰ إِلَىٰ بَغْدَادَ، فَوَقَعَ طَرِيْقُهُ إِلَىٰ اصْطَبْلِ دَوَابِّ الْغَوْثِ، فَرَأَىٰ أَرْبَعِيْنَ فَرَسًا مَرْبُوْطَةً لَيْسَ لَهَا نَظِيْرٌ وَمَرَابِطُهَا مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ مَجَلَّاتُهَا (١) مِنَ الْحَرِيْرِ فَخَطَرَ بِبَالِهِ كَيْفَ يَكُوْنُ الْوَلِيُّ طَالِبًا لِلدُّنْيَا، فَهٰذَا

روایت ہے کہ اقصیٰ بلاد میں سے ایک شخص نے حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کی تعریف سنی تو اسے آپ کی زیارت کا شوق پیدا ہوا اسی شوق میں سفر کر کے بغداد آیا۔ تو غوث اعظم کے گھوڑوں کے اصطبل کو جانیوالے راستہ پر پڑ گیا۔ دیکھا کہ اس میں چالیس اعلیٰ قسم کے بے نظیر گھوڑے

١ : قوله مجلالها بالكسر الكتاب: ما يجعل على ظهر الفرس ليقيه من البرد. اهـ

Marfat.com

الَّذِي رَأَيْتَهُ لَا يُوجَدُ عِنْدَ السَّلَاطِيْنِ. وَ
هٰذَا يَدُلُّ عَلٰى حُبِّ الدُّنْيَا، فَفَسَدَتْ عَقِيْدَتُهُ
فِي حَقِّهِ وَلَمْ يَنْزِلْ فِي التَّكِيَّةِ بَلْ نَزَلَ فِي مَكَانٍ
عِنْدَ رَجُلٍ، فَأَصَابَهُ مَرَضٌ مُهْلِكٌ أَعْيَا
الْأَطِبَّاءَ عَنْ مُعَالَجَتِهِ، فَقَالَ حَكِيْمٌ، هٰذِهِ
الْعِلَّةُ لَيْسَ لَهَا دَوَاءٌ إِلَّا أَكْلُ كَبِدٍ أَرْبَعِيْنَ
فَرَسًا مَوْصُوْفَةً بِكَذَا أَوْ كَذَا. فَتَفَكَّرُوْا، وَقَالُوْا
لَا يُوْجَدُ فَرَسٌ مَوْصُوْفٌ بِكَذَا أَوْ كَذَا عِنْدَ
أَحَدٍ إِلَّا عِنْدَ الْغَوْثِ، فَنَرُوْحُ إِلٰى حَضْرَتِهِ
وَنَسْأَلُ مِنْهُ فَرَسًا وَهُوَ كَرِيْمٌ لَعَلَّهُ لَا يُخَيِّبُنَا
فَرَاحُوْا إِلٰى حَضْرَتِهِ وَسَأَلُوْهُ أَنْ يُعْطِيَهُمْ
فَرَسًا مَوْصُوْفًا بِكَذَا أَوْ كَذَا فَأَمَرَ بِتَسْلِيْمِهِ
إِلَيْهِمْ، ثُمَّ فِي الْيَوْمِ الثَّانِي جَاءُوْا أَيْضًا وَ
سَأَلُوْهُ فَرَسًا فَأَمَرَ بِتَسْلِيْمِهِ إِلَيْهِمْ إِلٰى تَمَامِ
الْأَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، فَكُلَّ يَوْمٍ يَجِيْئُوْنَ وَيَسْأَلُوْنَهُ
فَرَسًا وَيَأْمُرُ بِتَسْلِيْمِهِ إِلَيْهِمْ، فَشَفَى اللّٰهُ
الْمَرِيْضَ مِنْ مَرَضِهِ وَجَاءَ إِلٰى حَضْرَتِ
الْغَوْثِ لِلتَّشَكُّرِ، فَقَالَ لَهُ الْغَوْثُ: يَا
فُلَانُ هٰذِهِ الْأَفْرَاسُ الَّتِي رَأَيْتَهَا اشْتَرَيْتُهَا
لَكَ، فَإِنَّكَ لَمَّا خَرَجْتَ مِنْ بَيْتِكَ وَ
وَقَصَدْتَنَا مَحَبَّةً إِلَيْنَا فَعَلِمْتُ أَنَّهُ لَيُصِيْبُكَ
مَرَضٌ مُهْلِكٌ لَا دَوَاءَ لَهُ إِلَّا أَكْلُ كَبِدٍ
أَرْبَعِيْنَ فَرَسًا مَوْصُوْفَةً بِكَذَا أَوْ كَذَا

چاندی اور سونے کے کھونٹوں سے بندھے ہوئے ہیں۔
جن کی جھولیں ریشم کی تھیں۔ دل ہی دل میں خیال کیا کہ
اولیاء اللہ دنیا کے طالب نہیں ہوتے اور یہ ساز و سامان
جو میں نے دیکھا ہے بادشاہوں کو بھی نصیب نہیں اور
یہ دنیا کی طلب و محبت پر دلالت کرتا ہے۔ آپ سے بدظن
ہو کر تکیہ میں نہ ٹھہرا۔ بلکہ ایک دوسرے آدمی کے مکان میں
قیام کیا۔ تو یہ ایک مہلک مرض کا شکار ہو گیا۔ اطباء اس
کے معالجہ سے تھک گئے تو ایک حکیم نے کہا یہ تب اچھا
ہو گا جب اسے فلاں نسل کے چالیس گھوڑوں کے جگر
کھلائے جائیں۔ لوگوں نے کہا اس نسل کے گھوڑے
حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے سوا اور کہیں سے نہ
ملیں گے۔ لوگوں نے کہا کہ ہم حضرت کی خدمت میں
حاضر ہو کر گھوڑوں کا سوال کرتے ہیں۔ اور وہ سخی ہیں امید
ہے کہ ہم خالی ہاتھ نہ لوٹیں گے۔ لوگوں نے جا کر سوال کیا
کہ ہمیں ایسی نسل کے گھوڑے عطا فرما دیں۔ آپ نے فرمایا
انہیں ایک گھوڑا دے دو۔ پھر دوسرے دن آ کر سوال کیا
تو آپ نے فرمایا انکو چالیس کے چالیس گھوڑے روزانہ ایک
ایک کر کے دے دینا۔ پھر وہ روزانہ آ کر آپ سے سوال کرتے تو
آپ ان کو گھوڑا دینے کا حکم دیتے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جب
مریض کی شفاء بخشی تو حضرت کے پاس شکریہ ادا کرنے کے
لئے آئے۔ آپ نے اس شخص (یعنی مریض) کو فرمایا اے فلاں یہ
گھوڑے جو تو نے دیکھے تھے میں نے تیرے لئے خریدے تھے
اس لئے کہ جب تو گھر سے نکلا اور محبت و شوق سے میری

Marfat.com

فَاشْتَرَيْتُهُمْ لِأَجْلِكَ، فَلَمَّا مَرَرْتَ بِإِصْطَبْلِ
دَوَابِّنَا فَرَأَيْتَهُمْ وَرَأَيْتَ مَرْبَطَهُمْ وَ
جِلَالَهُمْ فَسَدَتْ عَقِيْدَتُكَ وَنَزَلْتَ
فِي غَيْرِ مَكَانِنَا، فَنَزَلَ بِكَ مَا نَزَلَ، فَتَابَ
ذٰلِكَ الرَّجُلُ وَاسْتَغْفَرَ وَصَحَّحَ عَقِيْدَتَهُ
ثُمَّ أَمَرَ الْغَوْثُ بِإِعْطَاءِ الْمَرْبَطِ وَالْجِلَالِ
لِلْحَكِيْمِ، قَالُوْا وَكَانَ ذٰلِكَ الْحَكِيْمُ نَصْرَانِيًّا،
فَأَسْلَمَ عَلٰى يَدِهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

طرف آپ کا قصد کیا تو مجھے معلوم ہو گیا کہ یہاں آ کر تجھے ایک ایسی
مرض مہلک پہنچے گی جس کی دوا اس نسل کے ۴ گھوڑوں کے جگر
کے علاوہ اور کوئی شئے نہیں ہے۔ تو میں نے یہ تیرے لئے انہیں
خرید لیا اور تو جب گھوڑوں کے اصطبل کے پاس سے گذرا
اور ان کے کھونٹوں اور جھلوں کو دیکھا تو بدظن ہو کر دوسرے مکان
میں جا کر قیام کیا۔ پھر تجھے جو تقدیر میں لکھا تھا پہنچا۔ یہ سن کر
اس شخص نے اپنے خیال سے توبہ کی اور معافی مانگی اور آپ کا
عقیدت مند بن گیا۔ پھر آپ نے فرمایا گھوڑوں کی کھونٹیں اور جھلیں
حکیم صاحب کو دیدو۔ لوگ کہتے ہیں حکیم صاحب پہلے نصرانی
تھے یہ واقعہ سن کر آپ کے دست اقدس پر اسلام قبول کیا رضی اللہ عنہ

اَلْمَنْقَبَةُ السَّادِسَةُ وَالْخَمْسُوْنَ

(فِي افْتِرَاسِ كَلْبِ بَابِ إِصْطَبْلِهِ أَسَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذَكَرُوْا أَنَّ الشَّيْخَ أَحْمَدَ زِنْدَهْ كَانَ يَرْكَبُ
الْأَسَدَ فَيَدُوْرُ عَلَى الْأَوْلِيَاءِ وَيَنْزِلُ عِنْدَهُمْ
فَيُعْطِي الْمُضِيْفُ لِأَكْلِ أَسَدِهِ بَقَرَةً، فَفِي يَوْمٍ
جَاءَ إِلٰى بَغْدَادَ وَنَزَلَ عِنْدَ الْغَوْثِ فَقَالُوْا
لِحَضْرَةِ الْغَوْثِ أَنَّ لَهُ عَادَةً عِنْدَ مَنْ
يَنْزِلُ عِنْدَهُ أَنْ يُعْطِيَ لِأَكْلِ أَسَدِهِ بَقَرَةً
فَمَا أَمْرُ حَضْرَتِكُمْ؟ فَقَالَ أَعْطُوْهُ بَقَرَةً
مِنْ دَوَابِّ السَّاقِيَةِ، فَجَاءُوْا بِهَا مِنَ الْإِصْطَبْلِ
وَكَانَ فِي بَابِ الْإِصْطَبْلِ جَرْوُ كَلْبٍ فَتَبِعَهَا
وَقَدَّمُوْهَا إِلَى الْأَسَدِ وَأَرَادَ أَنْ يَفْتَرِسَهَا

چھپنویں منقبت آپ کے اصطبل کے ایک کتے کا شیر پر
حملہ آور ہونا۔

کہتے ہیں شیخ احمد زندہ شیر پر سوار ہو کر اولیاء اللہ کے
پاس جایا کرتے تھے اور ان کے مہمان بنا کرتے تھے۔
مہمان نواز آپ کے شیر کے کھانے کے لئے ایک گائے پیش کیا
کرتا تھا۔ ایک دن بغداد آئے تو غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے مہمان
بنے۔ لوگوں نے عرض کی یہ جن کے پاس جاتے ہیں وہ ایک گائے
شیر کے کھانے کے لئے دیتا ہے۔ آپ اس بابت کیا حکم
دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا شیخ صاحب کو ایک گائے لا کر دیدو
اصطبل سے وہ گائے لے آئے اصطبل کے دروازہ پر ایک
چھوٹا سا کتا تھا۔ وہ بھی پیچھے ہو لیا۔ گائے کو شیر کے قریب کر دیا
جب شیر گائے پر پلٹنے لگا تو کتے نے شیر پر حملہ کر کے شیر کو پھاڑ

Marfat.com

فَهَجَمَ عَلَيْهِ الْحَجَرُ الْمَذْكُوْرُ وَافْتَرَسَهُ فَجَاءَ الشَّيْخُ الْمَذْكُوْرُ إِلَى حَضْرَةِ الْغَوْثِ وَقَبَّلَ يَدَهُ الْمُبَارَكَةَ وَتَابَ عَلَى يَدَيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

ڈالا۔ شیخ مذکور حضرت غوث پاک کے پاس آئے اور ہاتھوں کو بوسہ دیا اور توبہ کی رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔

اَلْمَنْقَبَةُ السَّابِعَةُ وَالْخَمْسُوْنَ

فِي اسْتِطَالَتِهِ وَقُدْرَتِهِ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ سِوَى اللّٰهِ (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ستاونویں منقبت آپ کا اللہ تعالےٰ کے سوا ہر چیز پر غالب اور قادر ہونا۔

قَالَ الشَّيْخُ الْأَكْبَرُ فِي الْفُتُوْحَاتِ فِي الْبَابِ الثَّالِثِ وَالسَّبْعِيْنَ: وَمِنْهُمْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ رَجُلٌ وَاحِدٌ وَقَدْ تَكُوْنُ اِمْرَأَةً فِي كُلِّ زَمَانٍ آيَتُهُ، وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ، لَهُ الْاِسْتِطَالَةُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ سِوَى اللّٰهِ، شَهْمٌ شُجَاعٌ مِقْدَامٌ كَبِيْرُ الدَّعْوٰى بِحَقٍّ. يَقُوْلُ حَقًّا وَيَحْكُمُ عَدْلًا وَكَانَ صَاحِبُ هٰذَا الْمَقَامِ شَيْخُنَا عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِيْلِيُّ بِبَغْدَادَ كَانَتْ لَهُ الصَّوْلَةُ وَالْاِسْتِطَالَةُ بِحَقٍّ عَلَى الْخَلْقِ، كَانَ كَبِيْرَ الشَّانِ أَخْبَارُهُ مَشْهُوْرَةٌ لَمْ أَلْقَهُ وَلٰكِنْ لَقِيْتُ صَاحِبَ زَمَانِنَا فِي هٰذَا الْمَقَامِ، وَلٰكِنْ كَانَ عَبْدُ الْقَادِرِ أَتَمَّ فِي أُمُوْرٍ أُخَرَ مِنْ هٰذَا الشَّخْصِ الَّذِيْ لَقِيْتُهُ، وَقَدْ دَرَجَ (١) الْآخَرُ، وَلَا عِلْمَ لِيْ بِمَنْ وَلِيَ بَعْدَهُ هٰذَا الْمَقَامَ إِلَى الْآنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

شیخ اکبر فتوحات مکیہ کے ۷۳ ویں باب میں فرماتے ہیں ان میں سے ایک مرد اور کبھی ایک عورت ہر زمانے میں اسکی علامت ہے جو بندگان خدا پر غالب ہوتا ہے اور اسے اللہ تعالےٰ کے سوا ہر شئے میں تصرف حاصل ہوتا ہے وہ سردار بہادر اور بہت سے دعوؤں میں حق کے ساتھ سبقت لے جانے والا وہ حق کہتا ہے اور عدل کرتا ہے۔ اور اس مقام والے بغداد میں ہمارے شیخ عبدالقادر جیلانی تھے۔ آپ کا یہ مرتبہ اور طاقت تھی کہ تقدیر حق کا مقابلہ کرسکتے تھے اور بہت بڑی شان والے تھے آپ کی خبریں مشہور ہیں۔ میں آپ کی زیارت تو نہیں کرسکا لیکن میں نے اپنے زمانے میں اس مقام والے کی زیارت کی ہے۔ لیکن شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ اس شخص سے دوسرے کئی امور میں اتم تھے جس کی میں نے زیارت کی ہے۔ اور یہ دوسرے بھی وفات پاگئے ہیں۔ اور مجھے ابھی تک یہ معلوم نہیں ہوا کہ اب یہ مقام اس کے بعد کس کو ملا ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

المنقبة الثامنة والخمسون

(في اجتماع مائة فقيه من فقهاء بغداد على أن يسأله كل واحد منهم مسئلة في فن من العلوم غير مسئلة صاحبه ليقطعوه بها، وإعطاء جواب كل واحد منهم في مجلس وعظه رضي الله عنه)

قال الشيخ أبو محمد المفرج: اجتمع مائة فقيه من أعيان فقهاء بغداد وأذكيائهم على أن يسأله كل واحد منهم مسئلة في فن من العلوم غير مسئلة صاحبه ليقطعوه بها فأتوا مجلس وعظه وكنت يومئذ فيه، فلما استقر بهم المجلس أطرق الشيخ، فظهرت من صدره بارقة من نور لا يراها إلا من شاء الله، ومرت على صدور المائة، ولم تمر على أحد منهم إلا بهت واضطرب، ثم صاحوا صيحة واحدة ومزقوا ثيابهم وكشفوا رؤسهم وصعدوا إليه فوق الكرسي ووضعوا رؤسهم على رجليه، وضج أهل المجلس ضجة واحدة حتى ظننت أن بغداد رجت بها، فجعل الشيخ يضم إلى صدره واحدا بعد واحد حتى أتى على

۵۸- اٹھاونویں منقبت

بغداد کے فقہاء سے سو فقیہوں کا اس نیت سے آنا کہ ہر ایک الگ الگ مسئلہ پوچھ کر آپ کو شکست دیکر خاموش کر دیں اور آپ کا ان کو جواب دینا۔

شیخ ابو محمد مفرج فرماتے ہیں کہ بغداد کے مشہور و معروف اور ذکی سو فقیہ جمع ہو کر اس نیت سے آئے کہ فنون میں سے الگ الگ ایک ایک مسئلہ پوچھ کر آپ کو خاموش کر دیں اور میں بھی اس دن مجلس میں حاضر تھا۔ جب وہ مجلس کے قریب ہوئے تو آپ نے مراقبہ کے لئے سر جھکایا۔ سر کو جھکانا ہی تھا کہ آپ کے سینے سے نور کا ایک شعلہ نکلا جسے وہی لوگ دیکھ سکے جن کو اللہ تعالیٰ نے چشم بصیرت عطا فرمائی۔ وہ شعلہ ان سو فقہاء کے سینوں پر سے گذرا جس کے سینے سے گذرتا وہ حیران رہ جاتا اور پریشان ہو جاتا۔ پھر انہوں نے ایک چیخ ماری اور کپڑے پھاڑ ڈالے۔ اور سروں سے عمامے پھینک کر سر سے ننگے ہو گئے اور آپ کے منبر پر چڑھ کر آپ کے پاؤں پر سر رکھ دئے۔ (یہ دیکھ کر) تمام مجلس ایک دفعہ اس زور سے چیخی کہ میں نے گمان کیا کہ سارا بغداد ہی چیخ اٹھا ہے۔ پھر آپ نے ہر ایک کو گلے لگایا۔ اور ان میں سے ہر ایک کو فرمایا تیرا مسئلہ یہ ہے اور اس کا

Marfat.com

آخِرِهِمْ، ثُمَّ قَالَ لِأَحَدِهِمْ: أَمَّا أَنْتَ فَمَسْئَلَتُكَ كَذَا، وَجَوَابُهَا كَذَا حَتَّى ذَكَرَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ مَسْئَلَتَهُ وَجَوَابَهَا، قَالَ فَلَمَّا انْقَضَى الْمَجْلِسُ أَتَيْتُ إِلَيْهِمْ، فَقُلْتُ لَهُمْ مَا شَأْنُكُمْ؟ قَالُوا إِنَّمَا جَلَسْنَا فَقَدْنَا جَمِيعَ مَا نَعْرِفُهُ مِنَ الْعِلْمِ حَتَّى كَأَنَّهُ نُسِخَ مِنَّا فَلَمْ يَمُرَّ بِنَا قَطُّ، فَلَمَّا ضَمَّنَا إِلَى صَدْرِهِ رَجَعَ إِلَى كُلِّ وَاحِدٍ مِنَّا مَا نُزِعَ مِنْهُ مِنَ الْعِلْمِ، وَذَكَرَ لَنَا مَسَائِلَنَا مِنَ الَّتِي بَيَّنَّاهَا لَهُ، وَذَكَرَ فِيهَا أَجْوِبَةً لَا نَعْرِفُهَا، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

جواب یہ ہے حتیٰ کہ آپ نے ہر ایک کا مسئلہ اور اس کا جواب (خود ہی بغیر ان کے بتائے) بیان فرما دیا۔ راوی فرماتے ہیں جب مجلس برخواست ہوئی تو میں نے ان کے پاس آکر ان سے حال پوچھا۔ انہوں نے کہا جب ہم بیٹھے تو جو کچھ علم ہم جانتے تھے سب کا سب ہمیں بھول گیا۔ اور ذہن سے ایسے مٹ چکا تھا گویا کہ ہمیں علم کی ہوا کبھی نہیں لگی۔ جب آپ نے ہمیں گلے لگایا تو پہلے کی طرح عالم بن گئے اور ہمارے مسائل ذکر فرما کر وہ جوابات دیئے ہیں جو ہمیں بھی معلوم نہ تھے۔

اَلْمَنْقَبَةُ التَّاسِعَةُ وَالْخَمْسُوْنَ

(فِي لِبَاسِهِ وَرُكُوبِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذَكَرُوا أَنَّهُ كَانَ يَتَطَيْلَسُ وَيَلْبَسُ لِبَاسَ الْعُلَمَاءِ وَيَلْبَسُ الرَّفِيعَ مِنَ الْقُمَاشِ وَيَرْكَبُ الْبَغْلَةَ وَتُرْفَعُ بَيْنَ يَدَيْهِ الْغَاشِيَةُ (۱) وَيَتَكَلَّمُ عَلَى كُرْسِيٍّ عَالٍ، وَكَانَ فِي كَلَامِهِ سُرْعَةٌ وَجَهْرٌ، وَلَهُ كَلِمَةٌ مَسْمُوعَةٌ إِذَا تَكَلَّمَ أُنْصِتَ لَهُ، وَإِذَا أَمَرَ بِشَيْءٍ ابْتُدِرَ لِأَمْرِهِ، وَإِذَا رَآهُ ذُو الْقَلْبِ الْقَاسِي خَشَعَ، وَإِذَا رَأَيْتَهُ فَقَدْ

۵۹۔ انسٹھویں منقبت

آپ کے لباس اور سواری کے بیان میں

ذکر کرتے ہیں آپ طیالس کی چادر اوڑھتے اور علماء کا لباس پہنتے اور بزاز سے بیش قیمت کپڑا لے کر پہنتے اور خچر پر سواری فرماتے تھے۔ اور زین خوب بلند ہوتی تھی اور بلند منبر پر بیٹھ کر وعظ فرماتے۔ آپ کے کلام سے سرعت مترشح ہوتی اور بلند آواز سے کلام کرتے، اور آپکے کلمات پر عمل کیا جاتا جب وعظ فرماتے تو خاموشی کا عالم طاری ہو جاتا جب کسی چیز کا حکم کرتے تو فوراً اسکی تعمیل ہوتی

(۱) قوله الغاشية: ما يجعل على ظهر الدابة للركوب عليها اهـ.

Marfat.com

رَأَيْتَ النَّاسَ كُلَّهُمْ وَإِذَا مَرَّ عَلَى الْجَامِعِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَفَ النَّاسُ فِي الْأَسْوَاقِ يَسْأَلُونَ اللّٰهَ بِهِ حَوَائِجَهُمْ، وَكَانَ لَهُ صِيْتٌ وَسِمْتٌ حَسَنٌ، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

آپ کو سنگدل سے سنگدل بھی دیکھ کر نرم ہو جاتا جب تو نے آپ کو دیکھ لیا تو گویا تو نے سب لوگوں کو دیکھ لیا اور جب آپ جامع مسجد میں جمعہ کے لئے تشریف لے جاتے تو لوگ بازاروں میں کھڑے ہو جاتے اور آپکے وسیلے سے اپنی اپنی حاجتیں اللہ تعالیٰ سے مانگتے۔ آپ خوبصورت اور مشہور تھے رضی اللہ تعالےٰ عنہ

اَلْمَنْقَبَةُ السِّتُّوْنَ

(فِي أَخْلَاقِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذَكَرُوْا أَنَّهُ كَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَرِيْعَ الدَّمْعِ شَدِيْدَ الْخَشْيَةِ كَثِيْرَ الْهَيْبَةِ مُجَابَ الدَّعْوَةِ كَرِيْمَ الْأَخْلَاقِ طِيْبَ الْأَعْرَاقِ أَبْعَدَ النَّاسِ عَنِ الْفُحْشِ أَقْرَبَ النَّاسِ إِلَى الْحَقِّ شَدِيْدَ الْبَأْسِ إِذَا انْتُهِكَتْ مَحَارِمُ اللّٰهِ وَلَا يَغْضَبُ لِنَفْسِهِ وَلَا يَنْتَصِرُ لِغَيْرِ رَبِّهِ وَلَا يَرُدُّ سَائِلًا وَلَوْ بِأَحَدِ ثَوْبَيْهِ، كَانَ التَّوْفِيْقُ رِدَاءَهُ وَالتَّأْيِيْدُ مُعَاضِدَهُ وَالْعِلْمُ مُهَذِّبَهُ وَالْقُرْبُ مُؤَدِّبَهُ وَالْمُحَاضَرَةُ كَنْزَهُ وَالْمَعْرِفَةُ خِدْمَتَهُ وَالْخِطَابُ مُشِيْرَهُ وَاللَّحْظُ سَفِيْرَهُ وَالْأُنْسُ نَدِيْمَهُ وَالْبَسْطُ شِيْمَتَهُ وَالصِّدْقُ رَايَتَهُ وَالْفَتْحُ بِضَاعَتَهُ وَالْحِلْمُ صِنَاعَتَهُ وَالذِّكْرُ وَزِيْرَهُ وَالْفِكْرُ سَمِيْرَهُ وَالْمُكَاشَفَةُ غِذَاءَهُ وَالْمُشَاهَدَةُ شِفَاءَهُ

ساٹھویں منقبت

آپ کے اخلاق میں

ذکر کرتے ہیں کہ آپ بہت رونے والے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے باہیبت مستجاب الدعاء اور سخی تھے۔ اچھے خلق وخوشبو والے فحش کاموں سے ابعد الناس۔ سب لوگوں سے زیادہ اللہ تعالےٰ کا قرب حاصل کرنے والے جو کوئی محارم اللہ کی توہین کرے اس سے سختی کرنیوالے اپنی ذات کے لئے کسی کو غصہ نہ ہوتے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے علاوہ کسی کی مدد نہ کرتے۔ اور سائل کو بغیر دیئے نہ جانے دیتے اگرچہ آپ کے دو پہنے ہوئے کپڑوں میں ایک کا سوال کرتا۔ توفیق آپکی چادر اور تائید ایزدی آپکی معاون اور علم آپ کی تہذیب اور قرب الٰہی آپکا ادب اور محاضرہ آپکا خزانہ اور معرفت آپ کی خدمتگزار۔ خطاب مشیر اور دیدار سفیر۔ اُنس رفیق اور بسط آپ کی عادت اور صدق آپکا جھنڈا تھا۔ فتح آپ کی پونجی اور حلم آپکا کام۔ ذکر آپکا وزیر اور فکر آپ کا قصہ گو۔ مکاشفہ آپکی غذا اور مشاہدہ آپکے لئے شفاء

وَآدَابُ الشَّرِيْعَةِ ظَاهِرَهٗ وَأَوْصَافُ الْحَقِيْقَةِ سَرَائِرَهٗ ، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

تھی۔ اور آداب شریعت آپ کا ظاہر اور اوصاف حقیقت آپ کے باطنی اسرار تھے۔

اَلْمَنْقَبَةُ الْحَادِيَةُ وَالسِّتُّوْنَ

(فِيْ ذِكْرِ هَيْئَتِهٖ وَشَكْلِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

ذَكَرُوْا أَنَّهٗ كَانَ نَحِيْفَ الْبَدَنِ مُرَبَّعَ الْقَامَةِ عَرِيْضَ الصَّدْرِ عَرِيْضَ اللِّحْيَةِ طَوِيْلَهَا أَسْمَرَ اللَّوْنِ مَقْرُوْنَ الْحَاجِبَيْنِ ذَا صَوْتٍ جَهُوْرِيٍّ وَسَمْتٍ بَهِيٍّ وَقَدْرٍ عَلِيٍّ وَعِلْمٍ وَفِيٍّ ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

اکسٹھویں منقبت

آپ کی ہیئت اور شکل کے بیانمیں

کہتے ہیں آپ دُبلے اور میانہ قد تھے سینہ فراخ اور ڈاڑھی چوڑی اور لمبی تھی۔ گندمی رنگ بھنویں ملی ہوئیں اور بلند آواز اور خوبصورت شکل والے بلند مرتبہ والے اور علم میں کامل تھے۔

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّانِيَةُ وَالسِّتُّوْنَ

(فِيْ إِعْطَاءِ اللّٰهِ لَهٗ سِجِلًّا فِيْهِ أَسْمَاءُ أَصْحَابِهٖ وَمُرِيْدِيْهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

ذُكِرَ فِيْ بَهْجَةِ الْأَسْرَارِ: قَالَ الْغَوْثُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔ أُعْطِيْتُ سِجِلًّا مَدَّ الْبَصَرِ فِيْهِ أَسْمَاءُ أَصْحَابِيْ وَمُرِيْدِيْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَقِيْلَ لِيْ قَدْ وُهِبُوْا لَكَ وَسَأَلْتُ مَالِكًا خَازِنَ النَّارِ هَلْ عِنْدَكَ أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِيْ؟ فَقَالَ لَا وَعِزَّةِ رَبِّيْ وَجَلَالِهٖ إِنَّ يَدِيْ عَلٰى مُرِيْدِيْ كَالسَّمَاءِ عَلَى الْأَرْضِ إِنْ لَمْ يَكُنْ مُرِيْدِيْ جَيِّدًا فَأَنَا جَيِّدٌ، وَعِزَّةِ رَبِّيْ وَجَلَالِهٖ لَا أَبْرَحْتُ

باسٹھویں منقبت

آپ کو اللہ تعالےٰ کا ایک کتاب دینا جس میں آپ کے تمام دوستوں اور مریدوں کے نام تھے۔

بہجۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ غوث پاک رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے ایک بہت لمبی کتاب دی گئی ہے جسمیں میرے مصاحبوں اور قیامت تک جتنے بھی مرید ہونگے تمام کے نام اسمیں درج ہیں اور کہا گیا ہے یہ تمام آدمی تمہارے حوالے کئے گئے ہیں۔ میں نے دوزخ کے دربان سے پوچھا کہ کیا تیرے پاس دوزخ میں کوئی میرا مرید بھی ہے۔ اُسنے کہا نہیں پھر اپنے فرمایا، مجھے اپنے رب کے جلال و عزت کی قسم میرا ہاتھ میرے مرید پر ایسے ہے جیسے آسمان زمین پر حادی ہے۔ اگر میرا مرید اچھا نہیں ہے تو میں تو اچھا ہوں اور مجھے اپنے پروردگار کی عزت

قد مای من بین یدی ربی حتی ینطلق
بی وبکم الی الجنة وقال الشیخ القطب
ابن اشرف الرومی فی کتابه مزکی النفوس
کان الغوث یقول: اذا لم یکن مریدی
جیدا فانا جید، وعزة ربی لا تزال
یدی علی رأس مریدی فی المغرب
وانا فی المشرق وان کشف عورته
لمددت یدی من المشرق وسترتها
وعزة ربی لاقفن یوم القیامة علی باب
جهنم حتی یعبرها کل مریدی فان الله
تعالی اعطانی ان لا یدخل بی مریدی النار
فمن انتسب الی قبلته والیه اقبلته
وقد اخذت العهد علی منکر ونکیر ان لا
یروعا مریدا لی فی القبر
رضی الله تعالی عنه

وجلال کی قسم میں اسکی بارگاہ سے اسوقت تک نہ ہٹونگا جبتک تمہیں (یعنی مریدوں) کو ساتھ لے کر جنت میں نہ چلا جاؤں شیخ قطب بن اشرف رومی اپنی کتاب مزکی النفوس میں لکھتے ہیں کہ غوث پاک نے ارشاد فرمایا اگر میرا مرید نیک نہ ہو تو بھی میں اسکے لئے کافی ہوں۔ خدا کی قسم میرا ہاتھ میرے مرید پر ہے۔ اگرچہ میرا مرید مغرب میں اور میں مشرق میں ہوں (یعنی خواہ وہ کتنی ہی دور ہو میرا ہاتھ اسکے سر پر ہوتا ہے) اور اگر میرا مرید ننگا ہو جائے (یعنی اس سے کوئی قصور ہو جائے) تو میں مشرق (یعنی دور سے) لمبا ہاتھ کر کے اسکے قصور پر پردہ ڈال دیتا ہوں۔ خدا کی قسم میں قیامت کے دن دوزخ کے دروازے پر کھڑا ہونگا حتی کہ میرے سب کے سب مرید گذر جائیں۔ خدا نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ تیرے کسی مرید کو دوزخ میں نہ ڈالونگا۔ پس جو کوئی اپنے آپکو میرا مرید کہے میں اسے قبول کر کے مریدوں میں شامل کرتا ہوں اور اسکی طرف توجہ رکھتا ہوں۔ میں نے منکر نکیر سے اس بات کا عہد لیا ہے کہ وہ میرے مریدوں کو قبر میں نہ ڈرائیں گے۔

المنقبة الثالثة والستون

ترسٹھویں منقبت

فی مص اصبعیه، وبه انقطع الاکل و
الشرب عن الماص رضی الله تعالی عنه
قال الشیخ العارف ابو محمد شاور السبتی
المحلی: دخلت بغداد لزیارة شیخنا
الغوث واقمت عنده مدة، فلما عزمت
علی الرجوع الی مصر علی قدم التجرید

آپ کی دو انگلیوں کے چوسنے سے بھوک و پیاس کا جاتا رہنا

شیخ عارف ابو محمد شاور سبتی محلی فرماتے ہیں کہ میں غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی زیارت کے لئے بغداد داخل ہوا۔ اور آپکے پاس کچھ مدت ٹھہر آخر اسنے مجاہدہ کرنے کیلئے مصر کو جانے کا قصد کیا۔ اور آپ سے اجازت مانگی تو آپ نے فرمایا:

Marfat.com

مِنَ الْخَلْقِ اِسْتَأْذَنْتُهُ، فَأَوْصَانِي أَنْ لَا أَسْأَلَ
أَحَدًا شَيْئًا وَوَضَعَ اِصْبَعَيْهِ فِي فَمِي وَأَمَرَنِي
أَنْ أَمُصَّهَا فَفَهِمْتُ وَعَلِمْتُ، وَقَالَ لِي
اِنْصَرِفْ رَاشِدًا مَهْدِيًّا، قَالَ فَسِرْتُ
مِنْ بَغْدَادَ اِلَى مِصْرَ وَاَنَا لَا آكُلُ وَلَا اَشْرَبُ
وَقُوَّتِي فِي زِيَادَةٍ، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

راستہ میں کسی سے کسی شئے کا سوال بالکل نہ کرنا یہ کہہ کر آپ نے میرے منہ میں اپنی دو انگلیاں ڈالیں اور مجھے انہیں چوسنے کا حکم فرمایا تو میں آپ کی غرض کو جان بوجھ گیا پھر فرمایا لوٹ جاؤ۔ راشداً و مہدیاً۔ کہتے ہیں۔ میں بغداد سے مصر آیا۔ اور میں کھاتا پیتا بھی نہ تھا پھر بھی میری طاقت پہلے کی نسبت زیادہ ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اَلْمَنْقَبَةُ الرَّابِعَةُ وَالسِّتُّوْنَ

چونسٹھویں منقبت

فِي وَصِيَّةِ السَّيِّدِ الْكَبِيْرِ السَّيِّدِ اَحْمَدَ الرِّفَاعِيِّ بِزِيَارَةِ الْغَوْثِ لِمَنْ دَخَلَ بَغْدَادَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا

سیّد احمد رفاعی کا بغداد کے جانے والوں کو غوث پاک کی زیارت کی وصیت فرمانا۔

كَانَ يُوْصِيْ أَوْلَادَ أَخِيْهِ وَاَكَابِرَ اَصْحَابِهِ بِزِيَارَتِهِ، وَقَدْ جَاءَ رَجُلٌ يُوَدِّعُهُ مُسَافِرًا اِلٰى بَغْدَادَ، فَقَالَ اِذَا دَخَلْتُمْ بَغْدَادَ فَلَا تُقَدِّمُوْا عَلٰى زِيَارَةِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شَيْئًا اِنْ كَانَ حَيًّا، وَعَلٰى زِيَارَةِ قَبْرِهِ اِنْ كَانَ مَيِّتًا، فَقَدْ اُخِذَ لَهُ الْعَهْدُ اَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ الْاَحْوَالِ دَخَلَ بَغْدَادَ فَلَمْ يَزُرْهُ سُلِبَ حَالُهُ وَلَوْ قَبْلَ الْمَوْتِ، قَالَ وَالشَّيْخُ عَبْدُ الْقَادِرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَسْرَةٌ عَلٰى مَنْ لَمْ يَرَهُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا

اور روایت ہے کہ آپ ہمیشہ اپنے بھائی کی اولاد اور اپنے مریدوں کو حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کی زیارت کی وصیت کرتے رہتے تھے۔ ایک دن ایک شخص آپ سے بغداد کے سفر کے لئے آپ سے رخصت ہو رہا تھا۔ تو آپ نے فرمایا جب تم بغداد میں جاؤ تو سب سے پہلے اگر حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ زندہ ہوں تو ان کی اگر فوت ہو چکے ہوں تو ان کی قبر انور کی زیارت کرو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ سے آپکا وعدہ ہے کہ جو شخص بغداد جائے اور آپکی زیارت نہ کرے اسکا حال سلب ہو جائے گا۔ اگرچہ مرنے کے کچھ ہی پہلے سلب ہو جائے۔ اسکے بعد غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا قول نقل فرمایا کہ بے نصیب ہے وہ جس نے آپ کی زیارت نہ کی۔

اَلْمَنْقَبَةُ الْخَامِسَةُ وَالسِّتُّوْنَ

فِیْ نَسَبِهٖ مِنَ الطَّرَفَیْنِ،

اَمَّا نَسَبُهٗ مِنْ طَرَفِ وَالِدِهٖ: فَهُوَ السَّیِّدُ عَبْدُ الْقَادِرِ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ مُوْسٰی جَنْگِیْ دُوْسْتَ، ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَحْیَی الزَّاهِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ، بْنِ دَاوٗدَ، بْنِ مُوْسَی الثَّانِیْ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّانِیْ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَحْضِ، ابْنِ حَسَنِ الْمُثَنّٰی، ابْنِ حَسَنٍ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَرَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمْ اَجْمَعِیْنَ، وَاَمَّا نَسَبُهٗ مِنْ طَرَفِ وَالِدَتِهٖ، فَهِیَ اُمُّ الْخَیْرِ اَمَةُ الْجَبَّارِ فَاطِمَةُ، بِنْتُ السَّیِّدِ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّوْمَعِیِّ الزَّاهِدِ، ابْنِ اَبِیْ جَمَالِ الدِّیْنِ السَّیِّدِ مُحَمَّدٍ، ابْنِ السَّیِّدِ مَحْمُوْدٍ، ابْنِ طَاهِرٍ، ابْنِ الْاِمَامِ اَبِی الْعَطَاءِ السَّیِّدِ عَبْدِ اللّٰهِ، ابْنِ الْاِمَامِ السَّیِّدِ کَمَالِ الدِّیْنِ عِیْسٰی، ابْنِ الْاِمَامِ اَبِیْ عَلَاءِ الدِّیْنِ مُحَمَّدِ نِ الْجَوَّادِ، ابْنِ الْاِمَامِ عَلِیِّ الرِّضٰی، ابْنِ الْاِمَامِ مُوْسَی الْکَاظِمِ، ابْنِ الْاِمَامِ جَعْفَرِ الصَّادِقِ، ابْنِ الْاِمَامِ مُحَمَّدِ نِ الْبَاقِرِ، ابْنِ الْاِمَامِ زَیْنِ الْعَابِدِیْنَ، ابْنِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنِ، ابْنِ الْاِمَامِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ، وَرَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمْ اَجْمَعِیْنَ

پینسٹھویں منقبت

آپ کے نسب کے بیان میں

آپ کا نسب والد کی طرف سے اسطرح ہے۔ سید عبدالقادر بن ابی صالح موسیٰ جنگی دوست بن عبداللہ بن یحییٰ زاہد بن محمد بن داوود بن موسیٰ ثانی بن عبداللہ ثانی بن عبداللہ المحض بن حسن المثنیٰ بن حسن بن علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین اور والدہ کی طرف سے یوں ہے۔ حضرت ام الخیر امۃ الجبار فاطمہ بنت سید عبداللہ صومعی زاہد بن ابی جمال الدین سید محمد بن السید محمود بن طاہر بن امام ابوالعطاء، السید عبداللہ بن امام سید کمال الدین عیسیٰ بن امام ابی علاؤ الدین بن جواد بن امام علی الرضیٰ بن امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن امام زین العابدین بن ابی عبداللہ الحسین بن امام علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہٗ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

اَلْمَنْقَبَةُ السَّادِسَةُ وَالسِّتُّوْنَ

فِیْ اَسْمَائِهِ الشَّرِیْفَةِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

چھیاسٹھویں منقبت

آپ کے ناموں میں

ذُكِرُوا أَنَّ لَهُ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، هُوَ الْقُطْبُ الَّذِيْ لَا قُطْبَ إِلَّا هُوَ عَبْدُ الْقَادِرِ، سَيِّدٌ، مُؤَيَّدٌ، كَرِيْمٌ، عَظِيْمٌ، شَرِيْفٌ، ظَرِيْفٌ، إِمَامٌ، هُمَامٌ، سَالِكٌ، نَاسِكٌ، مُؤْمِنٌ، مُوْقِنٌ، مُنْعِمٌ، مُكْرَمٌ، طَبِيْبٌ، طَيِّبٌ، مُطِيْبٌ، جَوَادٌ، مُنْقَادٌ، قَائِمٌ، صَائِمٌ، عَابِدٌ، زَاهِدٌ، سَاجِدٌ، وَاجِدٌ، جِيْلِيٌّ، حَنْبَلِيٌّ، نَقِيٌّ، كَامِلٌ، بَاذِلٌ، ذَكِيٌّ، صَفِيٌّ، جَمِيْلٌ، جَلِيْلٌ، مَاحِنٌ، مُنَاصِحٌ، سَعِيْدٌ، رَشِيْدٌ، سَخِيٌّ، تَقِيٌّ، پَارِسَا، نَقِيْبٌ، نَجِيْبٌ، خَاضِعٌ، خَاشِعٌ، صَاحِبٌ، ثَاقِبٌ، وَارِثٌ، حَارِثٌ، وَاسِعٌ، بَارِعٌ، فَائِقٌ، لَائِقٌ، رَاسِخٌ، شَامِخٌ، وَلِيٌّ، خَفِيٌّ، ظَاهِرٌ، طَاهِرٌ، مُطِيْعٌ، مَنِيْعٌ، لَبِيْبٌ، حَبِيْبٌ، شَاهِدٌ، رَاشِدٌ، زَائِدٌ، قَائِدٌ، بَصِيْرٌ، مُنِيْرٌ، سِرَاجٌ، تَاجٌ، فَاتِحٌ، فَاتِحٌ، مُقَرَّبٌ، مُهَذَّبٌ، خَلِيْلٌ، دَلِيْلٌ، صَادِقٌ، حَاذِقٌ، سُلْطَانٌ، بُرْهَانٌ، حَسَنِيٌّ، حُسَيْنِيٌّ، عَالِمٌ، حَاكِمٌ، مُعِيْنٌ، مُبِيْنٌ، مِصْبَاحٌ، مِفْتَاحٌ، شَاكِرٌ، ذَاكِرٌ، مَلَاذٌ، مَعَاذٌ (۱)، صَالِحٌ، نَاصِحٌ، فَالِحٌ، وَاضِحٌ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ،

روایت ہے کہ حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے ننانوے نام ہیں۔ اور آپ ایسے قطب ہیں کہ آپ کے مرتبہ کا کوئی قطب نہیں، آپکے ننانوے نام عبدالقادر، سید، مؤید، کریم، عظیم، شریف، ظریف، امام، ہمام، سالک، ناسک، مومن، موقن، منعم، مکرم، طبیب، طیب، مطیب، جواد، منقاد، قائم، صائم، عابد، زاہد، ساجد، واجد، جیلی، حنبلی، نقی، کامل، باذل، ذکی، صفی، جمیل، جلیل، ماحن، مناصح، سعید، رشید، سخی، تقی، پارسا، نقیب، نجیب، خاضع، خاشع، صاحب، ثاقب، وارث، حارث، واسع، بارع، فائق، لائق، راسخ، شامخ، ولی، خفی، ظاہر، طاہر، مطیع، منیع، لبیب، حبیب، شاہد، راشد، زائد، قائد، بصیر، منیر، سراج، تاج، فاتح، فاتح، مقرب، مہذب، خلیل، دلیل، صادق، حاذق، سلطان، برہان، حسنی، حسینی، عالم، حاکم، معین، مبین، مصباح، مفتاح، شاکر، ذاکر، ملاذ، معاذ، صالح، ناصح، فالح، واضح،

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

---

(۱) قولہ معاذ: بوزن ملاذ ومعناہ اھ،

Marfat.com

اَلْمَنْقَبَةُ السَّابِعَةُ وَالسِّتُّوْنَ

فِيْ وَصِيَّتِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

وَصِيُّ وَلَدِهٖ عَبْدِ الرَّزَّاقِ حِيْنَ سَأَلَهٗ

قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اِعْلَمْ يَا وَلَدِيْ وَفَّقَنَا اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِيَّاكَ وَالْمُسْلِمِيْنَ آمِيْنَ: اُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَطَاعَتِهٖ، وَلُزُوْمِ الشَّرْعِ وَحِفْظِ حُدُوْدِهٖ، وَاعْلَمْ يَا وَلَدِيْ وَفَّقَنَا اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِيَّاكَ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَنَّ طَرِيْقَتَنَا هٰذِهٖ مَبْنِيَّةٌ عَلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَسَلَامَةِ الصَّدْرِ وَسَخَاءِ الْيَدِ وَبَذْلِ النَّدٰى وَكَفِّ الْجَفَاءِ وَحَمْلِ الْاَذٰى وَالصَّفْحِ عَنْ عَثَرَاتِ الْاِخْوَانِ وَاُوْصِيْكَ يَا وَلَدِيْ بِالْفُقَرَاءِ وَحِفْظِ حُرْمَةِ الْمَشَائِخِ وَحُسْنِ الْعِشْرَةِ مَعَ الْاِخْوَانِ وَ النَّصِيْحَةِ لِلْاَصَاغِرِ وَالْاَكَابِرِ وَتَرْكِ الْخُصُوْمَةِ اِلَّا فِيْ اُمُوْرِ الدِّيْنِ، وَاعْلَمْ يَا وَلَدِيْ وَفَّقَنِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِيَّاكَ اَنَّ حَقِيْقَةَ الْفَقْرِ اَنْ لَّا تَفْتَقِرَ اِلٰى مَنْ هُوَ مِثْلُكَ، وَحَقِيْقَةَ الْغِنٰى اَنْ تَسْتَغْنِيَ عَمَّنْ هُوَ مِثْلُكَ، وَاَنَّ التَّصَوُّفَ حَالٌ لَا لِمَنْ يُؤْخَذُ بِالْقِيْلِ وَالْقَالِ، لٰكِنْ اِذَا رَاَيْتَ الْفَقِيْرَ فَلَا تَبْدَاْهُ بِالْعِلْمِ وَابْدَاْهُ بِالرِّفْقِ، فَاِنَّ الْعِلْمَ يُوْحِشُهٗ وَالرِّفْقَ يُؤْنِسُهٗ، وَاعْلَمْ يَا وَلَدِيْ وَفَّقَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكَ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَنَّ التَّصَوُّفَ

ستاسٹھویں منقبت

آپ کی وصیتوں کے بیان میں

ایک دفعہ آپ نے اپنے صاجزادے حضرت شیخ عبدالرزاق کو جب انہوں نے وصیت کیلئے عرض کیا تو آپ نے وصیت میں فرمایا جان لے اے میرے پیارے بیٹے اللہ تعالےٰ خصوصاً تجھے اور تمام مسلمانوں کو اس پر عمل کرنیکی توفیق بخشے۔ میں تجھے تقویٰ اور طاعت اور شریعت کی پابندی اور حدود الٰہی کی محافظت کی وصیت کرتا ہوں۔ تو جان لے اے بیٹے اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اسکی توفیق بخشے کہ ہمارا یہ طریقہ کتاب وسنت سلامتی صدر سخاوت بخشش لوگوں کو تکلیف نہ پہنچانے اور اپنے سر پر تکالیف اٹھانے اور بھائیوں کی لغزشوں کے عفو کرنے پر مبنی ہے۔ اے میرے بیٹے تجھے فقراء کی خدمت اور مشائخ کی عزت اور لوگوں کے ساتھ خوب خوشدلی سے پیش آنے اور چھوٹوں اور بڑوں کو نصیحت کرنے اور امور دین کے علاوہ ترک خصومت کرنے کی وصیت کرتا ہوں جان تو میرے بیٹے اللہ تجھے اس پر عمل کرنیکی توفیق دے کہ حقیقت فقر یہ ہے کہ تو اپنے جیسے کا محتاج نہ ہوں اور غنی حقیقی یہ ہے کہ تو اپنے جیسے سے مستغنی ہو اور تصوف حال ہے نہ کہ صرف قیل وقال لیکن جب تم کسی فقیر کو دیکھو تو اسکے آگے اپنے علم کا اظہار نہ کرو۔ بلکہ نرمی سے اسپر قابو پاؤ کیونکہ علم اسے تم سے متنفر اور نرمی اسے مانوس کرے گی۔ جان تو اے میرے لخت جگر اللہ تعالےٰ ہم سب مسلمانوں کو عمل کرنیکی توفیق بخشے کہ

Marfat.com

مَبْنِيٌّ عَلٰى ثَمَانِ خِصَالٍ: اَوَّلُهَا السَّخَاءُ، وَالثَّانِي الرِّضٰى، وَالثَّالِثُ الصَّبْرُ، وَالرَّابِعُ الْاِشَارَةُ، وَالْخَامِسُ الْغُرْبَةُ، وَالسَّادِسُ لُبْسُ الصُّوْفِ، وَالسَّابِعُ السِّيَاحَةُ، وَالثَّامِنُ الْفَقْرُ، فَالسَّخَاءُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالرِّضَا لِنَبِيِّ اللّٰهِ اِسْحٰقَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَالصَّبْرُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ اَيُّوْبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَالْاِشَارَةُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ زَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَالْغُرْبَةُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ يُوْسُفَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَلُبْسُ الصُّوْفِ لِنَبِيِّ اللّٰهِ يَحْيٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَالسِّيَاحَةُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَالْفَقْرُ لِنَبِيِّ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ حَبِيْبِنَا وَسَيِّدِنَا وَشَفِيْعِنَا عَرِيْضِ الْجَاهِ مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَرَّفَ وَكَرَّمَ وَمَجَّدَ وَعَظَّمَ، وَعَلَيْكَ يَا وَلَدِيْ اَنْ تَصْحَبَ الْاَغْنِيَاءَ بِالتَّعَزُّزِ وَالْفُقَرَاءَ بِالتَّذَلُّلِ، وَعَلَيْكَ بِالْاِخْلَاصِ وَهُوَ نِسْيَانُ رُؤْيَةِ الْخَلْقِ وَدَوَامُ رُؤْيَةِ الْخَالِقِ وَلَا تَتَّهِمُ اللّٰهَ فِي الْاَسْبَابِ وَاسْتَكِنْ (۱) اِلَيْهِ فِيْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ، وَاَنْ لَا تَضَعْ حَوَائِجَكَ اِتِّكَالًا عَلٰى اَحَدٍ لِمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ مِنَ الْقَرَابَةِ وَالْمَوَدَّةِ وَالصَّدَاقَةِ، وَعَلَيْكَ بِخِدْمَةِ الْفُقَرَاءِ بِثَلَاثَةِ اَشْيَاءَ: اَوَّلُهَا التَّوَاضُعُ

بیشک تصوف آٹھ چیزوں پر مبنی ہے۔ (۱) سخاوت (۲) رضا (۳) صبر (۴) اشارت (۵) غربت (۶) صوف کا لباس پہننا۔ (۷) سیاحت (۸) فقر۔ سخاوت کا مظہر حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام تھے۔ رضا کا مظہر حضرت اسحٰق علیہ السلام، صبر کا حضرت ایوب علیہ السلام، اشارت کا حضرت زکریا علیہ السلام اور غربت کا حضرت یوسف علیہ السلام، صوف کا لباس پہننے کا حضرت یحیٰی علیہ السلام۔ سیر و سیاحت کا حضرت عیسٰی علیہ السلام تھے۔ اور فقر کا مظہر اللہ کے نبی و رسول ہمارے آقا شفیع و محبوب عریض الجاہ محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم شرف و کرم مجد و عظم والے تھے۔ اے بیٹے دولت مندوں سے وجاہت و تعزز اور فقیروں سے مسکینی وانکساری کے ساتھ پیش آنا اور اخلاص کو لازم پکڑ۔ اخلاص کے معنی ہیں خلقت سے کنارہ کش ہوکر خالق کی طرف متوجہ ہونا، اللہ تعالٰے کو اسباب میں نہ گمان کر اور ہر وقت اس کی طرف جھکا رہ اور اپنی حاجتوں میں کسی شخص پر قرابت و مودت و صداقت پر بھروسہ نہ کرنا۔ اور فقراء کی خدمت میں تین چیزیں لازم پکڑ۔

(۱) تواضع (۲) حسن خلق (۳) صفاء نفس۔

(۱) قولہ استکن: ای اخضع،

Marfat.com

ثَانِيْهَا حُسْنُ الْخُلُقِ، ثَالِثُهَا صِفَاءُ النَّفْسِ وَأَمِتْ نَفْسَكَ حَتّٰى تَحْيَا، وَأَقْرَبُ الْخَلْقِ اِلَى اللّٰهِ أَوْسَعُهُمْ خُلُقًا، وَأَفْضَلُ الْأَعْمَالِ رِعَايَةُ السِّرِّ عَنِ الْاِلْتِفَاتِ اِلٰى شَيْءٍ سِوَى اللّٰهِ. وَعَلَيْكَ اِذَا اجْتَمَعْتَ مَعَ الْفُقَرَاءِ بِالتَّوَاصِيْ بِالصَّبْرِ وَالتَّوَاصِيْ بِالْحَقِّ، وَحَسْبُكَ مِنَ الدُّنْيَا شَيْئَانِ، صُحْبَةُ فَقِيْرٍ وَحُرْمَةُ وَلِيٍّ؛ وَاعْلَمْ يَا وَلَدِيْ اِنَّ الْفَقِيْرَ لَا يَسْتَغْنِيْ بِشَيْءٍ سِوَى اللّٰهِ، وَاعْلَمْ يَا وَلَدِيْ اِنَّ الصَّوْلَةَ عَلٰى مَنْ هُوَ مِثْلُكَ ضُعْفٌ وَعَلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكَ فَخْرٌ، وَاَنَّ التَّصَوُّفَ وَالْفَقْرَ جِدَّانِ، فَلَا تَخْلِطْهُمَا بِشَيْءٍ مِنَ الْهَزْلِ. هٰذِهٖ وَصِيَّتِيْ لَكَ وَلِمَنْ يَسْمَعُهَا مِنَ الْمُرِيْدِيْنَ كَثَّرَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى، وَهُوَ يُوَفِّقُكَ وَاِيَّانَا لِمَا ذَكَرْنَاهُ وَبَيَّنَّاهُ، وَيَجْعَلُنَا مِمَّنْ يَقْتَفِيْ آثَارَ السَّلَفِ وَيَتَّبِعُهَا بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَشَفِيْعِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

(یعنی اخلاص)، اور خواہشات نفسانی کو فنا کر دے تاکہ تجھے بقاباللہ کا مرتبہ حاصل ہو جائے۔ تمام مخلوق سے زیادہ خدا کے قریب وہ ہوتا ہے جو اخلاق کثیرہ والا ہو، اور اعمال سے بہترین یہ عمل ہے کہ تو اللہ تعالےٰ کے علاوہ کسی کیطرف التفات نہ کرے۔ اور جب فقراء کیساتھ بیٹھو تو صبر اور حق بات کی وصیت کرنا لازم پکڑو، دنیا کی چیزوں میں سے تجھے دو چیزیں کافی ہیں فقراء کی صحبت اور اولیاء اللہ کی عزت۔ جان لے اے بیٹے فقیر کو خدا کے سوا کسی کی احتیاج نہیں ہوتی۔ جان لے تو اے بیٹا اپنے ہمسر پر حملہ کرنا ضعف ہے اور اپنے سے اعلیٰ مرتبہ والے پر حملہ کرنا فخر ہے۔ اور تصوف و فقر دو عزت والی چیزیں ہیں۔ (یعنی ایسی چیزیں نہیں کہ ان کو معمولی سمجھ لیا جائے) اور ان کو مذاق و بیہودہ بات کیساتھ نہ ملانا یہ خصوصاً تجھے اور مریدین ہیں جو سنے ان سب کو میری وصیت ہے اور دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ مریدوں کی تعداد کو بڑھائے اور تجھے اور تمہیں مذکورہ بیان پر عمل کرنے کی توفیق دے اور اللہ تعالےٰ ہمارے آقا اور غیب کی خبریں دینے والے اور محشر میں شفاعت کرنیوالے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ و وسیلہ سے ہمیں سلف صالحین کے نقش قدم پر چلنے اور انکی اتباع کرنیوالوں میں سے شمار کرے۔ الحمد للہ رب العلمین۔

اَلْمَنْقَبَةُ الثَّامِنَةُ وَالسِّتُّوْنَ

(فِيْ صَلَاةِ الْحَاجَةِ وَالْاِسْتِمْدَادِ مِنْ حَضْرَتِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ)

اٹھاسٹھویں منقبت

نماز حاجت اور آپ سے مدد مانگنے کے بیان میں

Marfat.com

ذُكِرَ فِي بَهْجَةِ الْأَسْرَارِ أَنَّهُ قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ
تَعَالَىٰ عَنْهُ مَنِ اسْتَغَاثَ بِي فِي كُرْبَةٍ كُشِفَتْ عَنْهُ
وَمَنْ نَادَانِي بِاسْمِي فِي شِدَّةٍ فُرِّجَتْ عَنْهُ. وَمَنْ
تَوَسَّلَ بِي إِلَى اللّٰهِ فِي حَاجَةٍ قُضِيَتْ لَهُ. وَمَنْ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ
يَقْرَأُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ بَعْدَ الْفَاتِحَةِ سُورَةَ الْإِخْلَاصِ
إِحْدَىٰ عَشْرَةَ مَرَّةً. ثُمَّ يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَىٰ عَشْرَةَ مَرَّةً. ثُمَّ يَخْطُو إِلَىٰ
جِهَةِ الْعِرَاقِ إِحْدَىٰ عَشْرَةَ خَطْوَةً، وَيَذْكُرُ
اسْمِي وَيَذْكُرُ حَاجَتَهُ فَإِنَّهَا تُقْضَى. اِنْتَهَىٰ. وَأَنَا
أُبَيِّنُ تَفْصِيلًا كَيْفِيَّتَهَا لِمَنْ يُصَلِّيهَا بِأَنْ يَقُولَ
نَوَيْتُ أُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ صَلَاةَ الْأَسْرَارِ أَوْ صَلَاةَ قَضَاءِ
الْحَاجَةِ تَقَرُّبًا إِلَى اللّٰهِ تَعَالَىٰ وَانْقِطَاعًا عَنْ إِلَىٰ جِهَةِ
الْكَعْبَةِ الشَّرِيفَةِ اللّٰهُ أَكْبَرُ. ثُمَّ بَعْدَ قِرَاءَةِ
الْفَاتِحَةِ يَقْرَأُ سُورَةَ الْإِخْلَاصِ إِحْدَىٰ عَشْرَةَ
مَرَّةً. وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ يَقْرَؤُهَا بَعْدَ الْفَاتِحَةِ
إِحْدَىٰ عَشْرَةَ مَرَّةً. ثُمَّ بَعْدَ السَّلَامِ يَسْجُدُ
وَيَقُولُ بَعْدَ إِحْدَىٰ عَشْرَةَ مَرَّةً: يَا شَيْخَ الثَّقَلَيْنِ
يَا قُطْبَ الرَّبَّانِي يَا غَوْثَ الصَّمَدَانِي يَا مَحْبُوبَ
السُّبْحَانِي يَا مُحْيِي الدِّينِ أَبَا مُحَمَّدٍ السَّيِّدُ عَبْدُ الْقَادِرِ
الْجِيلَانِي أَغِثْنِي وَامْدُدْنِي فِي قَضَاءِ حَاجَتِي
هٰذِهِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ ثُمَّ يَقُومُ وَيَخْطُو
إِلَىٰ جِهَةِ الْعِرَاقِ إِحْدَىٰ عَشْرَةَ خَطْوَةً وَ
يَقُولُ فِي كُلِّ خَطْوَةٍ يَا شَيْخَ الثَّقَلَيْنِ يَا قُطْبَ

بہجۃ الاسرار اور تکملہ میں لکھا ہے کہ حضرت غوث
اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جو شخص مصیبت
میں مجھے پکارتا ہے میں اس سے اسکی مصیبت کو
رفع کر دوں گا۔ اور جو سختی کے وقت میرا نام لیکر
مجھے پکارے میں اسکی سختی کو دور کر دوں گا اور جو اپنی کسی
حاجت کے وقت میرے وسیلے سے خدا سے دعا مانگے
اسکی حاجت پوری ہو گی۔ اور جو شخص دو رکعت نفل اسطرح
پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص
گیارہ مرتبہ پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر
گیارہ قدم بغداد کی طرف چلے اور میرا نام لے کر اپنی حاجت
بیان کرے اسکی حاجت پوری کی جائے گی۔ آپکا ارشاد
ختم ہوا۔ (اب مصنف علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں) کہ میں
نماز حاجت پڑھنے والے کیلئے اسکی کیفیت ذرہ تفصیلاً
بیان کرتا ہوں۔ وہ یوں کہ نمازی اسطرح نیت کرے
دو رکعت نماز صلوٰۃ الاسرار یا صلوٰۃ قضاء حاجت
عبادت اللہ کی منہ طرف قبلہ شریف کے اللہ اکبر پھر
سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے
اور اسیطرح دوسری رکعت میں بھی پڑھے پھر سلام پھیرنے
کیبعد سجدہ میں جاکر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد
یہ کہے (یا شیخ الثقلین یا قطب الربانی یا غوث الصمدانی
یا محبوب السبحانی یا محی الدین ابا محمد السید عبد القادر
الجیلانی اغثنی وامددنی فی قضاء حاجتی ہذہ یا قاضی
الحاجات) پھر کھڑے ہو کر گیارہ قدم بغداد کیطرف

Marfat.com

الرَّبَّانِي يَا غَوْثَ الصَّمَدَانِي يَا مَحْبُوْبَ السُّبْحَانِي
اَبَا مُحَمَّدِ السَّيِّدُ عَبْدَ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِي، ثُمَّ يَضَعُ
قَدَمَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى قَدَمِهِ الْيُسْرٰى وَيُصَلِّي
اَوَّلًا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰى عَشْرَةَ
مَرَّةً، ثُمَّ يَقْرَأُ الْفَاتِحَةَ وَالْاِخْلَاصَ وَاِذَا جَاءَ
نَصْرُ اللّٰهِ كُلَّ وَاحِدَةٍ اِحْدٰى عَشْرَةَ مَرَّةً
ثُمَّ يَقُوْلُ يَا جُنُوْدَ اللّٰهِ وَيَا عِبَادَ اللّٰهِ أَغِيْثُوْنِيْ
وَامْدُدُوْنِيْ فِيْ قَضَاءِ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ يَا قَاضِيَ
الْحَاجَاتِ آمِيْنَ آمِيْنَ، يَا شَيْخَ الثَّقَلَيْنِ يَا
يَا قُطْبَ الرَّبَّانِي يَا غَوْثَ الصَّمَدَانِي يَا مَحْبُوْبَ
السُّبْحَانِي يَا مُحْيِ الدِّيْنِ اَبَا مُحَمَّدِ نِ السَّيِّدُ عَبْدَ الْقَادِرِ
الْجِيْلَانِي ثُمَّ يَشْتَغِلُ بِالْمُرَاقَبَةِ وَيَقْعُدُ فِيْ
مُصَلَّاهُ وَيَذْكُرُ كَلِمَةَ التَّوْحِيْدِ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ مِائَةً وَثَمَانِيَةً، ثُمَّ يَسْجُدُ لِلّٰهِ
تَعَالٰى وَيَقُوْلُ فِيْ سَجْدَتِهٖ يَا رُوْحَ الْقُدُسِ
وَيَا جُنُوْدَ اللّٰهِ وَيَا عِبَادَ اللّٰهِ اَغِيْثُوْنِيْ
وَامْدُدُوْنِيْ فِيْ قَضَاءِ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ
يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ آمِيْنَ آمِيْنَ، وَيُبَخِّرُ فِيْ
اَوَّلِ شُرُوْعِهٖ بِالطِّيْبِ، ثُمَّ يَتَصَدَّقُ عَلٰى اَحَدَ
عَشَرَ فَقِيْرًا، رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ،

چلے اور ہر قدم کے ساتھ یہ کلمات پڑھے (یا شیخ الثقلین
یا قطب الربانی یا غوث الصمدانی یا محبوب السبحانی
ابا محمد السیّد عبد القادر الجیلانی) پھر اپنے داہنے پاؤں
کو بائیں پاؤں پر رکھ کر اوّلاً گیارہ مرتبہ درود شریف
پڑھے۔ پھر سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص اور اذا
جاء نصر اللہ ہر ایک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر
یہ کہے (یا جنود اللہ و یا عباد اللہ اغیثونی وامددونی
فی قضاء حاجتی ہذہ یا قاضی الحاجات آمین آمین
یا شیخ الثقلین
یا قطب الربانی یا غوث الصمدانی یا محبوب السبحانی
یا محی الدین ابا محمد السیّد عبد القادر جیلانی)، پھر مراقبہ
کرے اور نماز کی جگہ بیٹھ کر ایک سو آٹھ بار کلمہ توحید
پڑھے۔ پھر سجدے میں جاکر یہ پڑھے (یا روح القدس
و یا جنود اللہ یا عباد اللہ اغیثونی وامددونی۔ فی
قضاء حاجتی۔ ہذہ یا قاضی الحاجات آمین آمین۔

لیکن یہ شروع کرنے سے پہلے کچھ خوشبو کی دھونی دکھائے
پھر گیارہ مساکین کو صدقہ دے۔

اَلْمَنْقَبَةُ التَّاسِعَةُ وَالسِّتُّوْنَ

(فِيْ وَفَاتِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

انہترویں منقبت

آپ کی وفات کے بیان میں

ذَكَرُوْا اَنَّهٗ لَمَّا قَرُبَتْ وَفَاتُهٗ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى
عَنْهُ جَاءَ سَيِّدُنَا عِزْرَائِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
بِمَكْتُوْبٍ مَلْفُوْفٍ مِّنَ الرَّبِّ الْجَلِيْلِ
فِيْ وَقْتِ غُرُوْبِ الشَّمْسِ وَاَعْطَاهُ بِوَلَدِهِ الشَّيْخِ
عَبْدِ الْوَهَّابِ. وَكَانَ مَكْتُوْبٌ عَلٰى ظَهْرِهٖ
يَصِلُ هٰذَا الْمَكْتُوْبُ مِنَ الْمُحِبِّ اِلَى الْمَحْبُوْبِ، فَلَمَّا
رَاٰهُ وَلَدُهٗ بَكٰى وَتَحَسَّرَ وَدَخَلَ بِالْمَكْتُوْبِ مَعَ
سَيِّدِنَا عِزْرَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلٰى حَضْرَةِ الْغَوْثِ
وَقِيْلَ هٰذَا بِسَبْعَةِ اَيَّامٍ كَانَ مَعْلُوْمًا لَدَى الْغَوْثِ
اِنْتِقَالُهٗ اِلَى الْعَالَمِ الْعُلْوِيِّ وَرُجُوْعُهٗ اِلَى الْوَطَنِ
الْاَصْلِيِّ، وَكَانَ مَسْرُوْرًا بِذٰلِكَ، وَدَعَا اللّٰهَ
لِلْمُرِيْدِيْنَ وَالْمُحِبِّيْنَ وَالْمُخْلِصِيْنَ بِالْمَغْفِرَةِ
وَتَعَهَّدَ اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمْ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ
وَسَجَدَ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَجَاءَ النِّدَاءُ (يٰاَيَّتُهَا
النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً
مَّرْضِيَّةً) وَضَجَّ عَالَمُ النَّاسُوْتِ بِالْبُكَاءِ
وَابْتَهَجَ عَالَمُ الْمَلَكُوْتِ بِاللِّقَاءِ. وَتُوُفِّيَ
لَيْلَةَ الْاِثْنَيْنِ بَعْدَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ
اِحْدٰى عَشَرَةَ مِنْ رَبِيْعِ الثَّانِيْ سَنَةَ ٥٦١
خَمْسِمِائَةٍ وَّاِحْدٰى وَّسِتِّيْنَ، وَدُفِنَ
بِبَابِ الْاَزَجِ. وَاخْتَلَفُوْا فِيْ اَيَّامِ وَفَاتِهٖ
رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ، قَالَ فِيْ بَهْجَةِ الْاَسْرَارِ
فِيْ تَاسِعِ رَبِيْعِ الثَّانِيْ، وَفِيْ كِتَابِ نُوْرِ الْاَحْمَدِيْ

ذکر کرتے ہیں کہ جب آپ وفات پانے لگے تو شام
کے وقت ملک الموت نے خدا تعالیٰ کی طرف سے
ایک ملفوف خط لاکر آپ کے فرزند حضرت شیخ
عبدالوہاب کو دیا خط کی پشت پر یہ عبارت لکھی
تھی (یہ خط محب کی طرف سے محبوب کو پہنچے)، شیخ
عبدالوہاب خط کو دیکھ کر رو پڑے اور افسردہ ہو گئے
اور ملک الموت کے سمیت حضرت غوث اعظم رضی
اللہ عنہ کے پاس گئے۔ اس سے سات روز قبل آپکو
عالم علوی کی طرف منتقل ہونے اور وطن اصلی کیطرف
لوٹنے (یعنی وفات پانے) کا علم ہو چکا تھا جس سے آپ
از حد خوش تھے۔ اور اپنے مریدوں اور محبین و مخلصین
کے لئے آپ نے مغفرت کی دعا بھی مانگی تھی۔
اور ان سب سے قیامت کے دن شفاعت کرنے کا
عہد بھی اس سے پہلے کر چکے تھے۔ (جب آپکی وفات کا
وقت قریب آپہنچا) تو آپ سجدہ میں گئے تو ندا آئی (یا ایتہا
النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ) تو عالم ناسوت
میں لوگوں کی آہ و بکا کیساتھ آوازیں بلند ہو گئیں۔ اور عالم
ملکوت شوق لقاء میں ہشاش بشاش ہو گیا۔ آپ گیارہ
ربیع الثانی ۵۶۱ھ دو شنبہ کی رات کو عشاء کی نماز
کے بعد فوت ہوئے۔ اور باب الازج میں دفن کئے
گئے۔ علماء کا اس بات میں اختلاف ہے کہ آپ ربیع الثانی
کی کس تاریخ کو فوت ہوئے ہیں۔ بہجۃ الاسرار میں ۱۹
ربیع الثانی اور کتاب نور احمدی ملفوظ سید احمد رفاعی

ملفوظ السید احمد الرفاعی فی لیلة السبت
بعد الجمعة فی عاشر ربیع الاول، وفی روایة
ثامن ذلک الشهر، وفی تحفة القادریة فی
سبعة عشر من ذلک الشهر، وقال السید
نور الدین محمود القادری فی اوراد القادریة
یوم الخمیس السابع عشر، وقیل الثالث
عشر من ذلک الشهر، والاصح انه توفی
فی یوم الجمعة، وقیل یوم الخمیس فی الیوم
السابع او الثامن او الحادی عشر من ذلک
الشهر، قال رضی الله عنه لما حضرته الوفاة
لاولاده ابعدوا من حولی فانی معکم بالظاهر
ومع غیرکم بالباطن، وقال رضی الله عنه: قد
حضر عندی غیرکم فوسعوا لهم وتادبوا معهم
ههنا رحمة عظیمة ولا تضیقوا علیهم
المکان، وکان رضی الله عنه یقول: علیکم
السلام ورحمة الله وبرکاته، غفر الله لی
ولکم تاب الله علی وعلیکم بسم الله غیر
مودعین قال ذلک یوما ولیلة، وقال ولده الشیخ
عبد الرزاق ان حضرة الغوث رضی الله
عنه کان یرفع یدیه ویمدهما ویقول
وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته توبوا
وادخلوا فی الصف اذا اجیٔ الیکم وقال عند
موته رفقا رفقا ثم یقول علیکم السلام

ہیں بعد جمعہ ہفتہ کی رات ۱۰ ربیع الاول کو آپ کی وفات
بتائی گئی ہے۔ اور روایت میں ۸ ربیع الاول بتائی گئی
ہے۔ اور تحفۃ القادریہ ہیں اسی ماہ یعنی ربیع الثانی کی ۱۷
لکھی ہوئی ہے۔ اور سید نور الدین محمود القادری اوراد
قادریہ ہیں ۱۷ تاریخ بروز جمعرات تحریر فرماتے ہیں
اور اسی ماہ کی ۱۳ ابھی لکھتے ہیں۔ اور اصح یہ ہے کہ آپ
نے جمعہ کو انتقال فرمایا ہے اور بروز جمعرات (۱۷)
(۸) (۱۱) تاریخوں کو بھی آپ کا فوت ہونا منقول ہے۔
جب آپ فوت ہونے لگے تو آپ نے اپنی اولاد سے
فرمایا۔ میرے ارد گرد سے ذرا پیچھے ہٹ جاؤ میں بظاہر تمہارے
پاس ہوں اور باطن میں تمہارے غیر (یعنی خدا تعالیٰ) کے
پاس ہوں۔ اور فرمایا میرے پاس تمہارے غیر (یعنی فرشتے)
آئے ہیں ان کو جگہ دو۔ اور ان سے ادب سے پیش آؤ اس
جگہ پر خدا کی رحمت برس رہی ہے۔ ان پر جگہ تنگ نہ
کرو اور آپ اپنی وفات سے ایک دن رات قبل سے یہ
کلمات کہتے رہے ہیں۔ علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ غفر
اللہ لی ولکم تاب اللہ علی وعلیکم بسم اللہ غیر مودعین۔ اور
آپکے لخت جگر شیخ عبد الرزاق فرماتے ہیں کہ حضرت غوث اعظم
رضی اللہ عنہ اپنے ہاتھوں کو اٹھا کر لمبے کرتے اور فرماتے وعلیکم
السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ توبوا وادخلوا فی الصف اذا
اجیٔ الیکم۔ اور اپنی موت کے وقت فرمایا۔ نرمی کرنا نرمی
پھر فرماتے تھے وعلیکم السلام اجیٔ الیکم اجیٔ الیکم۔
(یعنی تمہاری طرف ہی تو آرہا ہوں)

Marfat.com

أَجِيءُ إِلَيْكُمْ أَجِيءُ إِلَيْكُمْ، وَكَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَقُولُ قِفُوا قَالَ أَتَاهُ الْحَقُّ وَسَكْرَةُ الْمَوْتِ، وَقَالَ لَا يَسْأَلُنِي أَحَدٌ عَنْ شَيْءٍ أَنَا أَتَقَلَّبُ فِي عِلْمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَسَأَلَهُ وَلَدُهُ الشَّيْخُ عَبْدُ الْجَبَّارِ مَاذَا يُؤْلِمُكَ مِنْ جِسْمِكَ؟ فَقَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَمِيعُ أَعْضَائِي تُؤْلِمُنِي إِلَّا قَلْبِي فَمَا بِهِ أَلَمٌ وَهُوَ مَعَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَسَأَلَهُ وَلَدُهُ الشَّيْخُ عَبْدُ الْعَزِيزِ عَنْ مَرَضِهِ فَقَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّ مَرَضِي لَا يَعْلَمُهُ أَحَدٌ وَلَا يَعْقِلُهُ أَحَدٌ لَا إِنْسٌ وَلَا جِنٌّ وَلَا مَلَكٌ مَا يَنْقُصُ عِلْمُ اللّٰهِ بِحُكْمِ اللّٰهِ، الْحُكْمُ يَتَغَيَّرُ وَالْعِلْمُ لَا يَتَغَيَّرُ (يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ. لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ) أَخْبَارُ الصِّفَاتِ تُمَرُّ كَمَا جَاءَتْ وَكَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ اِسْتَعَنْتُ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى وَالْحَيِّ الَّذِي لَا يَخْشَى الْفَوْتَ، سُبْحَانَ مَنْ تَعَزَّزَ بِالْقُدْرَةِ وَقَهَرَ عِبَادَهُ بِالْمَوْتِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُولُ اللّٰهِ: وَأَخْبَرَ وَلَدُهُ الشَّيْخُ مُوسٰى أَنَّهُ قَالَ لَمَّا قَرُبَتْ وَفَاةُ الْغَوْثِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ كَانَ يَقُولُ: تَعَزَّزْ وَلَمْ يُؤَدِّهَا عَلَى الصِّحَّةِ، فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا حَتّٰى إِذَا قَالَ تَعَزَّزْ وَمَدَّ بِهَا صَوْتَهُ وَشَدَّهَا حَتّٰى صَحَّ لِسَانُهُ

اور آپ فرماتے تھے تھم جاؤ پھر سکرات موت اور تقدیر حق آپہنچی تو فرمایا اب مجھ سے کوئی سوال نہ کرے میں اللہ تعالےٰ کے علم سے بہرہ ور ہوں۔ آپ کے صاحبزادے شیخ عبد الجبار نے عرض کیا حضور آپ کے بدن مبارک کے کس حصہ کو تکلیف ہے فرمایا میرے دل کے علاوہ تمام جسم کو تکلیف ہے۔ اور وہ اللہ تعالےٰ کی طرف متوجہ ہے۔ آپ کے صاحبزادے شیخ عبد العزیز نے آپ سے بیماری کی نسبت دریافت کیا۔ تو فرمایا میری بیماری کی وجہ جن و انس و فرشتوں میں سے کوئی بھی نہیں جان سکتا۔ اور اللہ تعالےٰ کا علم حکمتوں کی بنا پر کم نہیں ہوتا اور حکمتیں متغیر ہوتی رہتی ہیں۔ مگر علم متغیر نہیں ہوتا۔ جسے اللہ تعالےٰ چاہتا ہے مٹاتا ہے اور جسے چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے۔ اور اس کے پاس ہی ہے ام الکتاب وہ جو کرتا ہے اسکی بابت کوئی پرسش نہیں اور لوگوں سے انکے کئے کی پرسش ہو گی۔ اور فرماتے تھے میں اس ذات سے مدد طلب کرتا ہوں جسکے سوا کوئی معبود نہیں یعنی اللہ سبحانہ تعالےٰ سے مدد طلب کرتا ہوں جو زندہ ہے اور اسے فوت ہونیکا کھٹکا نہیں۔ پاک ہے وہ ذات جو اپنی قدرت کاملہ سے عزت والا اور وہ غالب ہے اپنے بندوں پر جان نکالنے کیساتھ اللہ کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ آپکے صاحبزادے شیخ موسیٰ فرماتے ہیں کہ جب آپ فوت ہونے لگے تو آپ تعزز کا لفظ زبان سے نکالتے تھے مگر اسکو اچھی طرح زبان سے نہ نکال سکتے تھے بار بار اس لفظ کو کہتے رہے یہاں تک کہ جب آپ نے تعزز کہا تو آواز بہت صوت بلند ہو گئی اسوقت

ثُمَّ قَالَ اللّٰهُ اللّٰهُ اللّٰهُ ثُمَّ خَفِيَ صَوْتُهُ وَلِسَانُهُ مُلْتَصِقٌ بِسَقْفِ حَلْقِهِ، ثُمَّ خَرَجَتْ رُوحُهُ الْكَرِيمَةُ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِ

آپکی زبان صحیح کام دینے لگی پھر آپنے لفظ اللہ تین بار کہا پھر آپکی آواز دھیمی پڑگئی اور زبان تالو سے چمٹ گئی پھر آپکی روح کریمہ بدن شریف سے پرواز کرگئی اور آپ انتقال فرماگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

اَلْمَنْقَبَةُ السَّبْعُوْنَ

(فِي بَيَانِ أَوْلَادِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ)

قَالَ الشَّيْخُ ابْنُ النَّجَّارِ فِي تَارِيخِهِ: سَمِعْتُ مِنَ الشَّيْخِ تَاجِ الدِّينِ أَبِي بَكْرٍ السَّيِّدِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ بْنِ سَيِّدِنَا الْغَوْثِ، قَالَ وُلِدَ لِلْغَوْثِ تِسْعٌ وَأَرْبَعُونَ وَلَدًا، سَبْعٌ وَعِشْرُونَ ذَكَرًا، وَاثْنَانِ وَعِشْرُونَ أُنْثٰى، وَقَالَ مَرِضَ مَرَّةً وَاشْتَدَّ عَلَيْهِ الْمَرَضُ فَأُغْمِيَ عَلَيْهِ وَنَحْنُ قَاعِدُونَ حَوَالَيْهِ، نَبْكِي، فَأَفَاقَ وَقَالَ لَا تَبْكُوا فَإِنِّي لَا أَمُوتُ فِي هٰذَا الْمَرَضِ فَإِنَّ وَلَدِي يَحْيٰى فِي ظَهْرِي فَلَا بُدَّ أَنْ يَجِيءَ إِلَى الدُّنْيَا، وَظَنَنَّا أَنَّهُ قَالَ هٰذَا الْكَلَامَ مِنِ اشْتِدَادِ مَرَضِهِ. فَعَافَاهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَرَضِ، وَكَانَتْ لَهُ جَارِيَةٌ حَبَشِيَّةٌ فَوَلَدَ السَّيِّدُ يَحْيٰى مِنْهَا، فَهُوَ آخِرُ أَوْلَادِهِ، فَبَعْدَ مُدَّةٍ تُوُفِّيَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَخَلَفَ أَوْلَادًا مِنْهُمْ سَيْفُ الدِّينِ عَبْدُ الْوَهَّابِ وُلِدَ فِي شَعْبَانَ سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَاثْنَتَيْنِ وَعِشْرِينَ وَتُوُفِّيَ فِي بَغْدَادَ سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَثَلَاثَةٍ وَتِسْعِينَ وَعَاشَ بَعْدَ الْغَوْثِ اثْنَيْنِ وَثَلَاثِينَ

سترویں منقبت

آپ کی اولاد کے بیان میں

شیخ ابن نجار اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ میں نے شیخ تاج الدین ابی بکر السید عبدالرزاق بن سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے سنا کہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے بچے بچیاں کل انچاس ۴۹ تھے جن میں سے ستائیس ۲۷ بیٹے اور بائیس ۲۲ بیٹیاں تھیں۔ نیز آپنے فرمایا ایک دفعہ حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ سخت بیمار ہوئے یہاں تک کہ آپ پر غشی طاری ہوگئی ہم آپکے چاروں طرف بیٹھے رو رہے تھے جب آپ ہوش میں آئے تو فرمایا مت روؤ میں اس بیماری سے نہیں مروں گا اسلئے کہ میرا بیٹا یحیٰی ابھی تک میری پشت میں ہے اس نے ضرور پیدا ہونا ہے اور ہم نے یہ خیال کیا کہ آپ بیہوشی میں یہ بات کہہ رہے ہیں۔ لیکن اللہ تعالٰے نے اس مرض سے شفا بخشی آپ کی ایک حبشی لونڈی تھی اسکے بطن سے سید یحیٰی پیدا ہوئے آپکی اولاد میں سے سب سے آخر میں پیدا ہونے والے سید یحیٰی ہی ہیں پھر کچھ مدت بعد آپ انتقال فرماگئے اسوقت آپکے بعد آپکے بیٹوں میں سے یہ زندہ تھے سیف الدین عبدالوہاب شعبان ۵۲۲ھ میں پیدا ہوئے اور بغداد میں ۵۹۳ھ کو فوت ہوئے حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالٰے عنہ کے بعد ۳۲ سال زندہ رہے۔

Marfat.com

سَنَةً، وَمِنْهُمْ شَرَفُ الدِّيْنِ عِيْسٰى، وَلَهُ مُصَنَّفَاتٌ
مِنْهَا جَوَاهِرُ الْاَسْرَارِ، وَاَلَّفَ لَهُ الْغَوْثُ
فُتُوْحَ الْغَيْبِ. وَتُوُفِّيَ سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَّاثْنَتَيْنِ
وَسَبْعِيْنَ وَعَاشَ بَعْدَ الْغَوْثِ اِثْنَتَيْ عَشَرَةَ
سَنَةً، وَمِنْهُمْ شَمْسُ الدِّيْنِ عَبْدُ الْعَزِيْزِ،
وَمِنْهُمْ سِرَاجُ الدِّيْنِ اَبُو الْفَرَجِ عَبْدُ الْجَبَّارِ
تُوُفِّيَ سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَّثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ وَ
عَاشَ بَعْدَ الْغَوْثِ اِثْنَتَيْ عَشَرَةَ سَنَةً، وَ
مِنْهُمْ تَاجُ الدِّيْنِ اَبُوْبَكْرٍ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وُلِدَ فِيْ
سَنَةِ خَمْسِمِائَةٍ وَّثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ وَتُوُفِّيَ
سَنَةَ سِتِّمِائَةٍ وَّثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَعَاشَ
بَعْدَ الْغَوْثِ اِثْنَتَيْنِ وَاَرْبَعِيْنَ سَنَةً، وَمِنْهُمْ
اَبُوْ اِسْحٰقَ اِبْرَاهِيْمُ تُوُفِّيَ فِيْ بَغْدَادَ سَنَةَ سِتِّمِائَةٍ
وَّعَاشَ بَعْدَ الْغَوْثِ تِسْعًا وَّثَلَاثِيْنَ سَنَةً
وَّمِنْهُمْ اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدٌ تُوُفِّيَ فِيْ بَغْدَادَ سَنَةَ
سِتِّمِائَةٍ وَّعَاشَ بَعْدَ الْغَوْثِ تِسْعًا وَّ
ثَلَاثِيْنَ سَنَةً، وَمِنْهُمْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
عَبْدُ اللّٰهِ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَّثَمَانٍ
وَتُوُفِّيَ فِيْ بَغْدَادَ سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَّسَبْعَةٍ
وَّثَمَانِيْنَ وَعَاشَ بَعْدَ الْغَوْثِ سِتًّا وَّ
عِشْرِيْنَ سَنَةً، وَّمِنْهُمْ اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيٰى وُلِدَ
سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَّخَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَ
تُوُفِّيَ فِيْ بَغْدَادَ لَيْلَةَ الْبَرَاءَةِ سَنَةَ سِتِّمِائَةٍ

(۲) شرف الدین عیسیٰ آپ مصنف تھے۔ آپ کی تصنیفات میں سے جواہر الاسرار ہے۔ اور حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فتوح الغیب ان کے لئے ہی تصنیف فرمائی تھی۔ انہوں نے ۵۷۲ھ میں وفات پائی۔ اور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد ۱۲ سال زندہ رہے (۳) شمس الدین عبدالعزیز (۴) سراج الدین ابوالفرج عبدالجبار ۵۷۳ھ میں فوت ہوئے۔ حضرت غوث الاعظم کے بعد ۱۲ سال زندہ رہے۔

(۵) تاج الدین ابوبکر عبدالرزاق ۵۲۸ھ کو پیدا ہوئے اور ۶۲۳ھ کو فوت ہوئے۔

غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے بعد ۴۲ سال زندہ رہے۔

(۶) ابو اسحاق ابراہیم حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد ۳۹ سال زندہ رہ کر ۶۰۰ھ بغداد میں فوت ہو گئے۔

(۷) ابوالفضل محمد بھی حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد ۳۹ سال کی عمر پا کر بغداد میں ۶۰۰ھ میں فوت ہو گئے۔

(۸) ابو عبدالرحمٰن عبداللہ ۵۰۸ھ کو پیدا ہوئے اور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد ۲۶ سال زندہ رہ کر بغداد میں ۵۸۷ھ کو فوت ہو گئے

(۹) ابوزکریا یحیٰی ۵۵۵ھ میں پیدا ہوئے اور بغداد میں شب برات میں ۶۰۰ھ کو وفات پائی۔ اور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد ۳۹ سال

Marfat.com

وَعَاشَ بَعْدَ الْغَوْثِ تِسْعًا وَثَلَاثِيْنَ سَنَةً
وَمِنْهُمُ السَّيِّدُ الصَّالِحُ تُوُفِّيَ فِيْ بَغْدَادَ وَقَبْرُهُ
خَارِجَ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ، وَمِنْهُمْ ضِيَاءُ الدِّيْنِ
أَبُوْنَصْرٍ مُوْسٰى وُلِدَ سَنَةَ خَمْسِمِائَةٍ وَتِسْعٍ وَ
ثَلَاثِيْنَ وَتُوُفِّيَ فِيْ دِمَشْقِ سَنَةَ سِتِّمِائَةٍ وَ
خَمْسَةَ عَشَرَ،

قَالَ مُصَنِّفُ هٰذِهِ الرِّسَالَةِ الْفَارِسِيَّةِ
وَجَدْتُ فِيْ بَعْضِ الْكُتُبِ الْمُعْتَبَرَةِ أَنَّ
لِحَضْرَةِ الْغَوْثِ أَوْلَادًا غَيْرَ مَنْ ذَكَرْنَاهُمْ
فَمِنْهُمُ السَّيِّدُ يُوْسُفُ وِلَادَتُهُ وَمَوْتُهُ
فِيْ بَغْدَادَ فِي الرَّوْضَةِ الْمُبَارَكَةِ، وَمِنْهُمُ السَّيِّدُ
عَبْدُ الْغَفَّارِ، وَالسَّيِّدُ حَبِيْبُ اللّٰهِ، وَالسَّيِّدُ
زَاهِدٌ، وَالسَّيِّدُ عَبْدُ الْغَنِيِّ، وَالسَّيِّدُ مَنْصُوْرٌ
أَحَدُ الْأَقْطَابِ السَّبْعَةِ، وَالسَّيِّدُ عَبْدُ الْغَفُوْرِ
وَالسَّيِّدُ عَبْدُ الْخَالِقِ، وَالسَّيِّدُ عَبْدُ الرَّؤُوْفِ
وَيُسْنَدُ إِلَيْهِ أَكْثَرُ أَعْمَالِ الْغَوْثِ، وَالسَّيِّدُ
مَجْدُ الدِّيْنِ صَاحِبُ الْمَقَامَاتِ الْعَلِيَّةِ
وَعِنْدَ الْبَعْضِ هُوَ آخِرُ أَوْلَادِهٖ، وَكَرِيْمَتُهٗ
أَمَةُ الْجَبَّارِ فَاطِمَتُهٗ، رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ

زندہ رہے۔

(۱۰) سید صالح بغداد میں فوت ہوئے۔ آپ کی قبر بقعہ
مبارک سے باہر ہے۔

(۱۱) ضیاء الدین ابو نصر موسیٰ ۵۳۹ھ میں پیدا ہوئے اور
دمشق میں ۶۱۵ھ کو وفات پائی۔

اس فارسی رسالہ کے مصنف کہتے ہیں کہ مجھے بعض
کتب معتبرہ سے معلوم ہوا ہے کہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ
کے ان مذکورہ بیٹوں کے علاوہ اور بھی بیٹے تھے جن میں
سے سید یوسف بغداد میں پیدا ہوئے اور بغداد ہی میں
روضہ مبارک کے اندر فوت ہوئے۔ اور ان میں سے
سید عبد الغفار اور سید حبیب اللہ اور سید زاہد
اور سید عبد الغنی اور سید منصور جو کہ اقطاب سبعہ
کے ایک فرد ہیں۔ اور سید عبد الغفور سید عبد الخالق اور
سید عبد الرؤوف غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اکثر
اعمال کی آپ کو اجازت تھی۔ اور سید مجد الدین آپ اعلیٰ
درجہ کے ولی تھے بقول بعض آپ حضرت غوث اعظم رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کے آخری بیٹے اور کریمہ امۃ الجبار فاطمہ حضرت غوث اعظم
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آخری بیٹی تھیں، رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

Marfat.com

خاتمة

أقول: ختمت هذه الترجمة وألحقتها
ببعض مناقبه الشريفة من بهجة الأسرار
وغيرها حتى تممت سبعين تفاؤلا بسبعين
لأن لها من الحروف العين ولها معاني
البصر ونبع الماء والشمس وخيار الشيء و
الإبريز والماهية والحقيقة، فأسأل الله
تعالى بحرمة صاحب هذه المناقب أن
ينور بصيرتنا بكحل المشاهدة والشهود
ويجعل أرض قلوبنا ينابيع الفيض ليجري
على ساقية لساننا ماء الحكم وأسرار الوجود
ويتجلى على سرنا بشمس المعرفة والعرفان
ويجعلنا من خيار أهل الزمان، ويخلصنا من
غش الأوصاف الذميمة كالإبريز الخالص
تام العيار، ويلهمنا معرفة ماهيتنا و
حقيقتنا، فإن كل شيء عنده بمقدار، وبما
اختار موسى على نبينا وعليه الصلوة والسلام
سبعين رجلا من قومه لميقات التوبة لعل
الله بحرمة هذه المناقب السبعين أن
يتقبل توبتنا ويعفو عن زلتنا وخطيئتنا، و

(اس رسالہ تفریح الخاطر کے فارسی سے عربی میں ترجمہ
کرنیوالے فرماتے ہیں) میں نے یہ ترجمہ (یعنی فارسی سے عربی میں)
ختم کیا۔ اور میں نے اسمیں بعض مناقب بہجۃ الاسرار اور کچھ دوسری
کتب سے ملاکر سبعین یعنی ۷۰ مناقب لکھدی ہیں اور لفظ سبعین
کے ساتھ تفاؤل پکڑتا ہوں کیونکہ اسکے حروف میں سے عین
بھی ہے۔ جس کے معنی بصر اور پانی کا پھوٹنا، سورج، بہترین
شئ، خالص چاندی، ماہیت و حقیقت۔ تو میں اللہ تعالیٰ
سے اس مناقب والے کے صدقے سوال کرتا ہوں کہ وہ ہماری
بصیرت کو شہود و مشاہدہ کے سرمہ سے منور فرمائے اور ہمارے
قلوب کی زمین میں فیض کے چشمے جاری کرے تاکہ ہماری زبانوں
پر ماء حکم اور اسرار وجود جاری ہو کر ہمارے اسرار پر شمس
معرفت و عرفان کے ساتھ متجلی ہو۔ اور ہمیں اہل زماں کا امام
بنائے اور ہمیں اوصاف ذمیمہ کے کھوٹ سے خالص چاندی
کیطرح نکھار دے جیسے چاندی خوب صاف کی ہوتی ہے اور
ہمیں حقیقت و ماہیت کی معرفت الہام فرمائے۔ کیونکہ اسکے
پاس ہر شئ اندازے کے ساتھ ہے۔ اور موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام
نے بھی اپنی قوم میں سے میقات توبہ کے لئے ستر آدمیوں کو چنا
تو شاید اللہ تعالیٰ ان مناقب سبعین یعنی ۷۰ کے صدقے
ہماری توبہ قبول کرے اور ہمارے پھسلنے اور خطاؤں

يُصْلِحُ شَأْنَنَا، وَيَرْحَمُ شَيْبَتَنَا وَيَجْعَلُنَا مِنَ الْمَقْبُولِيْنَ لَدَيْهِ وَلَدَى الْغَوْثِ فِي الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ إِنَّهُ جَوَادٌ كَرِيْمٌ رَؤُفٌ رَحِيْمٌ، اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِهٖ وَبِبَرَكَاتِ عُلُوْمِهٖ، وَاجْعَلْنَا مُنْسَلِكِيْنَ فِي سِلْكِ السِّلْسِلَةِ الْعَلِيَّةِ الْقَادِرِيَّةِ وَأَحْيِنَا فِي مَحَبَّةِ الْحَضْرَةِ الْقَادِرِيَّةِ، وَأَمِتْنَا عَلٰى مَحَبَّتِهٖ، وَابْعَثْنَا فِي الْحَشْرِ مَعَ مُرِيْدِيْهِ الْمُحِبِّيْنَ الْمُخْلِصِيْنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ، سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ، وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِيْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ، اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ يَا مُعِيْنُ وَيَا مُجِيْبَ السَّائِلِيْنَ

کو معاف فرمائے اور ہمارے حال کی اصلاح کرے اور ہمارے بڑھاپے پر رحم فرمائے اور ہمیں اپنے اور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس دین و دنیا میں مقبول بنائے۔ بیشک اللہ تعالیٰ سخی کرم والا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ اے اللہ تعالیٰ ہمیں اسکے اور اسکی برکات اور اسکے علوم کی برکات کیساتھ نفع عطا فرما اور ہمیں طریقہ علیہ قادریہ کا سالک بنا اور ہمیں مشائخ قادریہ کی محبت پر زندہ رکھ اور ان کی محبت پر ہمارا خاتمہ ہو اور ہمیں روز حشر غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے محبین و مخلصین مریدوں کے زمرہ میں اٹھا جن پر نہ کوئی خوف ہوگا نہ وہ غمگین ہونگے ۔ پاک ہے آپکا پروردگار عزت والا ان اوصاف سے جو مشرک بیان کرتے ہیں اور سلام ہے مرسلین پر، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ اور درود یعنی رحمت کاملہ نازل ہو ہمارے آقا و مولیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپکی آل پر اور سب کے سب صحابہ کرام پر، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ اے اللہ ہماری اس دعا کو قبول فرما اور اے سائلوں کے سوال کو قبول کرنے والے؛

(نوٹ) بحمد اللہ تفریح الخاطر کا عربی سے اردو میں ترجمہ ۲۳ رمضان المبارک ۱۳۸۸ھ کو ختم ہوا۔

المترجم

فقیر ابو المنصور محمد صادق قادری رضوی غفرلہ

Marfat.com

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	مختصر حالات حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ۔	۲
۲	تفریح الخاطر فی مناقب شیخ عبد القادر۔	۱۰
۳	پہلی منقبت آپ کی گردن پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قدم رکھنے کے بیان میں۔	۱۷
۴	دوسری منقبت آپ کی ولادت کے بیان میں۔	۲۹
۵	تیسری منقبت مشائخ کی شہادت کے بیان میں کہ آپ کا مرتبہ تمام اولیاء سے بلند ہے۔	۳۱
۶	چوتھی منقبت اس بیان میں کہ پہلے جو بھی آپ کا نام بغیر طہارت کے لیتا تھا ہلاک ہو جاتا تھا۔ پھر آپ نے معاف فرما دیا۔	۳۳
۷	۵۔ پانچویں منقبت ایک مسلمان اور ایک عیسائی کے جھگڑے پر مُردہ کو زندہ کرنا۔	۳۶
۸	۶۔ چھٹی منقبت آپ کا نام اسم اعظم کے برابر ہے۔	۳۷
۹	۷۔ ساتویں منقبت آپ کا ملک الموت سے ارواح چھڑوانا۔	۴۰
۱۰	۸۔ آٹھویں منقبت آپ کا لڑکی کو لڑکا بنانا۔	۴۱
۱۱	۹۔ نویں منقبت آپ کا مریدوں کو دنیا و آخرت کی آگ سے بچانا۔	۴۲
۱۲	۱۰۔ دسویں منقبت خواب میں آپ سے شاہ نقشبند علیہ الرحمۃ کا مستفیض ہونا۔	۴۴
۱۳	۱۱۔ گیارھویں منقبت آپ سے حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے مستفیض ہونے کے بیان میں	۴۶
۱۴	۱۲۔ بارھویں منقبت آپ کے ایک مردود کو مقبول بنانے کے بیان میں۔	۴۸
۱۵	۱۳۔ تیرھویں منقبت امام حسن عسکری کا ایک شخص کے پاس اپنی جائے نماز غوث پاک کی خدمت میں پہنچانے کے لئے رکھنا۔	۵۰
۱۶	۱۴۔ چودھویں منقبت آپ کا ہر روز غلام آزاد کر کے انہیں واصل باللہ کرنا۔	۵۰
۱۷	۱۵۔ پندرھویں منقبت آپ کا چور کو قطب بنانا۔	۵۱
۱۸	۱۶۔ سولھویں منقبت منکر نکیر کے سوال کے جواب میں ایک فاسق کا عبد القادر کہہ کر نجات پانا۔	۵۲

Marfat.com

۱۹	۱۷۔ سترھویں منقبت آپ کا عمدہ لباس پہن کر محتاجوں کو عطا کر دینا	۵۲
۲۰	۱۸۔ اٹھارہویں منقبت آپکی جڑاو جوتی کے بیان میں۔	۵۳
۲۱	۱۹۔ انیسویں منقبت آپ کے کھانے کے لئے آسمان سے طعام اترنا	۵۳
۲۲	۲۰۔ بیسویں منقبت حضرت خضر علیہ السلام نے غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی مدح کی	۵۴
۲۳	۲۱۔ اکیسویں منقبت بعد از وفات طالبین کو کھلے طور پر واصل باللہ کرنے کے بیان میں۔	۵۵
۲۴	۲۲۔ بائیسویں منقبت زیارت کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کرنے کے بیان میں	۵۶
۲۵	۲۳۔ تیئیسویں منقبت آپکو مچھلیوں کے سلام کرنے اور آپ کے ہاتھ پاؤں چومنے اور آپ کے پانی پر رجال الغیب کو نماز پڑھانے کے بیان میں۔	۵۷
۲۶	۲۴۔ چوبیسویں منقبت شیخ جنید بغدادی نے غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا قول قدمی ہذہ الخ کشف سے معلوم کر کے گردن جھکائی۔	۵۹
۲۷	۲۵۔ پچیسویں منقبت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء کا غوث پاک کی اولاد میں سے سید عمر سے خلافت قادریہ لینے اور سلسلہ قادریہ کے تمام سلاسل سے افضل ہونے کے بیان میں۔	۶۱
۲۸	۲۶۔ چھبیسویں منقبت آپکی شفاعت سے نصف امت کے نجات پانے کے بیان میں۔	۶۲
۲۹	۲۷۔ ستائیسویں منقبت آپکے کمال کو احمد فاروقی ترمذی سرہندی کے ظاہر کرنے کے بیان میں۔	۶۴
۳۰	۲۸۔ اٹھائیسویں منقبت حاتم بن احمد کا آپ کی تعریف کرنا۔	۶۶
۳۱	۲۹۔ انتیسویں منقبت حضرت شیخ احمد گنج بخش اور شیخ احمد گنج گیر کھنوی نے اپنے رسالوں میں خوارق غوثیہ کے بیان میں آپ کی مدح بیان کی۔	۶۷
۳۲	۳۰۔ تیسویں منقبت آپکے قدمی ہذہ الخ کہنے پر سوائے شیخ صنعان اصفہانی کے تمام اولیاء کا گردنیں جھکا دینا۔	۶۸
۳۳	۳۱۔ اکتیسویں منقبت ایک ابدال کا منصب سے معزول ہو جانے کے بعد آپ کے آستانہ کی چوکھٹ کی خاک مبارک سے ماتھا خاک آلودہ کرنے سے قصور معاف ہو گیا۔	۷۵
۳۴	۳۲۔ بتیسویں منقبت آپ کا مرید ہونے کی بنا پر جنوں کے بادشاہ نے اپنے بیٹے کے قاتل کو معاف کر دیا۔	۷۶
۳۵	۳۳۔ تینتیسویں منقبت لوگوں کا آپکے مدرسہ کا گھاس کھانے اور پانی پینے سے طاعون کی بیماری سے نجات حاصل کرنا	۷۸
۳۶	۳۴۔ چونتیسویں منقبت آپ کا یہ قول کہ یہ میرا وجود نہیں بلکہ میرے نانا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔	۷۹

Marfat.com

۳۷	۳۵۔ پینتیسویں منقبت آپکے علم عبادات اور اولاد کے بارے میں۔	۸۱
۳۸	۳۶۔ چھتیسویں منقبت آپکا ایک مریدنی کو فاسق کے پنجہ سے نجات دلانا۔	۸۳
۳۹	۳۷۔ سینتیسویں منقبت آپ کو ایک تاجر کے پکارنے سے اسکے مفقود اونٹ مع اسباب مل گئے۔	۸۴
۴۰	۳۸۔ اڑتیسویں منقبت آپکی سفارش سے ایک ولی کو چھنی ہوئی ولایت مل گئی۔	۸۵
۴۱	۳۹۔ انتالیسویں منقبت آپکا رمضان مبارک میں ایک ہی وقت ستر گھروں میں روزہ افطار کرنا۔	۸۶
۴۲	۴۰۔ چالیسویں منقبت آپکی تجویز سے ایک ولی کو رتبہ ملنے کے بیان میں۔	۸۷
۴۳	۴۱۔ اکتالیسویں منقبت آپکے امام احمد بن حنبل کے مذہب کو اختیار کرنے کے بیان میں۔	۸۸
۴۴	۴۲۔ بیالیسویں منقبت امام اعظم علیہ الرحمۃ سے آپکا مکالمہ۔	۸۹
۴۵	۴۳۔ تینتالیسویں منقبت شیخ احمد گنج بخش کا آپ کے تلامذہ میں سے ہونے اور اس پر اپنے مرشد سے اقرار کرلینے کے بیان میں۔	۹۰
۴۶	۴۴۔ چوالیسویں منقبت آپ کا ایک ہی نظر سے ایک بہت بڑی جماعت کو واصل باللہ کرنا۔	۹۳
۴۷	۴۵۔ پینتالیسویں منقبت آپ کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منبر پر ملاقات کرنا۔	۹۴
۴۸	۴۶۔ چھیالیسویں منقبت آپ کا ایک ایسی عورت کو اولاد عطا کرنا جس کے لئے لوح محفوظ پر اولاد مکتوب نہیں ہے۔	۹۴
۴۹	۴۷۔ سینتالیسویں منقبت خبیث جنول کا آپکی قید میں ہونا۔	۹۴
۵۰	۴۸۔ اڑتالیسویں منقبت آپکا اپنے ایک ایسے مرید کو منکر نکیر کے عذاب سے چھڑانا جو آپ کے نام کے علاوہ کچھ نہ جانتا تھا۔	۹۷
۵۱	۴۹۔ انچاسویں منقبت آپکے مریدوں کے مرتبہ کے بیان میں۔	۹۸
۵۲	۵۰۔ پچاسویں منقبت آپ کا اللہ تعالے سے ستر بار وعدہ لینا کہ تجھے تیرے مرتبہ سے نہ گرایگا۔	۱۰۱
۵۳	۵۱۔ اکیاونویں منقبت آپ کے ایسے کلمات جو بظاہر خلاف شرع ہیں۔	۱۰۲
۵۴	۵۲۔ باونویں منقبت آپ کے وہ کلمات جو لوگوں کے سامنے منبر پر فرماتے تھے۔	۱۰۸
۵۵	۵۳۔ ترپنویں منقبت شیخ حماد دباس کا حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی تعریف کرنا۔	۱۱۰
۵۶	۵۴۔ چونویں منقبت آپ کا مرغی کو زندہ کرنا۔	۱۱۱

Marfat.com

۵۷	۵۵۔ پچپنویں منقبت آپ کے چالیس گھوڑے خریدنے اور ایک بیمار کے لئے ہر روز ایک گھوڑا دینے کے بیان میں۔	۱۱۳
۵۸	۵۶۔ چھپنویں منقبت آپ کے اصطبل کے ایک کتے کا شیر پر حملہ آور ہونا۔	۱۱۴
۵۹	۵۷۔ ستاونویں منقبت آپکا اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز پر غالب اور قادر ہونا۔	۱۱۵
۶۰	۵۸۔ اٹھاونویں منقبت بغداد کے فقہاء سے سو فقیہوں کا اس نیت سے آنا کہ ہر ایک الگ الگ مسئلہ پوچھ کر آپ کو شکست دے کر خاموش کردیں۔ اور آپ کا انکو جواب دینا	۱۱۶
۶۱	۵۹۔ انسٹھویں منقبت آپکے لباس اور سواری کے بیان میں۔	۱۱۷
۶۲	۶۰۔ ساٹھویں منقبت آپکے اخلاق میں۔	۱۱۸
۶۳	۶۱۔ اکسٹھویں منقبت آپ کی ہیئت اور شکل کے بیان میں۔	۱۱۹
۶۴	۶۲۔ باسٹھویں منقبت آپکو اللہ تعالیٰ کا ایک کتاب دینا جس میں آپ کے تمام دوستوں اور مریدوں کے نام تھے۔	۱۱۹
۶۵	۶۳۔ ترسٹھویں منقبت آپکی دو انگلیوں کے چوسنے سے بھوک و پیاس کے جاتے رہنا	۱۲۰
۶۶	۶۴۔ چونسٹھویں منقبت سید احمد رفاعی کا بغداد کے جانے والوں کو غوث پاک کی زیارت کی وصیت فرمانا	۱۲۱
۶۷	۶۵۔ پینسٹھویں منقبت آپکے نسب کے بیان میں۔	۱۲۲
۶۸	۶۶۔ چھیاسٹھویں منقبت آپکے ناموں میں۔	۱۲۲
۶۹	۶۷۔ سڑسٹھویں منقبت آپکی وصیتوں کے بیان میں۔	۱۲۳
۷۰	۶۸۔ اڑسٹھویں منقبت نماز حاجت اور آپ سے مدد مانگنے کے بیان میں۔	۱۲۴
۷۱	۶۹۔ انہترویں منقبت آپ کی وفات کے بیان میں۔	۱۲۸
۷۲	۷۰۔ سترویں منقبت آپکی اولاد کے بیان میں۔	۱۳۲
۷۳	حسن خاتمہ۔	۱۳۵

قدمی هذه علی رقبة کل ولی الله

تفریح الخاطر

فی مناقب

شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

یعنی مناقب غوثیہ

مترجم معہ اصلی عربی متن

مصنفہ

الشیخ عبدالقادر ابن محی الدین الاربلی القادری بغدادی

رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب ترجمہ:- علامہ ابو المنصور محمد صادق صاحب قادری رضوی

الناشر:- سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائل پور

Marfat.com